★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 21 ذیقعد 1446ھ، 19 مئی 2025ء 6 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 190

سندھ میں بڑی بیٹھک صنعتکاروں نے کیپٹو پاور پلانٹس پر ٹیرف بڑھانے کی تجویز مسترد کر دی

ڈسکوز کی بجلی غیر مستحکم ہے، مکمل انحصار نہیں کر سکتے، صنعت کاروں کے تحفظات، صنعت کاروں کی تجاویز اور تحفظات پر حتمی فیصلہ وزیراعظم کریں گے، اجلاس میں اتفاق

صنعتوں کی گرڈ پر منتقلی کے بعد کیپٹو پاور پلانٹس کی گیس سندھ میں ہی استعمال ہوگی، مراد علی، ملکی معیشت میں اضافہ ہو رہا، وزیر خزانہ، ہم سسٹم مزید بہتر کر رہے، وزیر توانائی

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایک فورم کی میزبانی کی جس کا مقصد وفاقی وزرا اور صنعتکاروں کی قیادت کو ایک جگہ جمع کر کے اس بات پر تبادلہ خیال کرنا تھا کہ کس طرح کیپٹو پاور پلانٹس سے ڈسکوز کی طرف منتقلی کی جائے جو کہ کابینہ کے فیصلے کے مطابق لازمی قرار دی گئی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صنعتکاروں کی جانب سے پیش کی گئی تمام تجاویز اور تحفظات وزیر اعظم کو حتمی فیصلے (بقیہ نمبر 68 صفحہ اندرون پر)

راولپنڈی، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے

دشمن کی غلامی کسی غیرت مند پاکستانی کو قبول نہیں، صدر آصف زرداری

بھارت کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اصل جوانوں سے مقابلہ کیسا ہوتا ہے، افسران اور جوانوں سے خطاب

گوجرانوالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ دشمن کی غلامی کسی غیرت مند پاکستانی کو قبول نہیں، بھارت کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اصل جوانوں سے مقابلہ کیسا ہوتا ہے۔ صدر مملکت نے گوجرانوالہ کنٹونمنٹ میں پاک فوج کے افسران اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرا اسلام اور مبارک باد آپ سب جوانوں تک پہنچے، شہید سرخرو ہیں، یہ دھرتی ہے تو ہم سب ہیں، یہ دھرتی نہیں (بقیہ نمبر 42 صفحہ اندرون پر)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا سردار رمیش سنگھ اور مصباح کھر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ترجمان پاک فوج بھارت پاکستان میں دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے

پاک بھارت تناؤ کو سمجھنے کیلئے اس کے پس منظر میں جانا ضروری ہے، بھارت حقیقت چھپانے کے لیے جھوٹے بیانیے کے پیچھے چھپ رہا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

بھارتی وزارتِ دفاع کے ترجمان نے خود آ کر جنگ بندی کی درخواست کی، ہم نے کہا کہ کیوں نہیں؟ ہم امن اور استحکام کے خواہاں ہیں، انٹرویو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا ہے کہ پاک بھارت تناؤ کو سمجھنے کیلئے اس کے پس منظر میں جانا ضروری ہے، بھارت اس خطے بالخصوص پاکستان میں دہشت گردی کی سرپرستی کر رہا ہے، بھارت حقیقت چھپانے کے لیے جھوٹے بیانیے کے پیچھے چھپ رہا ہے، بھارتی وزارتِ دفاع کے ترجمان نے خود آ کر جنگ بندی کی درخواست کی، ہم نے کہا کہ کیوں نہیں؟ ہم (بقیہ نمبر 69 صفحہ اندرون پر)

بجٹ ساڑھے 17 ہزار سے 18 ہزار ارب رہنے کا

ایف بی آر آئندہ مالی سال کے دوران 14 ہزار 307 ارب کے محاصل جمع کریگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ مالی سال کیلئے وفاقی بجٹ ساڑھے 17 ہزار ارب روپے سے 18 ہزار ارب روپے تک رہنے کا تخمینہ لگایا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر آئندہ مالی سال کے دوران 14 ہزار 307 ارب روپے کے محاصل جمع کرے گا، 6 ہزار (بقیہ نمبر 65 صفحہ اندرون پر)

پاک بھارت مذاکرات میں مسئلہ کشمیر سرفہرست ہوگا، رانا تنویر

پاکستان جنگ بندی پر قائم ہے مگر اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاک بھارت مذاکرات میں مسئلہ کشمیر سرفہرست ہوگا (بقیہ نمبر 45 صفحہ اندرون پر)

لاہور: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق حلقہ این اے 120 میں ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے خطاب کر رہے

مریم نواز پاکستان ترکیہ کی بھارتی جارحیت پر سفارتی، اخلاقی اور اسٹریٹجک سطح پر غیر متزلزل یکجہتی پر سپاس گزار ہے

مریم نواز شریف سے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو کی ملاقات، بھارتی جارحیت پر پاکستان کی دوٹوک حمایت پر اظہار تشکر، ترکیہ کی غیر مشروط حمایت پاکستانی قوم ہمیشہ یاد رکھے گی

پنجاب کے پاس برآمدات کی بے مثال صلاحیت، سرمایہ کار دوست انفرا اسٹرکچر اور دیگر بہترین مواقع موجود ہیں، ترکی اور پاکستان کی مذہبی و ثقافتی ہم آہنگی نمایاں ہے

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ترکیہ کے سفیر نذیر اوغلو کا پرخلوص و پرتپاک خیر مقدم کیا۔ بھارتی جارحیت پر ترکیہ کی پاکستان کی دوٹوک حمایت پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اظہار تشکر کیا۔ پاکستان اور ترکی کے درمیان دوطرفہ تعلقات، تجارتی تعاون، علاقائی امن اور ثقافتی روابط پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کی بھارتی جارحیت پر سفارتی، اخلاقی اور اسٹریٹجک سطح پر غیر متزلزل یکجہتی پر (بقیہ نمبر 46 صفحہ اندرون پر)

لاہور: وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو ملاقات کر رہے ہیں

جعلی، غیر معیاری ادویات کے انسداد کیلئے (آج) سے ملک بھر میں کریک ڈاؤن کا آغاز ہوگا

لاہور (خبر نگار) وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزارت صحت جعلی اور غیر معیاری ادویات کے انسداد کیلئے آج (پیر) سے ملک بھر میں کریک ڈاؤن کا آغاز (بقیہ نمبر 44 صفحہ اندرون پر)

گوجرانوالہ: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مرکزِ مصطفیٰ کے پیٹرن ان چیف مولانا رضا ثاقب مصطفائی کے ساتھ ملاقات

عرب لیگ سمٹ اعلامیہ، فلسطینیوں سے مکمل یکجہتی، قابض اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت

بغداد (نیٹ نیوز) عرب لیگ نے عراق کے دارالحکومت بغداد میں منعقدہ 34 ویں عرب سربراہ کانفرنس کے اختتام پر جاری کردہ مشترکہ اعلامیے میں فلسطین کو ایک (بقیہ نمبر 62 صفحہ اندرون پر)

آپریشن سندور پر صرف اسرائیل نے بھارت کی حمایت کی، خواجہ آصف

یہ میں نہیں کہہ رہا، یہ پراوین ساہنی کہہ رہے ہیں جو بھارتی میڈیا کی مستند آواز ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان نے جن طالبان کے لیے امریکا اور مغربی ممالک کے الزامات برداشت کیے، دہشتگرد ملک کے طور مشہور ہوئے، آج وہی کابل والے طالبان اسرائیل سمیت ہندوستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ خواجہ آ (بقیہ نمبر 63 صفحہ اندرون پر)

خیبر پختونخواہ کا سولر پینل منصوبہ کمیشن مافیا کی نذر ہو گیا، عظمیٰ بخاری

خیبر پختونخواہ حکومت کو دیئے گئے فنڈز کے آڈٹ تک وفاق مزید ایک دھیلہ نہ دے

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کا سولر پینل منصوبہ کرپشن اور کمیشن مافیا کی نذر ہو گیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ آٹھ ماہ قبل علی امین گنڈاپور نے اس منصوبے کا اعلان کیا تھا تاہم منصوبے کے پی سی ون کی منظوری سے قبل ہی ٹینڈر جاری کر دیئے گئے۔ عظمیٰ بخاری نے دعویٰ کیا کہ خیبر پختونخواہ حکومت کا یہ منصوبہ مبینہ طور پر دو ارب روپے کی کمیشن کی نذر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں کوئی بھی عوامی مفاد کا منصوبہ مکمل نہیں ہوتا اور اگر کوئی منصوبہ بن بھی جائے تو وہ حصے وصول کرنے والوں کی لڑائی کی نذر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ حکومت کی تمام کارکردگی صرف بیانات اور بڑھکوں تک محدود ہے، خیبر پختونخواہ کے عوام کا پیسہ صرف احتجاجی تحریکوں پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ”تبدیلی“ اور ”سونامی“ جیسے شگوفوں نے پختونوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ علی امین گنڈاپور پر تنقید کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان کے کریڈٹ پر صرف وفاق اور پنجاب پر تین ناکام حملے ہیں

70 کروڑ ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری متوقع

حالیہ کشیدگی کے دوران پاکستان ٹیکنالوجی کے حوالے سے دنیا کے سامنے ابھرا، شزا فاطمہ

معاشی بہتری کے حوالے سے حکومت کے کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ حالیہ کشیدگی کے دوران پاکستان ٹیکنالوجی کے حوالے سے دنیا کے سامنے ابھرا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ وفاقی وزیر نے (بقیہ نمبر 73 صفحہ اندرون پر)

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ معرکہ حق میں تاریخی فتح پر قومی ہیروز عسکری اور سیاسی قیادت کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منعقد کی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

پاکستان کو جو فتح ملی اسکے بعد بھارت نے کشمیریوں پر مظالم بڑھا دیئے، مشعال ملک

وقت آ گیا ہے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلانے کے لیے سب کشمیریوں کی آواز بنیں

مودی سرکار کشمیریوں کے بزنس تباہ کر رہی، کشمیریوں کو یونیورسٹیوں سے نکالا جا رہا

کشمیریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے اور یہ حملہ کشمیریوں پر نہیں پوری انسانیت پر حملہ ہے

کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلانے کے لیے سب کشمیریوں کی آواز بنیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ جو فتح پاکستان کو ملی اس کے نتیجے میں ہندوستان نے کشمیریوں پر مظالم بڑھا دیئے۔ کشمیر کی موجودہ صورتحال پر ویڈیو بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ پاکستان سے (بقیہ نمبر 71 صفحہ اندرون پر)

غزہ پٹی میں انسانی صورتحال بڑے صدمے کا باعث ہے، یورپی کونسل

صورتحال صدمہ پہنچا رہی، ہسپتالوں پر دوبارہ بمباری ہو رہی، تشدد بند ہونا چاہیے، کوسٹا

غزہ (نیٹ نیوز) یورپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا نے ہفتہ کو غزہ کی پٹی میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں توسیع کے اعلان کے ساتھ ہی وہاں کی صورتحال پر صدمہ کا اظہار کرتے ہوئے تشدد بند کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کوسٹا نے پلیٹ فارم ایکس (بقیہ نمبر 47 صفحہ اندرون پر)

بھارتی میڈیا پاک بھارت کشیدگی کے دوران ریاستی پروپیگنڈا مشین بن گیا، بھارتی صحافی کا اعتراف

نئی دہلی (نیٹ نیوز) ایک بھارتی صحافی نے تسلیم کیا ہے کہ حالیہ پاک۔بھارت کشیدگی کے دوران پاکستانی طیارے مار گرانے کی خبر جھوٹ پر مبنی تھی جبکہ بھارتی حکومت نے سچ بولنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی صحافی راج دیپ سرڈیسائی نے اعتراف کیا کہ پاکستان کے بارے میں یہ خبر غلط تھی اور حکومت نے (بقیہ نمبر 48 صفحہ اندرون پر)

آپریشن بنیان مرصوص پاک فوج کی بڑی کامیابی، نیویارک ٹائمز

بھارت کو منہ توڑ جواب کے بعد جنرل عاصم منیر قومی نجات دہندہ کے طور پر ابھرے

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی اخبار کے مضمون میں آپریشن بنیان مرصوص کو پاک فوج کی بڑی کامیابی قرار دیا گیا ہے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مضمون میں آپریشن بنیان مرصوص کو پاک فوج کی بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ بنیان مرصوص میں کامیابی (بقیہ نمبر 49 صفحہ اندرون پر)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) دوپہر دو بجے شروع ہوگا

لاہور (ایریا رپورٹر) پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج (پیر) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 61 صفحہ اندرون پر)

لاہور ہائیکورٹ کا ترمیمی روسٹر (آج) سے 5 جولائی تک نافذ العمل رہے گا

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی منظوری سے جاری ترمیمی روسٹر آج (پیر) 19 مئی سے 5 جولائی تک نافذ العمل رہے گا۔ پرنسپل سیٹ (بقیہ نمبر 59 صفحہ اندرون پر)

دفتر خارجہ میں اہم تقرریوں کے لیے افسروں کے انٹرویو مکمل

سلیکشن کمیٹی میں سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری قانون و دیگر سینئر افسران شامل تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ میں اہم تقرریوں کے لیے اعلیٰ سطح کی مشاورت مکمل کر لی گئی۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، اجلاس میں قانونی شعبے میں اہم عہدوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کیے گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت سلیکشن کمیٹی (بقیہ نمبر 60 صفحہ اندرون پر)

لاہور: دبئی پولیس چیف لیفٹیننٹ جنرل عبداللہ خلیفہ عبدالمری انسپکٹر خالد دریاہ کو اعلیٰ کارکردگی پر خصوصی ایوارڈ دے رہے ہیں

بھارتی سرحد سے بھارتی نسل کا کوبرا پاکستان میں داخل، دیہاتیوں نے ہلاک کر دیا

نارووال (بیورو رپورٹ) سرحدی علاقے میں بھارتی نسل کا خطرناک کوبرا سانپ داخل ہو گیا جسے مقامی دیہاتیوں (بقیہ نمبر 50 صفحہ اندرون پر)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کل چین کے دورے پر روانہ ہوں گے

غزہ، جنگ بندی کے لیے مذاکرات کا قطر میں دوبارہ آغاز

غزہ (نیٹ نیوز) غزہ میں اسرائیلی جنگ رکوانے کے لیے ثالثی میں کردار ادا کرنے والے ملک قطر میں ایک بار پھر جنگ بندی کی کوشش شروع کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 58 صفحہ اندرون پر)

حیدرآباد گورنر سندھ کامران ٹیسوری سی ایم ایچ میں آپریشن بنیان مرصوص کے دوران زخمی ہونے والے جوانوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

جعلی ویڈیوز، جھوٹے نقشے: بھارتی میڈیا نے سچ کا گلا گھونٹ دیا

جھوٹی خبروں کا یہ سیلاب بھارت کی بین الاقوامی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا

نیویارک (نیٹ نیوز) نامور امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے ایک تفصیلی رپورٹ میں بھارتی میڈیا کے جھوٹے پروپیگنڈے کو بے نقاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران بھارتی میڈیا نے جان بوجھ کر جعلی خبریں پھیلائیں اور مصنوعی ذہانت کے (بقیہ نمبر 52 صفحہ اندرون پر)

سپین کا غزہ میں انسانی محاصرے کے خاتمے کے لیے اقوام متحدہ میں قرارداد پیش کرنیکا اعلان

میڈرڈ (نیٹ نیوز) ہسپانوی وزیر اعظم پیڈرو سانچیز نے اعلان کیا ہے کہ ان کا ملک غزہ پر عائد اسرائیلی محاصرے (بقیہ نمبر 51 صفحہ اندرون پر)

عالمی مالیاتی فنڈ نے پاکستان کی کنٹری رپورٹ جاری کر دی

رواں مالی سال معاشی شرح نمو 2.6 فیصد تک رہنے کا امکان

87 ارب روپے پی ایس ڈی پی کیلئے مختص رقم میں سے روک لئے جائیں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کی معیشت سے متعلق کنٹری رپورٹ جاری کر دی، جس میں کہا گیا ہے کہ رواں مالی سال معاشی شرح نمو 2.6 فیصد جبکہ اگلے مالی سال معاشی شرح نمو 3.6 فیصد تک جانے کا امکان ہے۔ آئی (بقیہ نمبر 66 صفحہ اندرون پر)

ملک کے بیشتر حصوں میں شدید گرمی برقرار، لاہور میں 42 ڈگری کی توقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کے بیشتر حصوں میں شدید گرمی کی لہر برقرار ہے، جس کے باعث ہیٹ ویو کی صورتِ حال جاری ہے۔ 42 جبکہ اسلام آباد اور پشاور (بقیہ نمبر 56 صفحہ اندرون پر)

معرکہ حق، ایک سنسنی خیز اور حقائق پر مبنی دستاویزی فلم جاری

27 منٹ 51 سیکنڈ پر مشتمل جامع اور معلوماتی دستاویزی فلم ہے جو مستند حقائق پر مبنی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) معرکہ حق کے حوالے سے 27 منٹ 51 سیکنڈ دورانیے کی ایک سنسنی خیز اور حقائق پر مبنی دستاویزی فلم جاری کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ”معرکہ حق“ 27 منٹ 51 سیکنڈ پر مشتمل جامع اور معلوماتی دستاویزی فلم ہے جو مستند حقائق پر مبنی (بقیہ نمبر 57 صفحہ اندرون پر)

پاکستان نے سفارتی سطح پر بھی دشمن کو ناکامی سے دوچار کیا، عطا تارڑ

سپہ سالار نے جس بہادری سے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے دنیا کی ملٹری اکیڈمیوں میں اسکی تربیت دی جائیگی

ہم نے دنیا کو بتایا ہم پہلگام کی تحقیقات کیلئے تیار تھے مگر بدنیت دشمن تحقیقات سے بھاگ گیا، وفاقی وزیر اطلاعات

لاہور (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ الحمدللہ ہماری بہادر افواج نے، ہمارے سپہ سالار جنرل عاصم منیر نے جس بہادری اور دلیری سے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے ہیں دنیا کی ملٹری اکیڈمیوں میں اس کی تربیت دی جائے گی، وزیر اعظم شہباز شریف ہمت اور حوصلے کے ساتھ قوم کے دفاع کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہے، قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلوں کے بعد (بقیہ نمبر 70 صفحہ اندرون پر)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وفاقی وزراء سینیٹر اورنگزیب، پیٹرولیم علی پرویز ملک، پاور اویس لغاری، رانا ثنا اللہ ملاقات کرتے ہوئے

خطے میں جنگ اور فساد کی جڑ صیہونی حکومت ہے، خامنہ ای

ٹرمپ کے ریمارکس اتنے بے وقعت ہیں کہ ان کا جواب دینا بھی مناسب نہیں

امریکا اپنی طاقت کا استعمال کرتا ہے تاکہ صیہونی حکومت کو 10 ٹن وزنی بم دیے جا سکیں

تہران (نیٹ نیوز) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کا خطے میں امن کی بات کرنے والا بیان جھوٹ پر مبنی ہے، امریکی صدر نے اپنے خلیجی دورے کے دوران کہا تھا کہ وہ خطے میں امن چاہتے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق (بقیہ نمبر 53 صفحہ اندرون پر)

ڈچ پولیس کی مدد سے پاکستان میں سائبر کرائم نیٹ ورک بے نقاب

کروڑوں ڈالر مالیت کے ڈیجیٹل فراڈ اور سائبر جرائم میں ملوث 21 ملزمان گرفتار

لاہور / ملتان (کرائم ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے امریکی فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن اور ڈچ پولیس کے تعاون سے لاہور اور ملتان میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ایک بین الاقوامی سائبر کرائم گروہ کو بے نقاب کر دیا، کارروائی کے دوران 21 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جو کروڑوں ڈالر مالیت کے ڈیجیٹل فراڈ اور سائبر جرائم میں ملوث تھے (بقیہ نمبر 54 صفحہ اندرون پر)

فتح میزائلوں نے دشمن پر ہیبت طاری کی اور نام نہاد طاقت پاش پاش ہو گئی، محسن نقوی

دشمن اب کوئی بھی مس ایڈونچر سے قبل سو بار سوچے گا، وزیر داخلہ کی مولانا رضا ثاقب مصطفائی سے ملاقات میں گفتگو

فتح میزائلوں نے دشمن پر ہیبت طاری کر دی اور نام نہاد طاقت پاش پاش ہو گئی، پوری قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

گجرانوالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ فتح میزائلوں نے دشمن پر ہیبت طاری کر دی اور نام نہاد طاقت پاش پاش ہو گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے گجرانوالہ میں مرکز مصطفےٰ کا دورہ کیا اور مختلف سیکشن دیکھے۔ محسن نقوی کی مرکز مصطفےٰ کے سرپرست اعلیٰ مولانا محمد رضا ثاقب مصطفائی سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے دین اسلام کی خدمت میں مرکز مصطفےٰ کے مثالی کردار کو سراہا اور طلباء (بقیہ نمبر 55 صفحہ اندرون پر)

تحریک تحفظ ختم نبوت و مخدومہ کائنات پاکستان کے زیر اہتمام زیر صدارت پیر سید دلیر بادشاہ بخاری، پیر حبیب عرفانی، میاں جلیل شرقپوری پیر احسان دانش، پیر حسنین محبوب گیلانی، پیر علی رضا، بابا شفیق بٹ مجاہد علامہ حسن رضا، اور علامہ اصغر عارف چشتی اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

چین کا اقتصادی نظم و نسق اور سائنسی کامیابیاں قابل تقلید ہیں، ماہر

عمان (شنہوا) اردن کی اقتصادی اور سماجی کونسل کے صدر موسیٰ شطیوی نے کہا ہے کہ سائنسی تحقیق سمیت مختلف شعبوں میں چین کا تجربہ انتہائی قابل قدر اور سیکھنے کا لائق ہے۔ شطیوی نے شنہوا کو بتایا کہ چینی ماڈل جامع منصوبہ بندی، مرکزی ریاستی کردار، نظم و نسق میں اہم کوششیں، شفافیت اور مساوات کے لیے عزم اور لوگوں کی فلاح و بہبود اور ثقافتی تنوع پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ شطیوی نے گزشتہ سال کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے کی دعوت پر چین کا دورہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ چین کی کامیابیوں نے بہت سے لوگوں کو اس بات پر غور کرنے کے لئے مجبور کیا ہے کہ اپنے ترقیاتی اہداف کو کیسے حاصل کیا جائے اور چین کے تجربے سے سبق کیسے حاصل کیا جائے۔ شطیوی نے کہا کہ عالمی جنوب کے ارکان کی حیثیت سے عرب ممالک پائیدار ترقی اور سماجی خوشحالی کی تلاش میں ہیں اور چین کا راستہ قیمتی بصیرت پیش کرتا ہے جسے اپناتے ہوئے اس پر عمل کیا جاسکتا ہے۔ چین کی معیشت میں ریاست کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے اردن کے عہدیدار نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کے لیے اقتصادی منصوبہ بندی اور اسٹریٹجک انتظام میں فعال ریاستی کردار کے بغیر ترقیاتی اہداف حاصل کرنا مشکل ہے۔

بھارت کے شہر حیدر آباد میں خوفناک آتشزدگی، 17 افراد ہلاک

نئی دہلی (شنہوا) بھارت کے جنوبی شہر حیدر آباد میں ایک عمارت میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں کم از کم 17 افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہو گئے۔ آگ شہر کے مشہور چار مینار علاقے کے قریب گلزار ہاؤس میں ایک رہائشی عمارت کے اندر اتوار کی صبح لگی۔ مقامی حکومتی وزیر پونم پربھا کرنے میڈیا کو بتایا کہ آگ صبح تقریباً 6 بجے لگی اور 6 بجکر 16 منٹ پر آگ بجھانے والا عملہ موقع پر موجود تھا۔ انہوں نے اندر پھنسے لوگوں کو بچانے کی کوشش کی لیکن آگ نے پوری عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ حکام نے بتایا کہ زیادہ تر ہلاک ہونے والے سو رہے تھے اور آگ بجھانے کی کوششیں جاری ہیں۔ پولیس کی جانب سے کی جانے والی ابتدائی تحقیقات کے مطابق آگ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگی ہوگی۔ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے آتشزدگی کے واقعے میں جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور متاثرین کے لیے مالی معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ بھارتی گھروں میں آگ لگنے کے امکانات عام طور پر زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ لوگ حفاظتی معیارات کو نظر انداز کرتے ہیں اور آتش گیر مواد کو بے ترتیبی سے ذخیرہ کرتے ہیں۔

چیئرمین نیشنل پریس کلب اور اراکین کی جانب سے محترمہ آصفہ مریم کو ادبی تنظیم ''اثاثہ'' کی صدر منتخب ہونے پر دلی مبارک باد

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:۔ نیشنل پریس کلب کے تمام اراکین کی جانب سے ادبی تنظیم ××اثاثہ×× کی نئی صدر محترمہ آصفہ مریم کو ان کے منصب پر بلامقابلہ کامیابی حاصل کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی جاتی ہے۔ یہ انتخاب نہ صرف ان کی علمی، ادبی اور تنظیمی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ خواتین کی قیادت کو فروغ دینے کی جانب ایک خوش آئند قدم بھی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ محترمہ آصفہ مریم اپنی بصیرت اور فکری قیادت کے ذریعے ادبی تنظیم ××اثاثہ×× کو نئی بلندیوں تک پہنچائیں گی اور ادب و ثقافت کی ترویج میں اہم کردار ادا کریں گی۔ نیشنل پریس کلب کے اراکین ان کے ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ وہ اپنے نئے عہدے پر کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں۔

صدر موٹر مارکیٹ حاجی قمر زمان کا ایف ڈی اے انسپکٹر ثناء اللہ کو عمرہ پر بھیجنے کا اعلان

ثناء اللہ جیسے دیانت دار اور فرض شناس افراد کسی بھی ادارے کے لیے سرمایہ افتخار ہوتے ہیں

فیصل آباد (افشاں بتول) براعظم ایشیا کی سب سے بڑی موٹر مارکیٹ، جو جھنگ روڈ فیصل آباد میں واقع ہے، وہاں سے ایک خوش آئند خبر سامنے آئی ہے۔ موٹر مارکیٹ کے صدر جناب حاجی قمر زمان نے ایف ڈی اے کے فرض شناس انسپکٹر ثناء اللہ کو ان کی مثالی ایمانداری اور بہترین کارکردگی پر عید الاضحیٰ کے فوراً بعد عمرہ کی سعادت کے لیے روانہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حاجی قمر زمان نے اس موقع پر کہا کہ ثناء اللہ جیسے دیانت دار اور فرض شناس افراد کسی بھی ادارے کے لیے سرمایہ افتخار ہوتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی نہ صرف ان کے جذبے کو جلا بخشتی ہے بلکہ یہ پورے معاشرے کے لیے نیکی، دیانت داری اور خدمت کا پیغام بھی ہے۔ انسپکٹر ثناء اللہ کی محنت، سچائی اور پیشہ ورانہ لگن قابل تحسین ہے۔ اس اعلان پر موٹر مارکیٹ کے تاجروں، ملازمین اور عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ سب نے صدر کے اس مثبت اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ حوصلہ افزائی آنے والے وقتوں میں دوسروں کے لیے بھی ایک مثال بنے گی۔ اس موقع پر ایف ڈی اے انسپکٹر ثناء اللہ نے بھی صدر موٹر مارکیٹ حاجی قمر زمان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حاجی قمر زمان کی طرف سے یہ اعزاز ان کے لیے ایک ناقابل فراموش لمحہ ہے، جس سے نہ صرف اُن کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے بلکہ ان کے اندر مزید لگن، دیانت داری اور خدمت خلق کا جذبہ بھی پیدا ہوا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ موٹر مارکیٹ کو ترقی دے اور صدر موٹر مارکیٹ کو اس نیکی کا بہترین صلہ عطا فرمائے۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام پر میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں، وزیر اطلاعات عظمی بخاری، معاون خصوصی ذیشان ملک اور ڈپٹی کمشنر موسی رضا بھی موجود ہیں

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام وزیر اعلی کا تاریخی اقدام ہے، وزیر بلدیات

ایل ڈی پی کے تحت لاہور کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا، پہلے مرحلے کے دوران چھ زونز میں کام شروع ہے، ذیشان رفیق

وزیر اعلی کی ہدایت پر پورے منصوبے کی ای ٹینڈرنگ کی گئی، ڈپٹی کمشنر، واسا کے دائرہ کار میں 50 فیصد اضافہ ہوا، ایم ڈی غفران احمد

میڈیا کو پریس بریفنگ، وزیر اطلاعات عظمی بخاری، معاونین خصوصی ذیشان ملک اور راشد اقبال کی بھی شرکت

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے وزیر اعلی مریم نواز کے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) پر ٹاؤن ہال میں میڈیا بریفنگ کے دوران بتایا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کے شہریوں کی سہولت کے لئے یہ وزیر اعلی کا ایک تاریخی اقدام ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات و ثقافت عظمی بخاری، وزیر اعلی کے معاونین خصوصی ذیشان ملک، راشد اقبال، ڈپٹی کمشنر سید موسی رضا، ایم ڈی واسا سید غفران احمد اور چیف آفیسر شاہد عباس کاٹھیہ بھی موجود تھے۔ ایل ڈی پی کے لئے قائم کی گئی سٹیئرنگ کمیٹی کے کنوینر وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلی نے لاہور کیلئے 137 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی منظوری دی ہے۔ پروگرام کا فوکس لاہور کے ماضی میں نظر انداز شدہ علاقے ہیں۔ پہلی بار دنیا کے دیگر بڑے شہروں کی طرز پر لاہور کی گلیوں کو پہلی بار خوشنما رنگوں والی ٹائلز سے بنایا جا رہا ہے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ مرحلہ وار سٹریٹ لائٹس کی تنصیب یقینی بنائی جا رہی ہے۔ پارکوں، سڑکوں، سیوریج سسٹم کی بحالی بھی اسی پروگرام کا حصہ ہے۔ وزیر بلدیات نے بتایا کہ برساتی پانی کے تمام ہاٹ سپاٹس پر نکاسی کی جامع سکیمیں جاری ہیں۔ امید ہے کہ موسم برسات سے پہلے انہیں مکمل کر لیا جائے گا۔ لاہور کے ہر شہری کو بنیادی خدمات کی فراہمی وزیر اعلی کا ویژن ہے۔ ایل ڈی پی کے تحت لاہور کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے کے دوران چھ زونز میں کام شروع ہے۔ اگلے مرحلے میں باقیماندہ 3 زونز میں بھی کام کیا جائے گا۔ وزیر بلدیات نے بتایا کہ ایم سی ایل اور واسا دونوں کو الگ الگ ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں اور دونوں ادارے متعلقہ محکموں کے تعاون کے ساتھ کام آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے ساتھ اسی پروگرام کو پورے پنجاب میں توسیع دی جا رہی ہے۔ تمام شہروں میں بنیادی میونسپل خدمات کا پروگرام بھی منظور ہو چکا ہے۔ پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے پر کام جاری ہے۔ دو تین سال کے اندر یہ میگا پراجیکٹ مکمل کر لیا جائے گا۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ شجرکاری بھی ایل ڈی پی کا جزو ہے اور اس پر بھی عملدرآمد کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور سید موسی رضا نے میڈیا کو بتایا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا مقصد تباہ حال گلیوں اور سوریج کی بحالی ہے۔ وزیر اعلی کی ہدایت پر واسا نے اپنے دائرہ کار میں توسیع کر کے نئی پائپ لائن بچھائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ واٹر سپلائی کی نئی سکیموں کے ساتھ سیوریج کو بھی بہتر کیا جا رہا ہے۔ موسی رضا نے بتایا کہ پہلی بار وزیر اعلی کی ہدایت پر پورے منصوبے کی ای ٹینڈرنگ کی گئی۔ تفصیلی سروے کے بعد فروری سے باضابطہ کام شروع کر دیا گیا۔ واسا لاہور اب تک 40 فیصد کام مکمل کر چکا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ پراجیکٹ مکمل ہونے کے بعد ایل اوسی کے بغیر کسی گلی میں کھدائی کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عیسپاک تمام پراجیکٹ میں مانیٹرنگ کا کام کر رہا ہے۔ ای بلنگ متعارف کرا کے تمام ادائیگی آن لائن طریقے سے کی جارہی ہے۔ پریس بریفنگ میں واسا لاہور کے ایم ڈی سید غفران احمد نے بتایا کہ پروگرام کے تحت واسا کے دائرہ کار میں 50 فیصد ایریا کا اضافہ ہوا ہے۔ تین ماہ کے دوران 350 کلومیٹر کا پائپ بچھایا جائے گا اور یہ ایک طرح سے نئی تاریخ رقم ہوگی۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ کوشش کی گئی ہے کہ کھدائی سے راستے مکمل بلاک نہ ہوں۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:50
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

معرکہ حق میں بھارت کی تاریخی شکست پر پوری قوم فخر سے سرشار ہے: چوہدری خضر امین

اللہ تعالیٰ ایمان وایقان کی لافانی قوت سے لیس افواج پاکستان کو ہر محاذ پر فتح یاب فرمائے

لاہور (صابر غوری سے) چوہدری خضر امین سینئر نائب صدر ہوٹل اینڈ ٹورازم نے کہا کہ پوری قوم فخر سے سرشار ہے۔ پوری پاکستانی قوم بزدل دشمن بھارت کیخلاف معرکہ حق میں پاک افواج کے قرآنی آیات کے نام سے مرسوم ''آپریشن بنیان مرصوص'' کی عدیم المثال تاریخ فتح پر یوم تشکر مناتے ہوئے پاک فوج کے سرگراہ، عزم و ہمت کے پیکر مسلم سپہ سالاروں کی عسکری روایات کے پاسدار، فخر پاکستان حافظ سید عاصم منیر کی بہترین دفاعی منصوبہ بندی کو زبردست خراج تحسین پیش کرتی ہے ہم پاکستان کی تاریخی فتح میں یادگار کردار ادا کرنے والے پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج کے سالاران، افسران، جوانان اور پائلٹس کی عظمت و ہمت کو بھی سلام پیش کرتے ہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایمان و ایقان کی لافانی قوت سے لیس افواج پاکستان کو ہر محاذ پر فتح یاب فرمائے اور پاکستان کے تمام دشمن ہمیشہ ناکام و نامراد ہوتے رہیں۔

بنیان مرصوص آپریشن نے ثابت کیا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے: عدنان محمود گجر

وزیر آباد (نامہ نگار) جنرل سیکرٹری ترک منشیات کیئر سنٹر و انجمن فلاح نوجوانان عدنان محمود گجر نے کہا ہے کہ بنیان مرصوص آپریشن نے ثابت کیا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، پاک فوج کی جرات مندانہ کارروائی پیغام ہے کہ ہم امن پسند ضرور ہیں مگر کمزور نہیں ہیں، افواج پاکستان نے دشمن کو دندان شکن جواب دے کر نئی تاریخ رقم کی ہے، افواج پاکستان نے پیشہ وارانہ مہارت سے جو موثر اور کاری وار بھارتی بنیے کی جارحیت کے خلاف جوابی کاروائی میں دیئے اور بھارتی ڈرون اور انڈین طیارے مار گرائے وہ پوری قوم کے لیے فخر ہے، قوم کو اپنی بہادر افواج پر ناز ہے جنہوں نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر وطن کا وقار بلند کیا۔

منہ چہرہ اور جبڑے کے فریکچر کے علاج کے لیے جنرل ہسپتال میں سہولت کی فراہمی

پروفیسر ارمغان اسرار مرزا شعبہ اورل اینڈ میکسیلو فشل کے سربراہ، کینسر و بناوٹی نقائص کے آپریشن بھی کریں گے وزیر اعلیٰ کے ویژن کے تحت مریضوں کو بہترین سہولیات دی جارہی ہیں: پرنسپل الفرید ظفر

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ سیکٹر ڈویلپمنٹ پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال میں شعبہ ××اورل اینڈ میکسیلو فشل×× میں مریضوں کا علاج شروع کر دیا گیا۔ اس نئے شعبے کے آغاز سے ایل جی ایچ میں چہرے کے کینسر اور بناوٹی نقائص کے علاج معالجہ کی بڑی اور جدید سہولت دستیاب ہوگی۔ ہسپتال میں حادثات کے زخمیوں کو ایمرجنسی میں لایا جاتا ہے جہاں قبل ازیں ٹوٹے جبڑے اور چہرے کی ہڈیوں کے علاج کے لئے دیگر ٹیچنگ ہسپتالوں میں ریفر کیا جاتا تھا تاہم اب مذکورہ مریضوں کو اس مشکل سے نجات مل گئی ہے اور ٹوٹے جبڑوں کی سرجری جنرل ہسپتال میں ہی ممکن ہوگئی ہے۔ اس امر کا اعلان پروفیسر الفرید ظفر نے نئے قائم ہونے والے شعبے کی افتتاحی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، پروفیسر ارغمان اسرار مرزا، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر عامر ایوب، ڈاکٹر عبدالعزیز و ہیلتھ پروفیشنلز بھی موجود تھے۔ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ارمغان اسرار مرزا نے بتایا کہ 20 بستروں پر مشتمل وارڈ قائم کی گئی ہے جبکہ ہفتے میں دو دن پیر اور جمعرات آؤٹ ڈور میں مریضوں کو طبی معائنہ و علاج کی سہولیات دستیاب ہوگی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ جنرل ہسپتال میں گزشتہ چند سالوں کے دوران مختلف شعبوں میں بہت ترقی کی ہے اور مریضوں کو علاج معالجے کی جدید سہولیات میسر آئی ہیں جو ہمارے ہیلتھ پروفیشنلز کی کاوشوں اور پیشہ وارانہ لگن کا عکاس ہے۔ پرنسپل کا کہنا تھا کہ ××اورل اینڈ میکسیلو فشل×× کے قیام میں صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی سرپرستی حاصل رہی ہے جن کی بدولت یہ اہم منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا ہے اور مریضوں کیلئے ایک نئی سہولت کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ جنرل ہسپتال کے علاوہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کے مریض بھی اس سہولت سے مستفید ہوسکیں گے اور شہریوں کو سہولتوں کے حوالے سے بھی ضروری مدد ممکن ہو جائے گی۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہیلتھ سیکٹر کی ڈویلپمنٹ اولین ترجیح ہے اور جنرل ہسپتال انہیں خطوط پر استوار کر کے تمام شہریوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کر رہا ہے جبکہ منہ، چہرے اور ٹوٹے جبڑوں کے آپریشن کی سہولت فراہم کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہو گیا ہے۔ جس کے شہریوں کی صحت پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے پروفیسر ارغمان اسرار مرزا کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، مہارتوں اور میڈیکل ایجوکیشن کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ پی جی ایم آئی و امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کو (اورل اینڈ میکسیلو فشل) کی سرجری کے حوالے سے تعلیم و تربیت میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا چیف انجینئر ٹیپا کے ہمراہ رائیونڈ روڈ اور جان محمد روڈ کا دورہ

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا جان محمد روڈ پر ترقیاتی کاموں کی سست روی پر اظہار ناراضگی، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور کنٹریکٹر کو کام کی سپیڈ تیز کرنے کی ہدایت کی

رائیونڈ روڈ سے تجاوزات ختم، بورڈز، شیڈز تھڑے ختم کر کے سڑک کو ٹریفک کے لیے بہتر بنایا گیا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے

ڈی جی ایل ڈی اے نے رائیونڈ روڈ کے مختلف پوائنٹس پر سگنلز کی اپ گریڈیشن کا کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز رائیونڈ روڈ اور جان محمد روڈ کا دورہ کیا۔ چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے جان محمد روڈ پر ترقیاتی کاموں کی سست روی پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے پراجیکٹ ڈائریکٹر اور کنٹریکٹر کو کام کی سپیڈ تیز کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے جان محمد روڈ کے چوک کی جیومیٹری ٹیپا کی مدد سے بہتر بنانے کی ہدایات کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ٹھوکر تا اڈا پلاٹ، رائیونڈ روڈ کے مختلف پوائنٹس پر مرمت و بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ٹیپا نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رائیونڈ روڈ سے تجاوزات ختم، بورڈز، شیڈز تھڑے ختم کر کے سڑک کو ٹریفک کے لیے بہتر بنایا گیا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے رائیونڈ روڈ کے مختلف پوائنٹس پر سگنلز کی اپ گریڈیشن کا بھی جائزہ لیا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ دی۔ رائیونڈ روڈ پر چار اہم چوک پر سگنلز کی آپ گریڈیشن کا کام جاری ہے۔ قزلباش چوک، شیر شاہ کالونی، بھبتیاں چوک اور ایل ڈی اے ایونیو ون چوک پر سگنلز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ سگنلز کی اپ گریڈیشن کا کام آخری مراحل میں ہے، جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے سگنلز کی اپ گریڈیشن کا کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

قاسم معراج ایڈووکیٹ کی جانب سے انکی رہائش گاہ پر پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا

ظہرانے میں ڈسٹرکٹ بار کے عہدیداران وارکان اور سیاسی سماجی شخصیات نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ کنٹریکٹر شیخ ناصر محمود، معروف قانون دان صباء ناصر ایڈووکیٹ (لائبریری سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ) اور قاسم معراج ایڈووکیٹ کی جانب سے انکی رہائش گاہ پر پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ بار کے عہدیداران وارکان اور سیاسی سماجی شخصیات نے شرکت کی، اس موقع پر ممبر پنجاب بار کونسل رانا محمد آصف، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چوہدری امجد علی گوپے را ء، جنرل سیکرٹری شمس حسن بھٹی، نائب صدر حافظہ صالحہ سیرت، سابق صدر بار چوہدری زاہد سعید، سابق جنرل سیکرٹری میاں علی بشیر، عامر شہباز صدیقی، رانا سرفراز، عباس علی چھینہ، سی ای او ضلع کونسل حافظ آباد ملک منشاء جاوید، شیخ آصف، شیخ یاسر، شیخ ندیم، علی حیدر، عثمان خان اور اویس علی و دیگر نے ملکی سلامتی و ترقی کیلئے خصوصی دعا کی اور افواج پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ملکی استحکام کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا، شیخ ناصر محمود، صبا ناصر ایڈووکیٹ اور قاسم معراج ایڈووکیٹ نے تمام احباب کا ظہرانہ میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء برادری متحد ہے اور افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے ہم ملکی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔

مسلم ٹیچرز فورم پاکستان، بھارتی پراپیگنڈہ کے خلاف اور افواج پاکستان کے حق میں نوجوانوں کو کھڑا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے: پروفیسر عطاء اللہ غلزئی

لاہور (خبر نگار) پروفیسر عطاء اللہ غلزئی نے اساتذہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم ٹیچرز فورم پاکستان، بھارتی پراپیگنڈہ کے خلاف اور افواج پاکستان کے حق میں نوجوانوں کو کھڑا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے۔ مسلم ٹیچرز فورم پاکستان کے چیئرمین پروفیسر عطاء اللہ غلزئی کی زیر صدارت ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں تعلیم سے وابستہ افراد اور اساتذہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں بھارتی جارحیت اور مسلسل اشتعال انگیزیوں کے خلاف قوم کو بیدار کرنے اور متحد رکھنے میں اساتذہ کے کردار پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ پروفیسر عطاء اللہ غلزئی نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور سرحدی خلاف ورزیاں صرف عسکری نہیں بلکہ فکری اور نظریاتی محاذ پر بھی ایک جنگ ہیں۔ ان حالات میں اساتذہ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ نئی نسل کو شعور، حب الوطنی اور قومی خودداری سے لیس کریں۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تعلیمی اداروں میں طلبہ کو پاکستان کی نظریاتی سرحدوں، تاریخ، ثقافت اور دفاعی اہمیت سے روشناس کرایا جائے۔ فورم کے اساتذہ سے اپیل کی کہ وہ بھارتی میڈیا کے جھوٹے بیانیے کو بے نقاب کریں اور طلبہ میں درست معلومات اور فکری پختگی پیدا کریں۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ مسلم ٹیچرز فورم پاکستان ملک بھر میں "تعلیم، اتحاد اور دفاع وطن" کے سلسلے میں سیمینار منعقد کریں گا۔

صوبائی وزیر میاں ذیشان نے ڈسکہ سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کردیا

ڈسکہ سپورٹس کمپلیکس پندرہ کروڑ روپے کی لاگت سے اسی سال دسمبر میں مکمل ہوگا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کردیا گیا صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے اپنی ٹیم محمد افضل منشاء، ڈاکٹر رومان اشعر و دیگر کے ہمراہ افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ ڈسکہ سپورٹس کمپلیکس پندرہ کروڑ روپے کی لاگت سے اسی سال دسمبر میں مکمل ہوگا ڈسکہ سپورٹس کمپلیکس وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے ڈسکہ کیلئے تحفہ ہے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے ڈسکہ کیلئے 10 ارب روپے کی گرانٹ منظور کی ہے جس سے ڈسکہ تعمیر اور ترقی کی نئی منازل طے کرے گا ڈسکہ میں نواز شریف اسٹیڈیم ہو شہباز شریف پارک ہو یا جتنے بھی کام ہوں وہ نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ہی ملیں گے ڈسکہ میں روڈز کی جلد تعمیر کر کے سستی شہرت حاصل کر سکتا تھا لیکن پہلے سیوریج کی تعمیر نو اور تجاوزات جیسے بڑے کام شروع کیے تاکہ ڈسکہ میں اگلے تیس سے چالیس سال کام کرنے کی نوبت پیش نہ آئے انہوں نے بھارتی جارحیت کے جواب میں پاک

افواج کے شاہینوں کی جانب سے فیصلہ کن کارروائی سے دشمن بھارت کے دانت کھٹے کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاک افواج پر پوری قوم کو فخر ہے وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے بروقت اور قائدانہ فیصلے سے بھارت کو عبرتناک شکست ہوئی، میاں محمد نواز شریف نے 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کر کے ملک پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا تھا ہم 28 مئی اور 10 مئی والے ہیں 9 مئی والے نہیں ہیں صوبائی وزیر بلدیات کی آمد پر والہانہ استقبال کیا گیا، اور شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا جبکہ پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور ڈھول کی تھاپ پر رقص بھی کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس نارتھ زون پنجاب اعزاز شیرازی، چیف آفیسر بلدیہ ڈسکہ الفت شہزاد، سینٹری انسپکٹر بلدیہ ڈسکہ چوہدری محمد یوسف، بلدیہ ڈسکہ کے دیگر افسران بھی موجود تھے

نیشنل بینک ایمپلائز یونین پنجاب اسلام آباد سی بی اے کی ایگزیکٹو کونسل اور جنرل باڈی اجلاس منعقد

افواج پاکستان کی جانب س بھارتی جارحیت کی کامیاب اور دلیرانہ کاروائی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا گیا کنٹریکٹ ملازمین کی کنفرمیشن اور ایگزیکٹو کیٹگریز میں بغیر معیار کے وسیع پیمانے پر بھرتیاں بند کی جائیں: اکبر علی خان

لاہور (خبر نگار) نیشنل بینک ایمپلائز یونین پنجاب اسلام آباد (رجسٹرڈ) سی بی اے کی ایگزیکٹو کونسل اور جنرل باڈی اجلاس بختیار لیبر ہال نسبت روڈ زیر صدارت ذیشان حیدر نیازی صدر یونین ہذا منعقد ہوا اجلاس میں خصوصی طور پر بزرگ مزدور راہنما جناب خورشید احمد جنرل سیکرٹری آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز اور محترمہ روبینہ جمیل صدر ٹریڈ یونین فیڈریشن، ضیاء الدین، اختر سیکرٹری جنرل خیبر پختونخواہ اور محمد زمان خان سیکرٹری جنرل ایمپلائز یونین بلوچستان، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ا×± سامہ طارق نے بھی شرکت کی اجلاس میں ملک بھر سے نمائندگان یونین شریک ہوئے اس موقعہ پر صدر یونین ذیشان حیدر نیازی، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل نیشنل بینک ایمپلائز یونین سی بی اے نے خطاب کرتے ہوئے اجلاس میں ایک قرار داد کے ذریعے افواج پاکستان کی جانب سے بھارتی جارحیت کی کامیاب اور دلیرانہ کاروائی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا گیا اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ہم اپنے وطن عزیز پاکستان کی سلامتی اور حفاظت کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ نیشنل بینک کے ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پے پیکیج 2025 کے فوری اجراء اور OG-I TO OG-III تک رسائی میں سیاسی و سفارشی اور غیر منصفانہ عمل دخل ہونے کی وجہ سے اپریزل سسٹم کا خاتمہ کیا جائے، کنٹریکٹ ملازمین کی کنفرمیشن اور ایگزیکٹو کیٹگریز میں بغیر معیار کے وسیع پیمانے پر بھرتیاں بند کی جائیں نیشنل بینک کے ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کی بینک میں بھرتی کروانا شامل ہیں۔

سید عثمان اکبر گیلانی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے

عارفوالا (نمائندہ قوت) معروف سادات گھرانے کے چشم و چراغ، سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت سید محمد اکبر گیلانی صاحبزادے، سید سلمان اکبر گیلانی کے بڑے بھائی سید عثمان اکبر گیلانی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے دعوت ولیمہ میں اہم روحانی شخصیت سید محمد احمد شاہ بخاری کی شرکت تقریب بڑا سیاسی اجتماع بن گئی تقریب دعوت ولیمہ میں اہم شخصیات کی طرف سے مبارکباد تفصیل کے مطابق معروف روحانی و مذہبی شخصیت سید محمد اکبر گیلانی کے صاحبزادے معروف تاجر گیلانی موبائل والے سید عثمان اکبر گیلانی جو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے رشتہ ازدواج سے منسلک ہوگئے۔

ہیومن رائٹس ٹائم لائن ضلع شیخوپورہ کے زیر اہتمام افواج پاکستان کے ساتھ اظہار تشکر کے لیے ایک پُروقار تقریب کا انعقاد

اس تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہیومن رائٹس ٹائم لائن ضلع شیخوپورہ کے زیر اہتمام افواج پاکستان کے ساتھ اظہار تشکر کے لیے ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اس تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت حافظ اشرف نقوی نے حاصل کی نعت رسول مقبول پڑھنے کا شرف سید اکبر علی شاہ نے حاصل کیا تقریب میں نظامت کے فرائض مرکزی سیکرٹری جنرل ہیومن رائٹس ٹائم لائن محمد شفیق مغل نے انجام دیئے حافظ نعمان فرید گوہر نے بھرپور انداز میں پاکستانی فوج کے جزبات کی عکاسی کرتے ہوئے اپنے مخصوص انداز میں نظم پیش کی اور شرکاء کے جوش جذبے کو گرمایا اس موقع پر میاں جاوید محمود چاچو چیئرمین رانا اجمل شہزاد صدر ہیومن رائٹس اور محمد اکرم سرہندی رانا محمد اکرم مرزا منور بیگ شہباز احمد چھینہ عظیم احمد یزدانی چوہدری طاہر ورک اور کرسچین کمیونٹی کے رہنماؤں نے خطاب کیا، مقررین نے افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت اور مادر وطن کے تحفظ میں انکے کلیدی کردار کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج ہمارے قومی فخر کی علامت ہے جو ہر آزمائش میں قوم کی ڈھال بنی ہے، تقریب کے اختتام پر پاکستانی پرچم تھام کر ریلی بھی نکالی گئی جس کی قیادت میاں جاوید امجد سعید بلوچ محمد شفیق مغل حافظ نعمان فرید گوہر سعید اقبال جنجوعہ منور بیگ علی عبداللہ شاہ سید خرم شہزاد رانا محمد اکرم رانا مشتاق رانا عدیل ڈاکٹر نعیم ڈاکٹر نواز انجمن تاجران اور علمی ادبی تحقیقی معلوماتی سیاسی سماجی رفاحی فلاحی و کاروباری شخصیات نے کی، ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد اور افواج پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگا کر اپنی محبت اور یگانگت کا اظہار کیا ہیومن رائٹس ٹائم لائن ضلع شیخوپورہ نے اس تقریب کے ذریعے قوم کے محافظوں کو خراج تحسین پیش کر کے ایک مثبت پیغام دیا کہ پوری قوم اپنی عظیم افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کو خاموش قاتل بھی کہا جاتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن

گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام ہائی بلڈ پریشر کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا اہتمام قیادت ایم ایس گلاب دیوی ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن نے کی

لاہور (خبر نگار) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام ہائی بلڈ پریشر کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس کی قیادت ایم ایس گلاب دیوی ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن نے کی۔ آگاہی واک میں پروفیسر ڈاکٹر عابد علی ہاشمی، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر احسن حفیظ، پروفیسر عمران حنیف، پروفیسر ظہیر اختر کے علاوہ ڈاکٹرز، نرسز اور میڈیکل کے طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہائی بلڈ پریشر کو خاموش قاتل بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے ہارٹ اٹیک، فالج یا گردے بھی فیل ہوسکتے ہیں۔ جس کے باعث انسان موت کے منہ میں چلے جاتا ہے۔ اس واک کا مقصد عوام میں ہائی بلڈ پریشر کی بیماری اور اس کی وجہ سے صحت پر پڑنے والے برے اثرات کے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہے۔ اگر ہائی بلڈ پریشر کی بیماری لاحق ہو جائے تو فوری طور پر اپنے معالج سے رجوع کریں۔ ڈاکٹر کی تجاویز کردہ ادویات استعمال کریں۔ ادویات کے استعمال کے ساتھ ساتھ بتایا گیا پرہیز لازمی کریں۔ مرغن غذاؤں کے استعمال، سگریٹ نوشی، نمک، جنک فوڈ، بازاری کھانے اور مصالحہ دار اشیاء کا بے دریغ استعمال کریں تو آپ بلڈ پریشر کی بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض کے لیئے ضروری ہے کہ وہ سادہ غذاؤں کا استعمال، روزانہ واک اور ہلکی پھلکی ورزش کریں اس کے علاوہ معمول کے مطابق بلڈ پریشر چیک کرواتے رہیں۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید پوری بہترین کارکردگی دکھا رہے ہیں: خواجہ آصف

تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کو پوسٹوں اور وائرلیس وغیرہ کی اشد ضرورت ہے جس کیلئے میں انشاء اللہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو کہوں گا: وفاقی وزیر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامرجاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید پوری تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ ایگزیکٹوز والنٹیئرز کے ہمراہ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کو قائدانہ دلیرانہ انداز میں بھارتی جارحیت کو بہترین حکمت عملی اپناتے ہوئے افواج پاکستان کی حالیہ جنگ میں فقید المثال کامیابی پر مبارکباد پیش کرنے انکے کیمپ آفس پہنچے۔ اس موقع پر فرزند سیالکوٹ خواجہ محمد آصف کیجانب سے تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کا خیر مقدم کیا گیا۔ فرزند سیالکوٹ خواجہ محمد آصف وزیر دفاع نے اس موقع پر مختصراً کہا کہ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید پوری کی قیادت میں تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ بہترین عملی کارکردگی دکھارہی ہے میرے والد خواجہ محمد صفدر خود بھی تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ میں انتظامی عہدے پر فائز رہے میرے لئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ پاکستان کی سیکنڈ ڈیفنس لائن ہے اور اسکو مزید فعال و بہتر بنانے کیلئے مجھ سے جو ممکن ہو گا میں سول ڈیفنس سیالکوٹ کیلئے کرونگا۔ مجھے ادراک ہے کہ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کو پوسٹوں اور وائرلیس وغیرہ کی اشد ضرورت ہے جس کیلئے میں انشاء اللہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو کہوں گا کہ تنظیم شہری دفاع کو فوری وارڈن پوسٹس اور وائرلیس سیٹ مہیا کیئے جائیں۔

دشمن کو جارحیت پر ہزیمت و شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ وقاص اکرم اعوان

افواج پاکستان نے دشمن کو دنداں شکن جواب دیا۔ سابق سینیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامرجاوید) پاکستان کے ازلی دشمن نے جارحیت کا ارتکاب کرتے وطن عزیز پاکستان پر جنگ مسلط کی تو حکومت و قوم کے جذبات کی بہترین ترجمانی کرتے ہوئے بہادر و باصلاحیت افواج پاکستان نے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے دشمن بھارت اور متکبر نریندر مودی کو بھارت کے اندر گھس کر اسکے کنٹرول اینڈ کمانڈ سینٹر سے لیکر ایئر فیلڈز و جدید ترین دفاعی سسٹم کو دن کے اجالے میں تباہ و برباد کر کے وہ عبرت ناک سبق دیا کہ دنیا بھر کے ممالک بھی پاکستان کی تعریف کیئے بغیر نہ رہ سکیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وقاص اکرم اعوان سابقہ صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے سنیئر صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستانی امن پسند قوم ہیں مگر ہماری امن کی خواہش کو دشمن ہماری کمزوری ہر گز نہ سمجھے۔

کھالیں جمع کرنے کے لیے درخواستوں جمع کروانے کی آخری تاریخ 27 مئی 2025 مقرر کر دی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کے لیے درخواستوں جمع کروانے کی آخری تاریخ 27 مئی 2025 مقرر کر دی گئی ہے، ضلع بھر کی مساجد، مدارس اور فلاحی تنظیموں کے نمائندے قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کے لیے اجازت ناموں کے حصول کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس (جنرل برانچ) میں 27 مئی تک اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں، مقررہ تاریخ کے بعد اس سلسلہ میں کوئی بھی درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔

فخر سادات سید فدا حسین شاہ زیدی اپنی فیملی کے ہمراہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے لیے آج روانہ

روانگی سے قبل فیملی ممبران دوست احباب نے ان کو مالائیں پہنا کر مبارک باد دی، اور نیک تمناؤں کیساتھ رخصت کیا

نے ان کو مالائیں پہنا کر مبارک باد دی، اور نیک تمناؤں کیساتھ رخصت کیا۔

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) فخر سادات سید فدا حسین شاہ زیدی اپنی فیملی کے ہمراہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے لیے آج روانہ، فیملی ممبران، دوست احباب کی جانب سے مبارکباد، تفصیلات کے مطابق سید تاج حسین شاہ زیدی۔ سید اعجاز حسین شاہ زیدی۔ سید خضر حسین شاہ زیدی کے بڑے بھائی سید عمران زیدی۔ سید علی حیدر زیدی۔ سید محسن زیدی کے والد گرامی سید فدا حسین شاہ زیدی اپنی فیملی کے ہمراہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے لیے آج روانہ ہونگے، روانگی سے قبل فیملی ممبران دوست احباب

حالیہ بھارت سے جنگ میں پاکستانی میڈیا کا کردار لائق تحسین رہا ہے: میاں معین وٹو

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو کا کہنا ہے کہ حالیہ بھارت سے جنگ میں پاکستانی میڈیا کا کردار لائق تحسین رہا ہے۔ ہمارے موقف کو دنیا بھر میں درست تسلیم کیا گیا یہ جیت پوری قوم کی جیت تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو نے پروفیشنل جرنلسٹ گروپ کے نو منتخب اراکین کی حلف برداری کی جمخانہ اوکاڑہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جہاں بھارت کو حالیہ جنگ میں ہر لحاظ سے شکست دی وہیں پاکستانی میڈیا نے مثبت رپورٹنگ کر کے خود کو پوری دنیا میں منوایا بھارت کو عبرتناک شکست پر پاک فوج کے سپہ سالار حافظ عاصم منیر سمیت پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔

ادب ہی رویوں میں تبدیلیاں پیدا کرتا ہے: چوہدری عمران علی چیمہ

موجودہ دور کے ادب کو پروان چڑھانے اور نکھار پیدا کرنے کے لیے معاشرہ اور ادیبوں کو کردار ادا کرنا چاہیے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) معروف سینئر کالم نگار چوہدری عمران علی چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ دور کے ادب کو پروان چڑھانے اور نکھار پیدا کرنے کے لیے معاشرہ اور ادیبوں کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ ادب ہی رویوں میں تبدیلیاں پیدا کرتا ہے جس سے معاشرہ میں سدھار پیدا ہوتا ہے کالم نگار مثبت کالموں کے ذریعے عوامی سوچ کو درست سمت کی طرف لے جاسکتے ہیں ادیبوں نے ریاست اور حکومت کی بھی راہنمائی کرنی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ادیبوں نے ہمیشہ حصہ ڈالا ہے ہم سب نے مل کر ملک کے استحکام اور بہتری کے لیے کام کرنا ہے ملک کی اصلاح کرنی ہے تا کہ بہتر سوچ سے بہتر معاشرہ تشکیل پا سکے۔ اس کیلئے کوششیں جاری رہیں گی قلم اور قلم کار کا رشتہ گہرا ہے۔ کالم نگار و کالم نویس دیگر مصنفین کی طرح بہترین قلم کار ہیں۔ چوہدری عمران چیمہ نے مزید کہا کہ کالم نگار معاشرے کی تصویر کو اپنے خیالات، نظریات اور فکر کے ذریعے قلم کی زبان عطاء کر کے الفاظ کے روپ میں ڈھالتا ہے۔ وہ جو دیکھتا اور سوچتا ہے، اسے الفاظ کے ذریعے دوسروں کے ذہن پر ثبت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ معاشرے میں پائے جانے والے افکار کا مشاہدہ کراتا ہے۔

بھارت سمیت پوری دنیا میں مودی حکومت منہ چھپا رہی ہے: ملک کرامت علی

رات کی تاریکی میں بلاوجہ پاکستان پر چڑھ دوڑے جسکی جواب پاک فوج نے دن میں دیا ہے بھارت کی آنے والی نسلیں بھی یاد رکھیں گی

ظفرگڑھ (عمران عارف سے) ملک کرامت علی جنرل سیکرٹری عوامی تحریک سینٹرل پنجاب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی حکومت کی فرعونیت کے خلاف چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر نے بھرپور کردار ادا کر کے مودی حکومت کو جو ذلت آمیز شکست دی ہے۔ بھارت سمیت پوری دنیا میں مودی حکومت منہ چھپا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک آرمی نے ثابت کیا ہے کہ پاکستانی فوج دنیا کی نمبر 1 دن فوج ہے۔ رات کی تاریکی میں بلا وجہ پاکستان پر چڑھ دوڑے جسکی جواب پاک فوج نے دن میں دیا ہے بھارت کی آنے والی نسلیں بھی یاد رکھیں گی۔ اس شاندار اور مثالی فتح پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم شاہینوں کی کامیابی پر خوشی سے نہال ہو گئی۔ کیونکہ انہوں نے پاکستان کی طاقت، دفاعی صلاحیت اور جنگی حکمت عملی کا دنیا کے سامنے لوہا منوایا ہے۔ پاکستان نے ایک ہی حملے میں واضح کر دیا ہے کہ اس کے پاس جدید ٹیکنالوجی بھی ہے۔ جنگ کرنے کی مہارت بھی اور سب سے بڑی بات کہ وہ جذبہ بھی جو شوق شہادت سے جلا پاتا ہے۔ ملک کرامت علی نے مزید کہا بھارتی جارحیت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کے دوران پوری پاکستانی قوم کا جذبہ دیدنی تھا۔ آپریشن کی کامیابی پر پاکستانی قوم نے سڑکوں پر نکل کر پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور جیت کا شاندار جشن منا کر بین الاقوامی برادری کو پیغام دے دیا ہے۔ کہ وطن عزیز کی سلامتی کی خاطر پوری قوم متحد اور اپنی فوج کے شانہ بشانہ ہے مزید برآں انہوں نے واضح کیا پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور اپنے ہمسایوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات کا خواہاں ہے مگر ملکی سالمیت وغیرت پہ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا

شہر کو کشادہ بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں: کمشنر گوجرانوالہ

تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن کئے جارہے ہیں اور ڈویژن کے تمام اضلاع میں شہر کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی واضح ہدایات کی روشنی میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہروں کو خوبصورت اور کشادہ بنانے کے لئے جامع حکمت عملی پر کام جاری ہے، تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن کئے جارہے ہیں اور ڈویژن کے تمام اضلاع میں شہر کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری انڈسٹریز پنجاب احسان بھٹہ کو کمشنر آفس میں ایک بریفنگ کے دوران کیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری ہے جس میں کسی قسم کے دباؤ اور سفارش کو خاطر میں لائے بغیر اہداف کو حاصل کیا جارہا ہے جس کے نتیجہ میں گلیاں اور بازار کھلے نظر آتے ہیں جس سے عوام کو آمدورفت میں سہولت میسر آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کیلئے اہم چوکوں اور گرین بیلٹس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، سڑکوں چوراہوں پر خوبصورت مانومنٹس کی تنصیب کے ساتھ ساتھ صفائی کے نظام کو بھی اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ سیکرٹری انڈسٹریز پنجاب احسان بھٹہ نے اس موقع پر کہا کہ چیف سیکرٹری پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن تیز کیا جائے انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے نظام میں بہتری لاتے ہوئے ڈپٹی کمشنرز کڑی نگرانی کریں اور سڑک کے قریب جگہ جگہ کوڑے کے ڈھیر ختم کروائے جائیں اس سلسلے میں کنٹریکٹر کو سختی سے پابند کریں کہ وہ روڈ کو صاف رکھنے کے لیے سٹاف تعینات کرے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ صفائی کے نظام کو خود مانیٹر کریں تاکہ شہر کو صاف ستھرا بنا کر اسکی خوبصورتی میں مزید بہتری لائی جاسکے۔

جم خانہ گوجرانوالہ میں کالمسٹ ایسوسی ایشن کا اجلاس، افواجِ پاکستان کے وقار، پیشہ ورانہ مہارت اور حب الوطنی کو سراہا گیا

سرحد پار دشمن کو شکست دینے کے بعد اب ضروری ہے کہ ہم اندرونی دشمنوں یعنی جہالت، غربت، بیروزگاری، اخلاقی زوال، اور خاندانی نظام میں بگاڑ کے خلاف متحد ہو کر جہاد کریں

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) جم خانہ گوجرانوالہ میں پاکستان کالمسٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پاک فوج کے حالیہ جرات مندانہ کردار اور دشمن کو سرحد پار موثر جواب دینے پر خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر جہاں افواج پاکستان کے وقار، پیشہ ورانہ مہارت اور حب الوطنی کو سراہا گیا، وہیں معاشرتی مسائل پر بھی بھرپور مکالمہ ہوا۔ نشست کی صدارت صدر ایسوسی ایشن عتیق انور راجہ نے کی، جبکہ تقریب میں تنظیم کے سینئر نائب صدر چوہدری سجاد مشتاق مہر، نائب صدر راجہ افضال عزیز، جنرل سیکرٹری مفتی عمران، ایڈیشنل سیکرٹری بلال باٹھ، جوائنٹ سیکرٹری سجاد سردار، سیکرٹری فنانس حافظ محمد عرفان اور سیکرٹری نشر و اشاعت عاصم شہزاد گجر نے شرکت کی تقریب میں گوجرانوالہ اور گردونواح کے ممتاز کالم نگاروں نے بھی شرکت کی، جن میں مہر ساجد شاد، حافظ شہزاد رفیق، راحت ثمر، آسیہ پروین، محمد فاروق بھٹہ، محمد شبیر حسین، محمد شبیر مصطفائی، اطہر سلطان مغل، محمد سرفراز مغل، محمد حمزہ، شبیر احمد و دیگر شامل تھے۔ تلاوت قرآن اور درود و سلام کے بعد جنرل سیکرٹری مفتی عمران نے اس بات پر زور دیا کہ ہر قلم کار، ہر معلم اور ہر والدین کی ذمہ داری ہے کہ نئی نسل کو سچ، صداقت، محنت، اور اعتدال کی راہ دکھائیں۔ سینئر نائب صدر چوہدری سجاد مشتاق مہر نے کہا کہ ہماری قوم کے نوجوانوں کو ہنر، تحقیق، دیانت داری اور سادگی کو اپنا شعار بنانا ہوگا، تاکہ ہم خوددار اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کر سکیں۔ ایڈیشنل سیکرٹری بلال باٹھ اور سیکرٹری نشر و اشاعت عاصم شہزاد گجر نے اپنی گفتگو میں تجویز پیش کی کہ ایسوسی ایشن نوجوانوں کی تربیت اور رہنمائی کے لیے فنی ورکشاپس اور اصلاحی سیشنز کا آغاز کرے، تاکہ ایک عملی، باوقار اور باصلاحیت نسل تیار کی جاسکے۔ سجاد سردار واڑائچ نے کہا کہ ××: ہماری تحریر، تقریر اور کردار اس قدر توانا ہونا چاہیے کہ معاشرے کا ہر فرد فخر سے کہے، ہاں! ہم پاکستانی ہیں، اور ہمیں اپنی فوج، اپنی ثقافت، اور اپنے دین پر ناز ہے۔ حافظ محمد عرفان نے کہ اب وقت کا تقاضا ہے کہ ملک میں، تعلیم، صحت، اور ہنر کے فروغ کے ساتھ ساتھ خاندانی نظام کی بحالی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ صدارتی خطبے میں عتیق انور راجہ نے کہا کہ، جیسے ہماری افواج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے، اب وقت آگیا ہے کہ ہم اندرونی دشمنوں، یعنی جہالت، غربت، بیروزگاری، اخلاقی زوال، اور خاندانی نظام میں بگاڑ کے خلاف بھی متحد ہو کر جہاد کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کا مستقبل محفوظ رکھنے کے لیے کالج و یونیورسٹی میں طلبہ کو روایتی تعلیم کے ساتھ، کمپیوٹر، آئی ٹی، مارکیٹنگ، تجارت اور دوسرے ہنر سکھانے ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پڑھی لکھی لڑکیوں کی ازدواجی زندگی میں جو مسائل جنم لے رہے ہیں، ان پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ آج کل کی لڑکیاں اعلیٰ تعلیم کے باوجود ازدواجی فرائض اور خاندانی نظام کو سمجھنے سے قاصر ہیں، جس کی وجہ سے کئی گھر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہے ہیں۔

ٹینریز کو ٹینری زون سیالکوٹ منتقل کیا جائے: ڈپٹی کمشنر صبا اصغر

تمام ٹینریوں کو بند کیا جائے گا اور ان کو ٹینری زون سے باہر مزید کام کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامرجاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے کہا ہے کہ سیالکوٹ ٹینری زون میں ٹینریوں کی تعمیر اور منتقلی میں دلچسپی نہ لینے والے ٹینری مالکان کے خلاف تحفظ ماحولیات ایکٹ کے تحت سخت ایکشن لیا جائے گا اور ایسی تمام ٹینریوں کو بند کیا جائے گا اور ان کو ٹینری زون سے باہر مزید کام کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی لہذا کارروائی سے بچنے کیلئے ٹینری زون میں فوری حاصل کیئے پلاٹس پر ٹینریوں کو منتقل کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے آج سیالکوٹ ٹینری زون میں ٹینری کی منتقلی کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا، صدر ایوان صنعت و تجارت اکرام الحق، سی ای او سیالکوٹ ٹینری زون گارنٹی لمیٹڈ احمد ذوالفقار حیات، ڈپٹی ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات جوہر عباس، پراجیکٹ ڈائریکٹر ایس کی زیڈ محمد عاطف بھی شریک تھے۔

نواب احمد نواز خان سیال مرحوم منکسر المزاج شخصیت تھے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

نواب انیس خان کی دستار بندی تقریب میں فرزند سیالکوٹ کی خصوصی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامرجاوید) نواب عمر دراز خان سیال مرحوم کے فرزند ارجمند نواب سرفراز خان سیال، نواب حق نواز خان سیال کے بھائی، مہر محسن خضر بھروانہ اور مہر سفیر بھروانہ ایڈووکیٹ کے برادران لاء، وارث حیات سیال نواب فضل عباس جوآنہ کے سسر، اور نواب انیس خان سیال ایڈووکیٹ، نواب عتیق خان سیال اور نواب لئیق خان سیال ایڈووکیٹ کے والد نواب احمد نواز خان سیال صاحب کی قل خوانی اور نواب انیس خان کی دستار بندی مورخہ 15 مئی 2025 کو ان کی رہائش گاہ کوٹ عمر دراز، ڈسٹرکٹ جھنگ میں ادا کی گئی۔ اس موقع پر سیالکوٹ سے خصوصی طور پر فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے شرکت کی اور اہلخانہ سے اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے مرحوم نواب احمد نواز خان سیال کی بطور لیڈر ملکی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

رائیونڈ: گرمی آتے ہی مضر صحت مشروبات کی فروخت میں اضافہ

سڑکوں کے کنارے اور بازاروں میں غیر معیاری مشروبات کے اسٹالز لگ گئے ہیں

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) شہر میں گرمی کی شدت بڑھتے ہی جگہ جگہ ناقص اور مضر صحت ٹھنڈے مشروبات کی فروخت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ سڑکوں کے کنارے اور بازاروں میں غیر معیاری مشروبات کے اسٹالز لگ گئے ہیں، جہاں صفائی کا کوئی خیال نہیں رکھا جا رہا۔ ان مشروبات میں مصنوعی فلیورز اور رنگوں کا بے دریغ استعمال کیا جا رہا ہے، جو شہریوں کی صحت کے لیے خطرناک ثابت ہو رہے ہیں۔ محکمہ صحت کے مطابق، ان مشروبات کے استعمال سے معدے کی بیماریاں، فوڈ پوائزننگ اور دیگر صحت کے مسائل جنم لے سکتے ہیں۔ خاص طور پر بچوں اور ضعیف افراد پر ان کے اثرات زیادہ خطرناک ہو سکتے ہیں۔ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر ان غیر معیاری مشروبات کی فروخت کے خلاف کارروائی کی جائے اور صفائی و معیار کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو صحت کے سنگین مسائل سے بچایا جا سکے۔

کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا گیا

کامیاب ہونے پر وزیراعظم پاکستان، میاں شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی ہدایت پر یوم تشکر، اللہ پاک کے حضور سجدہ شکر ادا کرتے ہیں: ملک مقبول احمد

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) اے خدا شکر تیرا، لاکھوں، کروڑوں بار اللہ پاک کا شکر، یوم تشکر بھرپور انداز سے منانے، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز آفیسرز ملک مقبول احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر سلمان خالد، سابق ڈائریکٹر ملک سبحان علی، میڈیا ہاؤس طارق آباد پہنچے جہاں سینیئر صحافی و تجزیہ نگار محمد اشفاق مغل، محمد فلک شیر مغل نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پاک افواج کی جرأت مندانہ بہادری، دشمن کے گھر میں گھس کر جوابی وار کر کے، کامیاب آپریشن بنیان المرصوص جو کہ بھارتی جارحیت سندور کو تندور میں ڈال کر آئے، کامیاب ہونے پر وزیراعظم پاکستان، میاں شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی ہدایت پر یوم تشکر، اللہ پاک کے حضور سجدہ شکر ادا کرنے پاکستان کا پرچم سر بلند کرنے، سمیت گھر گھر، گلی گلی، چوک، سڑکوں پر وطن عزیز کی سر بلندی کے لیے ریلیاں نکالنے، مساجد و مدارس میں خصوصی دعائیں، سر بلندی پاک فوج، پاکستان ہمیشہ زندہ باد، اور پھر ملک و قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، ڈائریکٹر ملک مقبول احمد نے کہا کہ پاک فوج ہمارا فخر، جنون ہم سب پاک فوج کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں۔ دشمن کو بھول کے علاقے میں چودھراہٹ قائم کرنے مسلمانوں اور اسلام کے خلاف پر قبضہ کر لے گا ہمارا بچہ بچہ وطن کے دفاع و سلامتی کے لیے تیار، ہندوستان موت سے ڈرتا ہے۔ لیکن ہم شہید ہونے کے لیے تیار ہیں، ہمارے امن کو کمزوری سمجھا لیکن اب نہیں اس موقع پر سلمان خالد اور ملک سبحان علی نے بھی پاک افواج کی گراں قدر خدمات کامیاب آپریشن کو اللہ پاک کی جانب سے تحفہ، مسلمانوں کی دعائیں، زبردست تیاری جوابی وار پر شکرانے کے نفل ادا کرنے، جذبہ جنون بیدار کرتے پر زور دیا یہی نہیں ملک مقبول احمد سلمان خالد ملک سبحان علی نے کہا کہ ہمارے شہدا ہمارا فخر ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ آخر میں میزبان محمد اشفاق مغل اور محمد فلک شیر مغل نے شکریہ ادا کرتے ہوئے پاک فوج پاکستان ہمیشہ زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے دیکھتے رہیے۔

چوہدری عبدالسلام ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کو متعدد وکلاء گروپوں اور وکلا نے اپنی بھرپور حمایت کی یقین دہانی کرادی

اللہ کے فضل کرم سے چوہدری عبدالسلام کو اس نشست پر بھاری اکثریت سے کامیابی نصیب ہوگی: صدر رانا محفوظ گروپ

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) معروف قانون دان امیدوار ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری عبدالسلام ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کو متعدد وکلاء گروپوں اور وکلا نے اپنی بھرپور حمایت کی یقین دہانی قرار دی جن میں پاسبان گروپ جڑانوالہ کے سابق صدر بار ایسوسیلیشن جڑانوالہ رانا محفوظ احمد خان رانا عارف ایڈووکیٹ امیدوار صدر رانا محفوظ گروپ سابق سیکرٹری بار ایسوسیلیشن جڑانوالا عمر شاہد بٹی ایڈووکیٹ رانا راشد علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ چوہدری نوید احمد گجر ایڈووکیٹ چوہدری نوید احمد وسیع ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور چوہدری اویس ہنجرہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ انصاف لائرفورم گروپ کی میڈم سحرش رانا ایڈووکیٹ فیصل اباد سے بیدار بخت ایڈووکیٹ ہائی کورٹ خالد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ محمد شیراز جٹ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ علی ڈوگر میڈوکیٹ ہائی کورٹ چودری ذوالفقار گجر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ شامل ہیں جبکہ ملک عظیم اسلم اعوان ڈویلپرز فار الحبیب سٹی نے بھی چودری عبدالسلام کو بھرپور حمایت اور تعاون کا یقین دہانی کرائی ہے وکلا کے مختلف گروپوں نے چودری عبدالسلام ایڈووکیٹ کو پنجاب بار کونسل کی نشست کے لیے موضوع ترین امیدوار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اللہ کے فضل کرم سے چودری عبدالسلام کو اس نشست پر بھاری اکثریت سے کامیابی نصیب ہوگی۔

عازمین حج کے ساتھ ملاقات اور ان کو روانہ کرنا باعث شرف ہے: عرفان صدیقی

سعودی عرب کا سفر کرنے والے زائرین میزبان ملک کے مقامی قوانین کا احترام کرتے ہوئے اپنے ملک کی نیک نامی کا باعث بنیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کاروان اشرفیہ اور سکھیرا ٹراویلز کے زیر اہتمام پرائیویٹ حج سکیم کے تحت عازمین حج کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ کے چیئرمین اور مسلم لیگ نواز کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ عازمین حج کے ساتھ ملاقات اور ان کو روانہ کرنا باعث شرف ہے انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب کا سفر کرنے والے زائرین میزبان ملک کے مقامی قوانین کا احترام کرتے ہوئے اپنے ملک کی نیک نامی کا باعث بنیں پاکستان کا پرائیویٹ سیکٹر بہترین انتظامات کر رہا ہے سعودی حکومت اور حکومت پاکستان نے عازمین حج کے لیے بہترین انتظامات کیئے ہیں اس سلسلہ میں وزیراعظم شہباز شریف خود دلچسپی لے رہے ہیں ڈائریکٹر محمد صداقت، گروپ لیڈر حافظ شفیق کاشف، مولانا محمد یوسف خان، معروف موٹیویشنل اسپیکر سید قاسم علی شاہ، مولانا اجود عبید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ای حج سسٹم کی بدولت حجاج اکرام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے میں مدد مل رہی ہے کچھ وقتی مشکلات ہیں وہ جلد دور ہو جائیں گی نبی کریم کی سیرت کے مطابق حج بہت آسان اور تربیتی نشستیں بڑی معاون ثابت ہو رہی ہیں انھوں نے مزید کہا کہ حج جون کی سخت گرمی میں ہے لہذا سعودی تعلیمات و ہدایات کے مطابق تیاری کرنی چاہیے یہ بات خوش آئند ہے کہ سعودی حکومت نے عازمین حج کی سہولت اور راحت کے لئے غیر قانونی طریقہ سے حج کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کے لئے سخت اقدامات کیئے ہیں سعودی عرب کی طرف سے پوری دنیا کے حجاج اکرام کو "نسک کارڈ" دیا جا رہا ہے۔

شہداء کی فیمیلز کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے مرکزی تقریب کا انعقاد

افواج پاکستان کو
خراج تحسین

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع کونسل ہال میں یوم تشکر اور شہداء کی فیملیز کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں شہداء کی فیملیز، سول و عسکری قیادت، ضلعی افسران سمیت اقلیتی برادری و شہریوں نے شرکت کی۔ مقررین نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تقریب کا مقصد اپنے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا اور انکی فیملیز کی قربانیوں کو یاد رکھنا ہے، شہدائے وطن نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے اس دھرتی کی حفاظت کی۔ پوری قوم کو اپنے شہداء اور اپنی افواج پر فخر ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو اور ملٹری افسران نے شہداء فیملیز سے خصوصی ملاقات کی اور شہداء کے بچوں سے پیار بھی کیا جبکہ سول و ملٹری افسران کی جانب سے شہداء فیملیز زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا اور ان میں تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج خوشی کا دن ہے، بھارتی عزائم خاک میں ملانے پر نڈر لیڈرشپ، دلیر افواج اور پاکستانی قوم یک دل و یک جان ہے۔ قوم آج پاک افواج کے سپاہیوں، جوانوں اور شہداء کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاندار فتح پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے، ہمارے اتحاد سے 8 گنا بڑے دشمن کو منہ کی کھانا پڑی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ فضائی برتری ختم ہونے پر دشمن کے خواب چکنا چور ہو گئے ہیں، دشمن زخم چاٹنے پر مجبور ہے، بھارتی جارحیت سے ہمارے اپنے اختلافات دور ہو گئے ہیں۔

مقامی راجباہوں کی بھل صفائی نہ ہوسکی: شہری شدید مشکلات کا شکار، کوئی پرسان حال نہیں

بدبودار پانی اور کوڑا کرکٹ کے انبار لگ گئے مچھروں کی بہتات میں اضافہ محکمہ انہار اور متعلقہ انتظامیہ دور دور تک نظر نہیں آرہی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مقامی راجباہوں کی بھل صفائی نہ ہوسکی نالیوں اور گٹروں کے بدبودار پانی اور کوڑا کرکٹ کے انبار لگ گئے مچھروں کی بہتات میں اضافہ محکمہ انہار اور متعلقہ انتظامیہ دور دور تک نظر نہیں آرہی تفصیل کے مطابق شہر کے وسط سے گزرنے والے راجباہ کی صفائی نہیں ہوسکی جبکہ ہر سال اپریل کے مہینے میں راجباہوں کی صفائی ستھرائی کا عمل شروع ہوجاتا ہے مئی کا آدھا مہینہ گزر جانے کے باوجود نہ ہی بھل صفائی کی گئی ہے اور نہ ہی ابھی تک نہری پانی چھوڑا گیا ہے جس سے کسان بھی پریشان ہیں جبکہ شہر کے وسط سے گزرنے والے راجباہ جس کے ارد گرد متعدد تعلیمی ادارے بھی واقع ہیں راجباہ میں کوڑا کرکٹ گندگی کے انبار اور مچھروں کی بہتات ہے اہل علاقہ کا سانس لینا بھی محال ہے شہریوں کسانوں نے محکمہ انہار سے مطالبہ کیا ہے کہ راجباہ کی بھل صفائی کروا کر شیڈول کے مطابق نہری پانی چھوڑا جائے تاکہ شہری سکھ کا سانس لیں سکیں۔

شرقپور میں پہلی میڈیکل کانفرنس کا انعقاد، کثیر تعداد میں ڈاکٹروں کی شرکت

میزبان کے فرائض النور ڈائگناسٹک سینٹر شرقپور برانچ کی سی ای او ڈاکٹر سمعیہ ملک نے انجام دیئے

شرقپور (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق النور ڈائگناسٹک سینٹر لاہور کی جانب سے چوک صدیق اکبر شرقپور شریف میں اپنی برانچ کے افتتاح کے موقع پر شرقپور شریف میں پہلی "میڈیکل کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر سے ڈاکٹروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان کے معروف ریڈیالوجسٹ اور النور ڈائگناسٹک سینٹر کے سربراہ ڈاکٹر صفدر علی ملک نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ میزبان کے فرائض النور ڈائگناسٹک سینٹر شرقپور برانچ کی سی ای او ڈاکٹر سمعیہ ملک نے انجام دیئے۔ تقریب میں شرقپور شریف و گردونواح سے تعلق رکھنے والے ماہر ڈاکٹرز جن میں ڈاکٹر نجیب ملک، ڈاکٹر اویس اقبال، سابقہ ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شرقپور ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی، ڈپٹی ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شرقپور ڈاکٹر انیم عبداللہ، ڈاکٹر عاطف محمود چوہدری، ڈاکٹر صائمہ ارشد، ڈاکٹر سائرہ سید، ڈاکٹر عدیلہ اویس، ڈاکٹر عبد الروف چوہدری، ڈاکٹر عمر رؤف، ڈاکٹر علی رؤف، ڈاکٹر اقراء، ڈاکٹر سحر، ڈاکٹر غوشیہ، ڈاکٹر عادل و دیگر نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سمعیہ ملک اور ڈاکٹر صفدر علی ملک نے بانجھ پن کی تشخیص اور اس کے ممکنہ سدباب پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر صفدر علی ملک نے اپنے خطاب میں کہا کہ "ہم شرقپور شریف میں النور ڈائگنوسٹک سینٹر کی خدمات کا آغاز کر رہے ہیں، جس میں اہل علاقہ کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔" انہوں نے مزید کہا کہ النور ڈائگناسٹک سینٹر شرقپور برانچ کے قیام کا مقصد اہل علاقہ کو جدید ترین تشخیصی سہولیات کی فراہمی ہے تاکہ انہیں اپنے طبی مسائل کے حل کے لیے لاہور یا دیگر بڑے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ڈاکٹرز کو نصیحت کی کہ اگر اللہ پاک نے انہیں کسی خاص شعبے میں قابلیت سے نوازا ہے تو وہ بیرون ملک جانے کی بجائے اپنے ملک میں خدمت کا جذبہ پیدا کریں۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

ایڈیٹوریل

پٹھان کوٹ کو نشانہ بنانے کی ویڈیو

بھارتی جارحیت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کے دوران پاک فوج کی جانب سے فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم سے پٹھان کوٹ کو نشانہ بنانے کی ویڈیو منظر عام پر آ گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 10 مئی کا دن بھارتی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاک فوج نے 10 مئی کو باقی ہتھیاروں کے علاوہ فتح 1 اور 2 سے پٹھان کوٹ ایئر بیس پر کامیاب میزائل حملے کیے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج کے فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے بھارت کی اہم تنصیبات کو راکھ کا ڈھیر بنا دیا، فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے کامیابی سے دشمن کی اہم تنصیبات کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ بنایا۔ پاکستان نے فتح 1 اور فتح 2 کو مہارت کے ساتھ استعمال کر کے بھارتی ملٹری تنصیبات کو بھاری نقصانات پہنچائے۔ یاد رہے کہ 22 اپریل 2025 کو پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی کا آغاز کیا تھا جس کے بعد دونوں میں ملکوں میں سرد مہری کا شکار تعلقات کشیدہ ہو گئے تھے۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے پاکستانی سفارتی عملے کو محدود کر دیا تھا جبکہ بھارت میں موجود پاکستانی کے ویزے منسوخ کرتے ہوئے علاج کی غرض سے جانے والے بچوں سمیت تمام پاکستانیوں کو وطن واپس بھیج دیا تھا۔ جواب میں پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کی غیر قانونی معطلی کو اعلان جنگ قرار دیتے ہوئے بھارتی سفارتی عملے کو محدود کرنے کے ساتھ سکھ یاتریوں کے علاوہ تمام بھارتیوں کے ویزے منسوخ کر دیے تھے، جبکہ بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تجارت منسوخ کرتے ہوئے بھارتی پروازوں کے لیے فضائی حدود بند کر دی تھی۔ بعد ازاں بھارت نے 6 اور 7 فروری کی درمیانی شب کوٹلی، بہاولپور، مریدکے، باغ اور مظفر آباد سمیت 6 مقامات پر میزائل حملے کیے جس کے نتیجے میں 26 شہری شہید اور 46 زخمی ہوئے تھے، س کے جواب میں پاکستان فوری دفاعی کارروائی کرتے ہوئے 3 رافیل طیاروں سمیت 5 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے تھے۔ بھارت نے 10 فروری کی رات پاکستان کی 3 ایئر بیسز کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا جس کے بعد علی الصبح پاکستان نے بھارتی جارحیت کے جواب میں آپریشن بنیان مرصوص (آہنی دیوار) کا آغاز کیا تھا اور بھارت میں ادھم پور، پٹھان کوٹ، آدم پور ایئر بیسز اور کئی ایئر فیلڈز سمیت براہموس اسٹوریج سائٹ اور میزائل دفاعی نظام ایس 400 کے علاوہ متعدد اہداف کو تباہ کر دیا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا تھا کہ پاکستان کے عوام اور مساجد کو جن ایئر بیسز سے ٹارگٹ کیا گیا تھا، ان اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فجر کے وقت دشمن کے خلاف آپریشن 'بنیان مرصوص' کا آغاز کیا گیا اور بھارت پر فتح ون میزائل فائر کیے گئے تھے۔ اسی طرح پاکستانی میزائلوں سے بیاس کے علاقے میں براہموس اسٹوریج سائٹ تباہ کر دی گئی تھی جبکہ پاک فوج نے پٹھان کوٹ میں ایئر فیلڈ کو بھی تباہ کر دیا راجوڑی اور نوشہرہ میں پاکستان میں دہشت گردی کروانے والے بھارتی ملٹری انٹیلی جنس کے تربیتی مراکز بھی تباہ کر دیے گئے تھے۔

سن کر ہر شخص حیران

جمہور کی آواز ایم سرور صدیقی

اس نوجوان کا کہنا تھا امن کے لئے جنگ ناگزیر ہے۔۔ اس نے جو کہا سن کر ہر شخص حیران بلکہ پریشان ہو گیا کہ جنگ اور امن دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ امن کے لئے جنگ ناگزیر ہو

ایک بوڑھے نے اس کی بات سنکر بڑی متانت سے استفسار کیا '' میاں صاحبزادے تم جو کہہ رہے ہیں تمہیں اس کا ادراک ہے کیا؟

نوجوان نے مسکرا کر کہا محترم میں جانتا ہوں میں نے کیا کہا ہے؟

'' کیا وضاحت ہے۔۔ کیا دلیل ہے؟ بوڑھے نے ایک ہی سانس میں کئی سوال کر ڈالے تم یہ کیسے کہہ سکتے ہو؟

'' محترم نوجوان نے سنجیدگی سے کہا کوئی مانے نہ مانے بعض مسائل کا حل بالآخر جنگ ہی ہوتا ہے۔ کچھ ماہ قبل میرے ایک لنگوٹیے نے فون کر کے مجھے ترت آنے کو کہا۔۔ میں نے پوچھا خیریت ہے؟ کیا بات ہوا؟

خیریت نہیں ہے وہ تشویش سے بولا میرا محلے میں ایک شخص سے کچھ جھگڑا ہو گیا ہے میں نے اس سے معذرت بھی کی علاقے کے چند معززین نے بھی اسے سمجھانے کی کوشش کی لیکن وہ خطرناک نتائج کی دھمکیاں دیتا پھرتا ہے اب اس نے ایک رشتہ دار کو بلا لیا ہے جو شہر کا سب سے بڑا بدمعاش ہے نام تو تم نے سنا ہی ہو گا شیدا پھاٹک۔۔ یا جلدی آ جاؤ میں نے گھر کا دروازہ بند کر لیا ہے تمہارے آنے تک میں نے خود کو قید کر لیا ہے یار اپنے ساتھ دو چار بندے لیتے آنا۔۔ میں نے اسے سمجھایا میں بس جلدی پہنچ رہا ہوں فکر نہ کرنا

نوجوان نے بتایا میں ابھی اپنے دوست کے محلے سے کچھ دور ہی تھا کہ ایک جیپ تیزی سے لہراتی ہوئی میری موٹر سائیکل کو ہٹ کر گئی میرے ساتھ آنے والے دوسری موٹر سائیکل والے دوست سڑک پر آ رہے سکندر نے جیپ والوں کو للکارا تو انہوں نے گالیاں دینا شروع کر دیں ماجھا جھٹ ایک جمپ لگا کر جیپ پر بیٹھے بدقماشوں پر پل پڑا جتنی دیر میں وہ سنبھلتے ہم چاروں نے مار مار کر ان کا بھرکس نکال دیا پورا محلہ اکٹھا ہو گیا لوگ سڑکوں پر، دکانوں کے آگے اور مکانوں کی چھتوں پر چڑھ کر یہ لڑائی مار کٹائی دیکھ رہے تھے جیپ والے آڑے ترچھے پڑے ہمارے آگے ہاتھ جوڑ رہے تھے اتنے میں ایک بزرگ ہمارے پاس آ گئے بڑی محبت سے ہمارے کندھوں کو تھپتھپانے لگے کچھ پرجوش لڑکوں نے ہمارے حق میں نعرے لگانے لگ گئے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ لوگ اتنے خوش کیوں ہیں؟ کچھ دیر بعد علم ہوا تو ہمارے 14 طبق روشن ہو گئے جن لوگوں کو مار مار کر ہم نے بندر بنا دیا تھا وہ شیدا پھاٹک اور اس کے ساتھی تھے۔

وہ نوجوان مسکرا کر بولا آپ لوگ دیکھ لیں گے جنگ ہوئی تو پاکستان بھارت کا حال شیدے پھاٹک جیسا کر دے گا کیونکہ بھارتی حکمران خود کو برصغیر کا تھانیدار سمجھنے لگے ہیں یہ ان کی بڑی فاش غلطی ہے بھارت خود کو سپر پاور سمجھ رہا ہے، یہ اس کی بھول ہے پاکستان جنگ نہیں چاہتا اس وقت 25 کروڑ پاکستانی سب کے سب متحد ہیں دنیا جانتی ہے کہ ہم پرامن قوم ہیں لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہم سب لڑنا جانتے ہیں پاکستان نے ہمیشہ ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے پہلگام واقعے کی بھی مذمت کی اس کے برعکس پاکستان میں دہشتگردی پر بھارت نے کبھی مذمت نہیں کی جو اس بات کا بین ثبوت ہے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں بھارت ملوث ہوتا ہے۔

حالات و واقعات کا بغور جائزہ لیا جائے تو ایک بات نتیجے کے طور پر سامنے آتی ہے کہ بھارتی سرکار نے مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردی کے بعد پاکستان پر الزامات کی بارش کر دی، سیاحوں کا قتل ایک سانحہ ہے مگر دنیا اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ پاکستان خود دہشتگردی کا شکار ہے جس کے نتیجہ میں ہزاروں افراد شہید ہو چکے ہیں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں تاریخ کا حصہ ہیں دہشتگردی کا ناسور انتہائی خوفناک ناک ہے یہ انصاف سچ، امن اور تہذیب پر حملہ ہوتا ہے بھارتی خفیہ ایجنسی را کا ایجنٹ کلبھوشن خود پاکستان میں دہشت گردی کے ملوث ہونے کا اعتراف کر چکا ہے جس کے ثبوت بھارت دیئے جا چکے ہیں جبکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ سری لنکا، کینیڈا اور دیگر ممالک میں بھی بھارت دہشتگردی میں ملوث ہے، بھارت میں ریاستی دہشت گردی دراصل ان کی اپنی ایجنسیوں کی ناکامی ہے اس ناانصافی اور ظلم کے خلاف عالمی خاموشی شرمناک ہے پوری دنیا جانتی ہے کہ مقبوضہ کشمیر بھارت کا حصہ نہیں، عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے، بھارت پاکستان کو اپنی نااہلی کا ذمے دار ٹھہرانے کی کوشش میں مقبوضہ کشمیر میں خون کی ہولی کھیل رہا ہے، کشمیریوں کو حق خود ارادیت دینا ہی مسئلے کا حل ہے پاکستان کی مسلح افواج ہر طرح کی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں، 25 کروڑ پاکستانی متحد ہیں، دشمن ہمیں تقسیم نہیں کر سکتا، پوری قوم اس وقت اپنی بہادر مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم متاثرہ ہیں بھارت پاگل پن کا مظاہرہ کرنے پر تلا ہے تو وہ جان لے ہم جھکنے والے نہیں ہم جانتے ہیں جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات اور مکالمہ ہی تنازعات کے حل کا مؤثر ذریعہ ہیں ہم مذاکرات کے حامی ہیں لیکن ہمارا عزم ہے کہ پاکستان کی سالمیت اور وقار پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے امن کے لئے جنگ ناگزیر ہے تو ہم جنگ کیلئے تیار ہیں۔

اوکاڑہ کی پہچان یونیورسٹی اور سلمان

تحریر: سلمان احمد قریشی

کسی بھی معاشرے کی ترقی کا دارومدار تعلیم پر ہوتا ہے، اور تعلیم کی روشنی جب علم و تحقیق کی اعلیٰ درسگاہوں سے پھوٹتی ہے تو وہ معاشرے کے ہر گوشے کو منور کر دیتی ہے۔ اوکاڑہ، جو ماضی میں صرف زراعت کے حوالے سے جانا جاتا تھا، آج ایک نئے تعلیمی اور فکری دور سے گزر رہا ہے۔ اس تبدیلی کی علامت یونیورسٹی آف اوکاڑہ ہے، جو دن بدن علم، تحقیق اور کردار سازی کے میدان میں آگے بڑھ رہی ہے۔ اس یونیورسٹی کا قیام نہ صرف اس خطے کے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولنے کا باعث بنا بلکہ اس نے ایک فکری انقلاب کی بنیاد بھی رکھ دی ہے۔

یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی علمی فضا، ترقی پذیر انفراسٹرکچر، متحرک قیادت اور نوجوانوں میں جذبہ حب الوطنی پیدا کرنے والے اقدامات اس ادارے کو جلد ہی پاکستان کی صفِ اول کی جامعات کی صف میں لا کھڑا کریں گے۔ خاص طور پر موجودہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین کی سربراہی میں اس ادارے نے جو انقلابی پیش رفت کی ہے، وہ اس خطے کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔ ان کی قیادت میں یونیورسٹی نے نہ صرف علمی میدان میں ترقی کی ہے بلکہ معاشرتی سطح پر بھی مثبت تبدیلیوں کی راہ ہموار کی ہے۔

اسی علمی ماحول میں یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے شعبہ میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کے زیرِ اہتمام ایک نہایت خوبصورت اور بامقصد سیمینار منعقد کیا گیا، جس کا مقصد ملک کے سینئر اور باوقار صحافی سلمان غنی کو سول ایوارڈ ملنے پر خراجِ تحسین پیش کرنا تھا۔ سلمان غنی کا تعلق اسی خطہ اوکاڑہ سے ہے اور ان کی کامیابی دراصل اس مٹی کی کامیابی ہے۔ ان کا اعزاز اس شہر، اس یونیورسٹی اور یہاں کے طلبہ کے لیے نہ صرف باعثِ فخر ہے بلکہ ایک محرک بھی ہے کہ خوابوں کی تعبیر ممکن ہے اگر نیت صاف ہو، محنت مخلصانہ ہو اور مقصد بلند ہو۔

سیمینار کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین نے کی، جبکہ سلمان غنی بطورِ مہمانِ خصوصی شریک تھے۔ دیگر معزز مہمانوں میں ایم این اے چوہدری ریاض الحق جج، سماجی کارکن مظہر حسین ساہی، اور معروف کالم نگار و تجزیہ نگار اسلم ڈوگر شامل تھے۔ اس موقع پر طلبہ، اساتذہ اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جو اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ سلمان غنی کی شخصیت صرف صحافت تک محدود نہیں بلکہ وہ ایک عوامی اور فکری رہنما کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔

شعبہ کے سربراہ ڈاکٹر زاہد بلال نے استقبالیہ کلمات میں سلمان غنی کی صحافت کو امید، امن، ترقی اور محبت کا پیغام قرار دیا۔

انہوں نے انہیں "عوامی صحافی " کہا جنہوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کو اجاگر کیا اور قومی بیانیے کو استحکام دیا۔ ہمارا ماننا ہے شعبہ کے سربراہ ڈاکٹر زاہد بلال صرف ایک استاد نہیں بلکہ سچائی کو زبان دینے،، قوم کی رہنمائی کرنے اور معاشرے کے ضمیر کو بیدار کرنے میں مصروف ہیں۔ اسلم ڈوگر نے سلمان غنی کو عاجز، بے لوث اور سچ کے متلاشی صحافی قرار دیا، جبکہ چوہدری ریاض الحق نے انہیں پاکستان کا فخر کہا اور اس بات پر زور دیا کہ زرد صحافت کے دور میں سچ اور ذمہ داری کی صحافت کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

سماجی کارکن مظہر ساہی نے سلمان غنی کے سول ایوارڈ کو اوکاڑہ کے لیے تاریخی قرار دیا۔ خود سلمان غنی نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی صحافت پاکستان اور عوام کے مسائل سے جڑی ہوئی ہے، اور صحافت کا اصل مقصد قوم کو جوڑنا، سچائی کا پرچار کرنا اور امید پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی ترقی اور وائس چانسلر کی قائدانہ صلاحیتوں کو سراہا اور ایم این اے چوہدری ریاض الحق کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے جامعہ کے لیے 1.5 ارب روپے کے فنڈز مہیا کیے۔

راقم الحروف کو بھی اس پروقار تقریب میں اظہارِ خیال کا موقع دیا گیا، جو ہمارے لیے نہایت اعزاز کی بات تھی۔ ہم نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ سلمان غنی جیسے شخصیات کسی خطے کی پہچان اور اثاثہ ہوا کرتی ہیں۔ ان کا سول ایوارڈ دراصل اوکاڑہ کی علمی، فکری اور صحافتی شناخت کا اعتراف ہے۔ ہم نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ سلمان غنی گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول اوکاڑہ میں میرے والد محترم، ضمیر قریشی (مرحوم) کے شاگرد رہ چکے ہیں۔ وہ اس دور کو آج بھی محبت سے یاد کرتے ہیں، اور ہمیشہ ہمارے خاندان سے احترام و عقیدت کا تعلق برقرار رکھا۔ شاگردی کا یہ رشتہ محض تعلیمی ادارے تک محدود نہیں رہا، بلکہ اس نے شخصیت سازی، خاندانی اقدار، اور باہمی احترام کے رشتے کو عمر بھر کے تعلق میں بدل دیا۔ سلمان غنی کی یہی انکساری اور ظرف انہیں عظیم بناتا ہے۔"

سینئر صحافی اور تجزیہ نگار سلمان غنی نے ہمیشہ اپنی جنم بھومی اور تعلیمی ادارے سے گہری وابستگی کا عملی ثبوت دیا۔ ان کی یہ آمد محض ایک رسمی دورہ نہیں تھی، بلکہ ان کی علمی و صحافتی خدمات کے اعتراف اور تعلیمی ادارے سے محبت کے اظہار کا مظہر تھی۔ ہمارے لیے یہ فخر کی بات ہے کہ گزشتہ سال انہیں صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا اور امسال ان کی صحافتی خدمات کے اعتراف میں ستارہ امتیاز عطا کیا گیا، جو ان کی بے لوث صحافتی وابستگی اور تجزیاتی مہارت کا شاندار اعتراف ہے۔ ان کی آمد نہ صرف ایک خوشگوار لمحہ تھی بلکہ موجودہ طلبہ کے لیے ایک روشن مثال اور تحریک کا باعث بھی بنی۔ ہمارا کہنا ہے نوجوان طلبہ سلمان غنی کی زندگی سے سیکھیں کہ کامیابی کے سفر میں محنت، دیانت، مطالعہ اور انسان دوستی کتنی اہمیت رکھتی ہے۔ "صحافت صرف خبر دینے کا نام نہیں، بلکہ سچائی کو زبان دینا، قوم کی رہنمائی کرنا، اور معاشرے کے ضمیر کو بیدار کرنا صحافت کی اصل روح ہے اور سلمان غنی اس روح کے محافظ ہیں۔" اسلم پراچہ اور رائے احمد حسن نے بھی اظہار خیال کیا۔

تقریب کے اختتام پر سلمان غنی اور دیگر مہمانانِ گرامی کو اعزازی شیلڈز پیش کی گئیں، جبکہ وائس چانسلر نے چوہدری ریاض الحق کو "محسنِ جامعہ "اور مظہر ساہی کو "رفیقِ جامعہ " کے اعزازات سے نوازا۔

یہ تقریب نہ صرف ایک انفرادی شخصیت کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا مظہر تھی، بلکہ یہ اس بات کی علامت بھی تھی کہ اوکاڑہ اب صرف زمین کی زرخیزی سے نہیں، بلکہ ذہنوں کی بالیدگی سے بھی پہچانا جائے گا۔ سلمان غنی کا اعزاز اوکاڑہ کے ہر نوجوان کے لیے پیغام ہے کہ بڑے خواب دیکھیے، محنت کیجیے اور اپنی مٹی سے محبت کیجیے، کیونکہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی قیادت، خاص طور پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین کی کاوشیں اس شہر کو ایک نیا فکری مرکز بنا رہی ہیں۔ میری دعا ہے کہ یہ جامعہ علم، تحقیق اور کردار سازی کے میدان میں ہمیشہ سربلند رہے، اور ہمارے نوجوان ایسے ہی قابلِ تقلید شخصیات سے روشنی لیتے رہیں۔

پاکستان اور انڈیا کی جنگ: غزہ پر قبضہ کرنے کی سازش

تحریر: واجد

دنیا آج ایک سنگین دلدل میں پھنس چکی ہے، جہاں انسانیت کے بلند و بانگ دعوے بے معنی ہو چکے ہیں اور عالمی ضمیر اپنے ہی قاتل ہاتھوں میں کسے ہوئے ہے۔ ایک طرف غزہ میں خون کی ندیاں بہ رہی ہیں، معصوم بچے، جنہیں ابھی دنیا دیکھنے کا موقع نہ مل سکا، ان کی لاشیں گلیوں میں بے دردی سے پھیل گئی ہیں۔ مائیں اپنے جگر گوشوں کی لاشوں کو سینے سے لگائے دفن کر رہی ہیں، عورتیں بیوہ ہو رہی ہیں، اور ہزاروں نہیں، لاکھوں افراد اپنے وطن اور اپنے گھروں سے بے گھر ہو چکے ہیں۔ غزہ کا ہر شہر، ہر گلی، ہر محلہ کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے اور انسانیت کے تصور کو دفن کیا جا رہا ہے۔ لیکن دوسری طرف، عالمی طاقتیں اور میڈیا کی خاموشی پر نظر دوڑائیں تو دل میں مایوسی اور غم کا ایک طوفان اٹھتا ہے۔ اقوامِ عالم کی خاموشی ایک سوال اٹھتا ہے کہ کیا ان کی نظر میں فلسطینیوں کی زندگیوں کی کوئی اہمیت نہیں؟ کیا ان کی جانوں کی کوئی قیمت نہیں؟

اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کا غزہ میں مکمل آپریشن کا اعلان ایک کھلی دھمکی اور ایک بدترین عالمی جرم ہے۔ نہ صرف یہ کہ وہ فلسطینیوں کو غزہ چھوڑنے کی دھمکیاں دے رہا ہے، بلکہ ایک پورے علاقے کو مٹانے کی دھمکی دے رہا ہے، تاکہ وہ اپنے گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو عملی جامہ پہنا سکے۔ ان کی یہ سوچ صرف فلسطینیوں کے لئے نہیں، بلکہ پورے مسلمانوں کے لئے ایک چیلنج ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل کی حد مکہ اور مدینہ ہے اور یہ صرف اسرائیل تک محدود نہیں رہے گا۔ اگر اس خطرے کو روکنے کے لئے عالمی قوتیں اور مسلمان متحد نہ ہوئے، تو ہم صرف فلسطینیوں کا ہی نہیں، بلکہ اپنی تقدیر کا بھی جنازہ نکال رہے ہوں گے۔ اسی دوران، کچھ نام نہاد مذہبی اسکالرز، جنہوں نے کسی مدرسے میں یا کسی استاد یا شیخ کے پاس الف سے با تک نہیں پڑھا، فلسطینیوں کو مشورہ دے رہے ہیں کہ وہ غزہ چھوڑ دیں۔ یہ نہ صرف ایمان کی کمزوری اور بے وقعت سوچ ہے، بلکہ دشمن کے آلہ کار بننے کے مترادف ہے۔ ان سے یہ سوال کریں کہ اگر کل مکہ اور مدینہ پر خطرہ آ جائے، تو کیا مسلمان انہیں بھی چھوڑ دیں؟ کیا انبیا کی سرزمین فلسطین اتنی کم قیمت ہو گئی ہے کہ ہم اسے دشمن کے دبا میں آ کر خالی کر دیں؟ جب انبیا کی سرزمین پر دھوکہ دیا جا رہا ہے، تو کیا ہم اپنے ایمان کی قیمت پر خاموش رہیں گے؟

اس بحران کا ایک اور المیہ یہ ہے کہ جنگ بندی کے باوجود جب فلسطین میں ظلم کی انتہا ہو چکی ہے، عالمی میڈیا اور عالمی طاقتیں اپنی ساری توجہ پاکستان اور بھارت کے درمیان زبانی کشیدگی کی طرف موڑ رہی ہیں۔ پہلگام جیسے واقع کو ابھار کر دنیا کی توجہ فلسطین کے مظلوموں سے ہٹا دی گئی ہے۔ اب تو عالمی میڈیا سیکیا گلہ، مسلم ممالک کی میڈیا اور سوشل میڈیا پر صرف پاکستان انڈیا کی لفظی جنگ کی خبریں چل رہی ہیں، اس وقت ہر کوئی فلسطینیوں کی آہ و پکار کو نظر انداز کر رہا ہے۔ یہ ایک عالمی سازش ہے کہ دنیا اور تمام میڈیا کو پاکستان اور انڈیا کی جنگ پر لگا کر اسرائیل کو کھلی چھوٹ دینا ہے کہ وہ غزہ میں لوگوں کو بے گھر کر کے ان کو اپنی ہی سرزمین سے نکال دے اور کسی کو کانوں کان خبر بھی نہ ہو۔

لیکن اس تمام تر صورتِ حال میں ہماری ذمہ داری اور بڑھ جاتی ہے۔ ہمیں اپنے بیانیے کو درست رکھنا ہوگا اور عالمی سطح پر فلسطینیوں کے حق میں آواز اٹھانی ہوگی۔ ہمیں بھارت کی زبانی دھمکیوں کی طرف توجہ دینے کی بجائے فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی حمایت میں متحد ہونا ہوگا۔ کیونکہ یہ جنگ صرف زمین کی نہیں، بلکہ عقیدے، عزتِ نفس اور آزادی کی جنگ ہے۔ یہ جنگ ہماری تاریخ اور ہمارے ایمان کی جنگ ہے اور اگر آج ہم خاموش رہے تو کل تاریخ ہمیں اس جرمِ بے حسی پر معاف نہیں کرے گی۔

ہمیں اپنی طاقت، اپنی آواز، اور اپنی حمایت فلسطینیوں کے ساتھ رکھنی ہوگی۔ ان کا درد ہمارا درد ہے، ان کی آزادی ہماری آزادی ہے۔ اور اگر ہم نے آج فلسطینیوں کا ساتھ نہ دیا، تو کل ہماری نسلیں ہمیں اس غفلت پر کبھی معاف نہیں کریں گی۔

پاک بھارت تعلقات میں تنا۔صورتحال کے تناظر میں۔

تحریر۔فخر الزمان سرحدی ہری پور

پاکستان رب کریم کی طرف سے ایک بہترین عطیہ ہے۔ اس کا قیام اسلامی نظریہ حیات کے تحت عمل میں آیا۔ اکابرین کی قربانیوں کا شاہکار ملک پاکستان حالات کے تناظر میں جن مشکلات اور چیلنجوں کا شکار ہے اور مسال کا سامنا ہے اس پر بسیط تبصرہ اور تجزیہ کی ضرورت ہے۔ اہل قلم اس صورتحال پر معروضات پیش کرتے ہوئے حالات کی عکاسی کرتے رہتے ہیں۔ اس صورتحال کے تناظر میں پیارے ملک پاکستان کو کثیر جہتی بحرانوں اور مسال کا سامنا ہے۔ معاشی و معاشرتی مسال دہشت گردی کا آسیب شدت پسندی اور انتہا پسندی کی لہر مسلک اور فرقہ واریت نسلی اور خاندانی تعصبات کا زہر سیاست کی بھول بھلیاں، پڑوسی ممالک کی طرف سے مشکلات جیسے عوامل کا سامنا ہے۔ ان حالات کے گہرے اثرات سے پاکستان کے عوام مشکلات کا شکار ہیں۔ بھوک، افلاس، غربت سے عوام پر منفی اثرات پڑتے ہیں۔ اس منظر نامہ کی روشنی میں بہت سارے اقدامات کی ضرورت ہے۔ داخلی اور خارجی حالات کی نوعیت کے مطابق لائحہ عمل طے کرنے کی ضرورت ہے۔ اس وقت جنوبی ایشیا میں بھارت کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے تعلقات ہمیشہ کشیدہ ہی رہے۔ پاک بھارت جنگوں کا احوال تو بڑا طویل ہے۔ جب بھارت نے ایٹمی دھماکے کیے تھے تو خطہ میں ایک اور پریشان کن صورتحال نے جنم لیا۔ تاہم پاکستانی قوم نے عزم اور بلند حوصلہ سے کام لیتے جوابی طور پر ایٹمی دھماکے کر دیے۔ اس طرح خطہ میں طاقت کا توازن برقرار رہا۔ حال ہی میں پہلگام حملہ کے بعد بھارتی رویہ اور اقدامات سے جنگی ماحول پیدا ہو رہا ہے جو دونوں ممالک کے مفاد میں نہیں۔ سندھ طاس معاہدہ کی تنسیخ سے مزید دوریاں پیدا ہوئیں جو اب بھی بدستور جاری ہیں۔ اس ضمن میں پاکستان نے پیدا شدہ صورتحال سے عالمی برادری اور سلامتی کونسل و خلیج تعاون کونسل کو اپنا نقطہ نظر بتایا ہے۔ اس ضمن میں پاکستان کی طرف سے ڈی۔جی۔آئی۔ایس۔پی۔آر نے ایک جملہ میں آغاز آپ کریں گے اختتام ہم مختصر مگر جامع مقف بیان کر دیا۔ اس وقت جس صورتحال بلوچستان میں پیدا ہو رہی ہے۔ یہ ایک سنگین صورتحال ہے۔ کشمیر کے معصوم عوام کو حق خود ارادیت دینے کے لیے پاکستان آواز بلند کرتا رہے گا۔ تاہم اس وقت معیشت کے استحکام اور صنعتی و زرعی انقلاب لانے کی ضرورت ہے۔ ملک میں فروغ تعلیم، صحت اور حفظان صحت کے لیے اقدامات بے روزگاری کا خاتمہ سیاسی استحکام تو سب سے زیادہ ضروری ہے۔ یہ بات تو روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ جب تک دفاع وطن کے لیے اقدامات نہیں کیے جائیں گے اس وقت تک پاکستان کی سلامتی ممکن نہیں۔ یہ بات تو مسلمہ ہے پاک فوج مضبوطی کے ساتھ اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے کوشاں ہے۔ ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا میں جب مقف مضبوط انداز سے پیش ہوگا تو عالمی برادری بھی اصل صورتحال سے آگاہ ہو گی اور دنیا بھر میں پاکستان کو جن مسال کا سامنا ہے اس سے بھی آگاہی ہو گی۔ حکومت اور اپوزیشن کے مابین پاکستان کی سلامتی کے حوالے سے ہم آہنگی کی ضرورت ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے کہ پاکستان جنت نظیر خطہ ہے۔ پانچ دریاں کی سرزمین ہے۔ پہاڑوں میں معدنیات کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ زرخیز زمینیں ہیں۔ اس کی ترقی اور خوشحالی کے لیے حالات کا سازگار ہونا ضروری ہے۔ ملکی سلامتی سے ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔ امن کی فاختہ نغمہ سرائی تبھی کرتی ہے جب باغ کا ماحول اچھا ہو۔ بھارت ایک پڑوسی ملک کی حیثیت سے جنوبی ایشیا میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرے۔ وقت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ جنگ تو تباہی اور بربادی لاتی ہے۔ دونوں ممالک مثبت کردار ادا کرتے جنوبی ایشیا میں امن کی فضا پیدا کریں۔ بھارتی سورماں کو اس بات پر ضرور غور کرنا چاہیے کہ جنگ اچھی نہیں اور جنگ کی تباہ کاریاں بھی اچھی نہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی اور امن کی اہمیت تو معاشرتی اور سماج کی ترقی میں بہت زیادہ ہے۔ یہ بات تو روز روشن کی طرح عیاں بھی ہے کہ جنوبی ایشیا میں خوشگوار ماحول کی ضرورت ہے۔ حیات انسانی کے فروغ اور ترقی کے لیے ماحولیات پر توجہ دینے کی زیادہ ضرورت ہے۔ ایٹمی جنگ کی تباہی تو دوسری جنگ عظیم کے منظر نامہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔ اور سینہ تاریخ میں آج بھی وہی داستان غم کی طرح تازہ ہے۔ اخلاص اور الفت کے تقاضوں سے آشنائی سے دنیا ہر قسم کے فتنہ و فساد سے محفوظ رہتی ہے۔ وطن سے محبت کے تقاضے تو یہی ہیں کہ ایک جذبہ اور حسنِ خیال زندہ رہے۔ پاکستانی قوم اپنے لیے ترقی اور امن کی راہوں کا انتخاب شروع دن سے کرتی چلی آ رہی ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہر نعمت موجود ہے۔ آبی وسائل سے بجلی پیدا کی جا رہی ہے۔ میدانی علاقوں میں دریاں کے پانی سے زمینیں سیراب ہوتی ہیں۔ کوئلہ اور نمک کی کانوں سے بھی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ فصلیں اور پھل کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ خدا کرے یہ چمن ہرا بھرا رہے۔ دشمنوں کے عزائم انتہائی خطرناک ہیں۔ پاکستان کی سلامتی کو خطرات لاحق ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ پڑوسی ممالک کے ساتھ بہتر روابط پیدا کرنے کی سعی کی لیکن مقام صد افسوس کہ جب بھی صلہ ملا تو جنگ کی صورت میں اور دھمکی آمیز ماحول کی صورت میں۔ ایک امن پسند ملک ہمیشہ عالمی قوانین اور ضوابط کا احترام کرتا ہے۔ دنیا کے ساتھ بہتر تعلقات کو فروغ دینا وقت کا تقاضا ہے۔ پاکستان کی سلامتی اور استحکام اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ قومی افق پر رونما ہونے والے مسال سے نجات کے لیے جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ بھارتی رویوں سے امن و امان کے مسائل جنم لیتے ہیں۔ اس صورتحال کے خاتمہ کا واحد حل مسئلہ کشمیر کا حل ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں معصوم آزادی مانگنے والوں پر مظالم کا سلسلہ دراز ہوتا جا رہا ہے۔ عالمی سطح پر جنوبی ایشیا کا امن بحال کرنے کے لیے عملی اقدامات تجویز کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان نے اس بار جس عزم سے جواب دینے کی بات کی اس پر عالمی دنیا کو بھارتی رویے کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے۔ پاک فوج دفاع وطن کی خاطر بھرپور تیاریوں میں مصروف عمل ہے۔ فوجی مشقیں دفاع وطن کے لیے لازم ہوتی ہیں۔ بھارت میں جب انتخابی سرگرمیوں کا موسم ہوتا ہے تو بی۔جے۔پی پاکستان کے خلاف محاذ کھول لیتی ہے۔ یہ روش علاقہ میں اور خطہ میں قیام امن کے لیے نیک شگون نہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی حوصلہ شکنی کی کوششیں جاری رکھیں جو عالمی سطح پر ایک مثبت قدم شمار ہوتا ہے۔ امن پسندی کو عملی طور پر ثابت کرنے میں پاکستان نے تاریخ ساز کردار ادا کیا۔ بھارت خطے میں ایک ذمہ دار ملک کا کردار ادا کرنے میں ناکام رہا۔ ایٹمی قوت کی حیثیت سے انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے معاملات کو سدھارنا چاہیے۔ جنگ مسائل پیدا کرتی ہے۔ اس لیے اس کی روک تھام کے لیے بات کرنی چاہیے۔ تا کہ دونوں ممالک کے مابین تنا کم ہو سکے اور امن و امان کی صورتحال میں بہتری پیدا ہو۔

" تنظیم آبادی برائے مساوی مستقبل "

رزاق احمد غفاری

کوئی بھی شعبہ بہتر انتظامات اور منصوبہ بندی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اور ملک کو چلانے کے لیے تو بہترین منتظم کی ضرورت ہوتی ہے اور گھر کا ماحول چلانے کے لیے جہاں اچھے منتظم کی ضرورت ہوتی ہے وہیں پیار کرنے والے تعاون کرنے والے فرد کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ مل مشاورت سے نظام چلانے میں مہارت رکھتا ہو اسلام خیر خواہی کا دین ہے انسانی فلاح و بہبود کا خاص خیال رکھا ہے اور واضح احکامات موجود ہیں اسی طرح ہر معاشرہ میں فلاح پر زور دیا جاتا ہے اسلام اور دیگر مذہب میں بھی فلاح و بہبود کے حوالے سے بات کی جاتی ہے، ملک میں نظام چلانے کے سلسلہ میں مختلف ادارے کام کر رہے ہیں جو کہ اپنے اپنے دائرہ کار کے مطابق کام کر رہے ہیں گزشتہ دنوں ڈسٹرکٹ آفیسر پاپولیشن ویلفیئر گجرات جناب عمر فاروق صاحب کی دعوت پر DHDC عزیز بھٹی شہید ٹیچنگ ہسپتال گجرات میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ میں شرکت کرنے کا موقع ملا جو کہ ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام چلنے والے پاپولیشن ویلفیئر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ لاہور کی طرف سے منعقد کی گئی۔ یہ تربیتی ورکشاپ بعنوان " تنظیم آبادی برائے مساوی مستقبل " منعقد ہوئی، ہماری خوش قسمتی سے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے لیے عرصہ دراز سے کام کرنے والی پنجاب کی محنتی اور بہت ہی ذہین خاتون محترمہ رضیہ سلطانہ صاحبہ پرنسپل پاپولیشن ویلفیئر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ لاہور سے ملاقات کرنے کا بھی موقع ملا اور ان کے افکار سے آگاہی حاصل ہوئی انہوں نے اپنے مسحور کن انداز میں شرکا کو آبادی کو منظم اور باشعور بنانے کے سلسلہ میں آگاہی فراہم کی انہوں نے اپنے ادارے اور محکمے دونوں کے بارے میں تفصیلا بریفنگ دی میں ان کا ادارہ تربیتی نظام کو آگے بڑھا رہا ہے اس ادارے نے مایا ناز آفیسرز پیدا کیے جنہوں نے پاپولیشن کے شعبہ میں شاندار خدمات سرانجام دی محترمہ رضیہ سلطانہ صاحبہ نے بہترین انداز میں انسان کی بنیادی ضروریات، انسان کے مقام، وجود اور حقوق و فرائض کے بارے میں آگاہی دے انہوں نے فیملی پلاننگ کے قومی بیانیہ پر بھی روشنی ڈالی اور شرکا کو پاکستان میں آبادی کے بڑھنے سے تبدیلی ماحولیاتی تبدیلیاں ظہور پذیر ہو رہی ہیں وسائل میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے بتایا کہ پاکستان کا شمار ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے لیکن شرح پیدائش دوسرے ترقی پذیر ممالک کی نسبت بہت زیادہ ہے جس سے آبادی میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے زچہ و بچہ کی شرح اموات میں بھی اضافہ ہوا ہے اور پاکستان میں ہجرت کر کے آنے والوں کی تعداد میں بھی بہت اضافہ ہوا ہے قدرتی آفات، ناخواندگی، توہم پرستی، کم عمر میں بچوں کی شادی و دیگر مسائل بھی آبادی میں اضافہ کا باعث بن رہے ہیں 2017 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں آبادی 20 کروڑ 76 لاکھ تھی جو کہ بہت بڑا اضافہ تھا جب تک ہم اپنے خاندان کو منظم نہیں کریں گے اور اپنی ضرورت کے مطابق بچوں کی پیدائش کا سلسلہ نہیں رکھیں گے مسائل یو ہی بڑھتے رہیں گے، اور اپنی مسائل ہم نے خود ہی حل کرنے ہیں، اس موقع پر ممتاز علما کرام حافظ محمد نصر اللہ، علامہ محمد نقیب چشتی، علامہ محمد افضال خاموش اور دیگر نے بھی اسلامی نقطہ نظر سے بیان کیا اور خاندان کو اپنے وسائل کے مطابق رکھنے پر زور دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر طاہر عزیز نے خطاب کرتے ہیں کہا کہ سماجی رویوں میں مثبت تبدیلی سے معاشرہ میں جہالت نا انصافی اور برائیوں کا خاتمہ ہوگا سماجی رویوں میں تبدیلی سے ملکی معیشت میں استحکام اور ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو جائیں گی بیٹا ہو یا بیٹی ان کو مساوی حقوق فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے اور یہی اسلام تعلیمات کے مطابق ہے، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ عزیز بھٹی شہید ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر باسط نے بتایا کہ روزمرہ کے مسائل میں سب سے بڑا مسئلہ زچگی کے عمل کے دوران ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے ہوتا ہے ماں کی صحتیں اتنی اچھی نہیں ہوتی کہ وہ زچگی کے عمل سے گزر سکیں جس سے ماں کی جان کو خطرات لاحق ہوتے ہیں ایسے میں ڈاکٹرز کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ وہ لوگوں میں بڑھتی ہوئی آبادی اور مسائل کے حوالہ سے آگاہی فراہم کریں اس سلسلہ میں عزیز بھٹی شہید ٹیچنگ ہسپتال گجرات میں بہتر انداز میں کام جاری ہے، ڈسٹرکٹ آفیسر پاپولیشن ویلفیئر گجرات عمر فاروق نے کہا کہ پنجاب حکومت نے عوام الناس کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کا بیڑا اٹھا رکھا ہے اس سلسلہ میں تمام ادارے، این جی اوز، سماجی شخصیات اپنا کردار ادا کریں اور لوگوں میں شعور بیدار کریں تا کہ ہم پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا پیغام گھر گھر پہنچا سکیں انہوں نے کہا کہ ہم میڈیا کا بھی شکر گزار ہیں وہ بہتر انداز میں ہمارے پیغام کو آگے پہنچا رہے ہیں اس موقع پر شرکا نے بڑھتی ہوئے آبادی اور مسائل کے حوالہ سے سوالات بھی کیے جن کے جواب محترمہ رضیہ سلطانہ صاحبہ نے احسن انداز میں دیا اس موقع پر ڈاکٹر مہک انور، ڈاکٹر کنول تبسم، رزاق احمد غفاری، ڈاکٹر زبیر انور چغتائی، عروش وسیم، حاجی جان و دیگر نے بھی خطاب کیا کوئی بھی شعبہ بہتر انتظامات اور منصوبہ بندی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اور ملک کو چلانے کے لیے تو بہترین منتظم کی ضرورت ہوتی ہے اور گھر کا ماحول چلانے کے لیے جہاں اچھے منتظم کی ضرورت ہوتی ہے وہیں پیار کرنے والے تعاون کرنے والے فرد کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ مل مشاورت سے نظام چلانے میں مہارت رکھتا ہو اسلام خیر خواہی کا دین ہے انسانی فلاح و بہبود کا خاص خیال رکھا ہے اور واضح احکامات موجود ہیں اسی طرح ہر معاشرہ میں فلاح پر زور دیا جاتا ہے اسلام اور دیگر مذہب میں بھی فلاح و بہبود کے حوالے سے بات کی جاتی ہے، ملک میں نظام چلانے کے سلسلہ میں مختلف ادارے کام کر رہے ہیں

قوت
SPORTS
PAKISTAN

جو ہوا اس سے غیر ملکی کھلاڑیوں کے اہلخانہ پریشان ہو گئے تھے، ثمین رانا

مشکل وقت تھا تاہم پی ایس ایل 10 کم وقت میں دوبارہ شروع ہونے جا رہی ہے، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز لاہور قلندرز کے ٹیم ڈائریکٹر ثمین رانا نے کہا ہے کہ جو ہوا اس سے غیر ملکی کھلاڑیوں کے اہلخانہ پریشان ہو گئے تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ثمین رانا نے کہا کہ مشکل وقت تھا تاہم پی ایس ایل 10 کم وقت میں دوبارہ شروع ہونے جا رہی ہے، پی ایس ایل فنانشل ماڈل کے چیلنجز پہلے سال کے بنے ہوئے ہیں۔ ثمین رانا نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی بار بار تبدیل ہونے کی وجہ سے فنانشل ماڈل ٹھیک نہیں ہو پایا، پی ایس ایل سے قبل 5 فرنچائز خریدنے کے لیے 6 افراد تھے، پی ایس ایل 6 بار منسوخ ہو چکی تھی

مچل اسٹارک کا IPL کے بقیہ میچز کیلئے بھارت واپس جانے سے انکار

اس حوالے سے مچل اسٹارک نے آئی پی ایل کی ٹیم دہلی کیپیٹلز کو اپنے فیصلے سے آگاہ کر دیا

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے بھارتی کرکٹ لیگ آئی پی ایل کے بقیہ میچز میں شرکت کیلئے بھارت واپس جانے سے انکار کر دیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق مچل اسٹارک نے سیکیورٹی خدشات اور خطے میں پائی جانے والی کشیدگی کے باعث بھارت واپس جانے سے انکار کر دیا ہے۔ اس حوالے سے مچل اسٹارک نے آئی پی ایل کی ٹیم دہلی کیپیٹلز کو اپنے فیصلے سے آگاہ کر دیا۔ انہوں نے فرنچائز کو بقیہ میچز سے اپنی عدم دستیابی کا بتایا ہے۔ مچل اسٹارک دھرم شالا میں بلیک آؤٹ کی وجہ سے روکے جانے والے میچ کا بھی حصہ تھے۔ ان کی اہلیہ ایلیسا ہیلی بھی وہاں موجود تھیں اور انہوں نے ایک انٹرویو میں دھرم شالا کے حالات کھل کر بتائے تھے۔ دوسری جانب فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ کندھے کی تکلیف کے باوجود بھارت واپس جا رہے ہیں۔

پی ایس ایل 10 کے بقیہ میچز کیلئے کئی نئے غیر ملکی کھلاڑی بھی شامل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے دسویں ایڈیشن کے ابتدائی راؤنڈ میں ٹورنامنٹ کا حصہ نہ بننے والے کھلاڑیوں نے بھی بقیہ میچز کیلئے پاکستان آنے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ پی ایس ایل 10 کے بقیہ میچز کے لیے غیر ملکی کھلاڑیوں نے ٹیموں کو جوائن کر لیا۔ بنگلہ دیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن اور راجا پاکسے، سری لنکا کے دینش چندیمل، اوشکا فرنینڈو، افغانستان کے گلبدین نائب، اسکاٹ لینڈ کے جارج منسے، انگلینڈ کے ایلکس ہیلز، جنوبی افریقی بیٹر رسی وین ڈر ڈوسن پی ایس ایل 10 کے ابتدائی میچز میں ٹیموں کا حصہ نہیں تھے تاہم ان تمام کھلاڑیوں نے پاکستان سپر لیگ 10 کے بقیہ 8 میچز کے لیے پاکستان آنے کے لیے دستیابی ظاہر کر دی

پیسوں کی دوڑ، رونالڈو نے تمام ایتھلیٹس کو پیچھے چھوڑ دیا

فوربز نے 2025 میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے ایتھلیٹس کی فہرست جاری کر دی

لزبن (آئی این پی) پیسوں کی دوڑ میں کرسٹیانو رونالڈو نے تمام ایتھلیٹس کو پیچھے چھوڑ دیا۔ فوربز نے 2025 میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے ایتھلیٹس کی فہرست جاری کر دی۔ پرتگالی فٹبالر مسلسل تیسرے سال سب سے زیادہ کمائی کرنے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں پہلے نمبر پر ہے۔ اسٹار فٹبالر نے 12 ماہ میں 27 کروڑ 50 لاکھ ڈالرز کمائے۔ امریکن باسکٹ بال پلیئر اسٹیفن کری نے 15 کروڑ 56 لاکھ ڈالرز کمائے۔ باکسر ٹائیسن فیوری تیسرے، امریکی فٹبالر ڈیک پریسکاٹ چوتھے اور لیونل میسی پانچویں نمبر پر موجود ہیں۔

پاکستان سپر لیگ 10 میں (آج) واحد میچ کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 10 کا دوسرا اسٹیشن (آج) ہفتہ سے شروع ہوگا جس میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کے مابین واحد میچ (آج) ہفتہ کو کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام پی ایس ایل کے دسویں ایڈیشن کے دلچسپ مقابلے پاک بھارت کشیدگی کے بعد دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس ضمن میں لیگ کے 27 ویں میچ میں ہفتہ کو کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں پنڈی کرکٹ سٹیڈیم، راولپنڈی میں مدمقابل ہوں گی۔ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا۔

سحرش نے یو ایس اے جونیئر ویمن گولڈ سکواش چیمپئن شپ جیت لی

ٹائٹل کیلئے ہونیوالے مقابلے میں حیران کن طور پر سحرش علی نے ٹاپ سیڈ ماہ نور علی کو 0-3 سے ہرا دیا

نیویارک: (ویب ڈیسک) پشاور سے تعلق رکھنے والی سحرش علی نے اپنی بہن ماہ نور علی کو شکست دے کر یو ایس اے جونیئر ویمن گولڈ سکواش چیمپئن شپ جیت لی، سحرش علی نے گولڈ اور ماہ نور علی نے سلور میڈل حاصل کیا۔ نیویارک میں چیمپئن شپ کے گرلز انڈر 15 ایونٹ کا فائنل علی سسٹرز کے درمیان کھیلا گیا، ٹائٹل کیلئے ہونے والے مقابلے میں حیران کن طور پر سحرش علی نے ٹاپ سیڈ ماہ نور علی کو 0-3 سے ہرا دیا۔ اس سے پہلے سیمی فائنل میں ماہ نور علی نے امریکہ کی ہیلسز سوئیٹ ایم کو با آسانی 0-3 سے مات دی جبکہ سحرش علی نے جولی کو 1-3 سے ہرایا تھا۔ یاد رہے کہ انٹرنیشنل ویمن سکواش میں فتوحات کے جھنڈے گاڑنے والی علی سسٹرز نے میلبورن میں ہونے والی آسٹریلین جونیئر ویمن اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کا نام روشن کرتے ہوئے دنیا کو حیران کر دیا

کھیلوں کو سیاست سے پاک ہونا چاہیے: سید طاہر علی شاہ

ہاکی کے قومی کھیل کی موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کیا، سابق ہاکی پلیئر

لاہور: (ویب ڈیسک) پولینڈ میں گرینڈ اوور سیز پاکستانی الائنس کے صدر اور پاکستان ہاکی کے سابق کھلاڑی سید طاہر علی شاہ نے کہا ہے کہ کھیلوں کو سیاست سے پاک ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہاکی کے قومی کھیل کی موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ہاکی فیڈریشن کے موجودہ صدر طارق مسوری پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ ڈیڑھ سال میں پاکستان ہاکی میں پیسہ لانے کے بجائے ایک کروڑ سے زیادہ ٹی اے ڈی اے کی شکل میں لے چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے قومی کھیل ہاکی کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے

جو سیلسبری اور نیل سکوپسکی اٹالین اوپن ٹینس مینز ڈبلز سیمی فائنل میں پہنچ گئے

روم (این این آئی) انگلینڈ کے ٹینس سٹار جو سیلسبری اور ان کے ہم وطن جوڑی دار نیل سکوپسکی پر مشتمل برطانوی جوڑی اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مینز ڈبلز سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ فاتح برطانوی جوڑی نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں سپین کے ٹینس سٹار مارشل گرانولر اور ان کے ارجنٹائن کے جوڑی دار ہوراشیو زیبالوس پر مشتمل ایونٹ کی فورتھ سیڈ جوڑی کو شکست دی فورتھ سیڈ جوڑی کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 2-6 سے ہرا کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کر لیا۔

پی ایس ایل کے بقیہ میچز کیلئے ٹیمیں غیر ملکی پلیئرز کی فہرست فائنل کرنے لگیں

رائلی روسو اور فن ایلن نے بقیہ میچز کیلئے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو دستیابی ظاہر کر دی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے دسویں مرحلے کے بقیہ میچز کیلئے ٹیمیں غیر ملکی پلیئرز کی فہرست فائنل کرنے لگیں، رائلی روسو اور فن ایلن نے بقیہ میچز کیلئے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو دستیابی ظاہر کر دی۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے سری لنکا کے دینش چندیمل، اور اوشکا فرنینڈو کو بھی سائن کر لیا، افغانستان کے گلبدین نائب بھی گلیڈی ایٹرز کا حصہ ہوں گے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے اسکواڈ میں ایلکس ہیلز اور رسی وان ڈر ڈسن شامل ہیں، بین ڈوارشوئس، ٹیمال ملز اور جمی نیشم بھی یونائیٹڈ کے اسکواڈ کو دستیاب ہوں گے۔ ڈیوڈ وارنر، محمد نبی اور جیمز ونس کراچی کنگز کو جوائن کرنے کیلئے تیار ہیں، کنگز نے اسکاٹ لینڈ کے کھلاڑی جیورج منسے کو بھی اسکواڈ میں شامل کر لیا۔ سکندر رضا، شکیب الحسن اور راجا پکسے بقیہ میچز کیلئے لاہور قلندرز کا حصہ ہوں گے، پشاور زلمی کو لیوک ووڈ، کیڈمور، نجیب ذدران اور میکس برائنٹ کی کرکٹر جوش براؤن اور پیٹر ہیٹزوگلو ملتان سلطانز کے اسکواڈ میں شامل ہوں گے۔

ٹاپ سیڈ جینک سنر اٹالین اوپن ٹینس مینز سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئے

روم (این این آئی) اٹلی کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈ جینک سنر اور امریکا کے ٹینس کھلاڑی ٹومی پال اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت اے ٹی پی اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ 23 سالہ اٹلی کے ٹینس سٹار جینک سنر نے مردوں کے ٹاپ 8 میچ میں ناروے کے حریف کھلاڑی کیسپر رڈ کو شکست دی جبکہ امریکی ٹینس کھلاڑی ٹومی پال نے مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں پولینڈ کے حریف کھلاڑی ہیوبرٹ ہرکاز کو شکست دی

SHOWBIZ
قوت

کنگنا رناوت کو ٹرمپ سے متعلق پوسٹ کرنا مہنگا پڑ گیا

کنگنا کو نہ صرف اپنی پوسٹ حذف کرنا پڑی بلکہ باقاعدہ معافی بھی مانگنی پڑی

ممبئی (این این آئی) کنگنا رناوت کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق پوسٹ کرنا مہنگا پڑ گیا، انہوں نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی ہدایت پر پوسٹ حذف کر کے معذرت کر لی۔ بی جے پی کی رکنِ پارلیمنٹ اور معروف بالی ووڈ اداکارہ کنگنا رناوت ایک نئے تنازعے کی زد میں آ گئیں۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کا موازنہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے کیا، جسے بعد میں پارٹی قیادت کی ہدایت پر حذف کرنا پڑا۔ کنگنا نے پوسٹ میں کہا تھا کہ نریندر مودی کی عالمی مقبولیت سے ٹرمپ حسد کرتے ہیں اور انہوں نے مودی کو تمام الفا میلز کا باپ قرار دیا تھا۔ اس بیان پر بی جے پی کے حلقوں میں فوری ردعمل آیا اور متعدد رہنماؤں نے پارٹی صدر جے پی نڈا سے اس معاملے کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ جے پی نڈا کی ہدایت پر کنگنا کو نہ صرف اپنی پوسٹ حذف کرنا پڑی بلکہ باقاعدہ معافی بھی مانگنی پڑی۔ انہوں نے وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جے پی نڈا جی نے مجھے کال کر کے وہ ٹوئٹ ہٹانے کا کہا جو میں نے ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر کی تھی

ثنا نواز کی ورزش کرتے بولڈ ویڈیو پر تنقید

اداکارہ کے بولڈ اوتار کی ویڈیو مداحوں کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی

لاہور (آئی این پی) فلم و ٹی وی کی معروف اداکارہ ثنا نواز کی جم میں ورزش کرتے بولڈ لباس میں ویڈیو تنقید کی زد میں آ گئی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ثنا نواز کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ جم میں ورزش کرتی نظر آ رہی ہیں۔ اس ویڈیو نے جہاں کچھ صارفین اداکارہ کی فٹنس پر حیران کیا ہے وہیں کچھ صارفین ثنا کے نامناسب ایکٹیو ویئر اور بولڈ اوتار کو تنقید کا نشانہ بھی بنا رہے ہیں۔ ویڈیو کو کیپشن دیتے ہوئے اداکارہ کا کہنا تھا کہ خود پر زیادہ سختی نہ کریں تاہم اداکارہ کے بولڈ اوتار کی ویڈیو مداحوں کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی جس کے کمنٹ سیکشن میں صارفین ثنا نواز کو سستی شہرت کیلئے کیے جانے والے پبلسٹی اسٹنٹ پر تنقید کا نشانہ بناتے نظر آئے۔ ویڈیو کے کمنٹ سیکشن میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے ایک صارف کا کہنا تھا کہ ثنا نے یقیناً بیوٹی فلرز کروائے ہیں

اقرا عزیز نے بچے کو سرعام پیٹنے والے والد کو آڑے ہاتھوں لے لیا

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ اقرا عزیز نے حالیہ دنوں میں لاہور میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے، جس میں ایک باپ نے اپنے کم سن بیٹے کو سرعام تھپڑ مارا۔ یہ منظر اس وقت کیمرے کی آنکھ میں محفوظ ہوا جب دو کانٹینٹ کریئیٹرز وہاں ویڈیو بنا رہے تھے اور عقب میں یہ واقعہ پیش آیا۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو گئی ہے اور عوام کی جانب سے شدید غصے کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

بھارت کیساتھ جنگ سے اسلام کا بول بالا ہوا، جاوید شیخ

پورے پاکستان کو کامیابی پر بہت مبارک باد ہو، پاکستانی افواج نے دل خوش کر دیا، بہروز سبزواری



کراچی (این این آئی) پاکستانی کے سینئر اداکار جاوید شیخ اور بہروز سبزواری نے بھارت کو منہ توڑ جواب دینے پر خوشی کا اظہار کیا۔ سینئر اداکار بہروز سبزواری نے ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے بھارت کی شکست اور پاکستان کی کامیابی کا جشن منایا۔ بہروز سبزواری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پورے پاکستان کو کامیابی پر بہت مبارک باد ہو، پاکستانی افواج نے دل خوش کر دیا ہے۔ انہوں نے بھارت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی فلمی دنیا میں بہت دم ہے اور مجھے یہ لگتا ہے کہ بھارت کے سارے لوگ چاہے وہ ان کے سیاستدان ہوں یا افواج یا پھر اداکار وہ سب فلمی دنیا میں رہتے ہیں

پاکستانی میوزک کو واپس لانے کا وقت آ چکا ہے، زباب رانا



کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ زباب رانا کا کہنا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستانی میوزک کو ایک بار پھر اس کی پہچان دلائی جائے۔ اداکارہ نے حال ہی میں فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں وہ سیاہ رنگ کی ساڑھی زیب تن کیے پر اعتماد انداز میں چہل قدمی کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ اس ویڈیو کے پس منظر میں ابرار الحق کا مقبول گانا سانوں تیرے نال پیار ہو گیا چل رہا ہے

ٹیلر سوئفٹ کے گھر کے نزدیک انسانی لاش کی باقیات برآمد

حالیہ واقعہ واچ ہل کے ایورٹ ایونیو پر پیش آیا، جو ایک پر تعیش ساحلی علاقہ ہے

نیو انگلینڈ (آئی این پی) معروف پاپ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ کے ساحل کے نزدیک واقع پرتعیش گھر کے قریب انسانی جسم کی باقیات کی دریافت نے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق نیو انگلینڈ کے مختلف علاقوں میں حالیہ مہینوں میں لاشیں ملنے کے بڑھتے واقعات کے بعد علاقے میں کسی سیریل کلر کی ممکنہ موجودگی کی افواہیں زور پکڑ گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق رہوڈ آئی لینڈ، کنیکٹی کٹ اور میساچوسٹس میں مارچ سے اب تک لاشیں یا انسانی باقیات ملنے کے 13 واقعات رپورٹ ہو چکے ہیں۔ حالیہ واقعہ واچ ہل کے ایورٹ ایونیو پر پیش آیا، جو ایک پرتعیش ساحلی علاقہ ہے اور جہاں ٹیلر سوئفٹ کی عالی شان رہائش گاہ بھی واقع ہے۔ پولیس کو یہاں ساحل پر ایک انسانی ٹانگ کی ہڈی ملی جو ٹیلر سوئفٹ کے گھر سے محض نصف میل کی دوری پر موجود تھی۔

مجھے ابھی بھی اپنی محبت کا انتظار ہے: سکینہ خان

حال ہی میں میرے ساتھ ایسا ہوا ہے اور مجھے اپنی محبت سے بہت امیدیں تھیں جو ٹوٹیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ سکینہ خان ناکام محبت کے بارے میں بات کرتے ہوئے جذباتی ہو گئیں۔ سکینہ خان نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں ان سے یہ سوال پوچھا گیا کہ کیا زندگی میں کبھی آپ کا دل ٹوٹا ہے؟ انہوں نے اس سوال کے جواب میں کہا کہ جی حال ہی میں میرے ساتھ ایسا ہوا ہے اور مجھے اپنی محبت سے بہت امیدیں تھیں جو ٹوٹیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ جب امید اور یقین ٹوٹتا ہے تو بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے لیکن مجھے اس تکلیف میں بھی بہت عجیب سا سکون ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ جب دو لوگ ایک ساتھ وقت گزارتے ہیں تو انہیں اپنی زندگی میں گزرے اچھے لمحات کی قدر کرنی چاہیے۔ سکینہ خان نے کہا کہ جب دو لوگ بچھڑتے ہیں

سین کونری کو صرف ایک فلم مسترد کر کے کروڑوں ڈالر کا نقصان ہوا

ویلنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے فلم ڈائریکٹر پیٹر جیکسن نے لارڈ آف دی رنگس ٹریلوجی بنائی تو بہت سے لوگوں نے اسے اس کا پاگل پن اور فلم کو ایک احمقانہ خیال تصور کیا۔ کتابی لٹریچر کو بہت سے لوگ ناقابل فلم مانتے ہیں۔ تین فلمیں ایک کے بعد ایک بنانے کا منصوبہ کو بھی ضرورت سے زیادہ سمجھا گیا اور پھر سب سے بڑھ کر ساری شوٹنگ ہالی ووڈ سے ہزاروں میل دور نیوزی لینڈ میں کیا جانا تھا۔ قدرتی طور بہت بڑے اداکار اس پر تیار نہیں ہوئے۔ لیکن جس اسٹار کے انکار پر سب سے زیادہ افسوس کیا گیا وہ سابق جیمز بانڈ ہیرو سین کونری تھے۔

حرا مانی کا نئے جنون میں مبتلا ہونے کا انکشاف

اداکارہ آج کل اپنے گانے کے شوق کو سنجیدگی سے لے رہی ہیں

کراچی (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ حرا مانی نے سوشل میڈیا پر اپنے نئے جنون سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ نے اپنے فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اکاؤنٹ پر نئی تصویریں مداحوں کے ساتھ شیئر کی ہیں۔ ان تصاویر میں حرا مانی کو بکھرے ہوئے بالوں میں ڈرم بجاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس پوسٹ کے کیپشن میں اداکارہ حرا مانی نے لکھا، میرا نیا جنون۔ حرا مانی کی نئی پوسٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اداکارہ آج کل اپنے گانے کے شوق کو سنجیدگی سے لے رہی ہیں۔

جویریہ سعود کو اپنی والدہ سے متعلق دیے گئے مضحکہ خیز بیانات پر شدید تنقید کا سامنا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ جویریہ سعود کو دوران شو اپنی والدہ سے متعلق دیے گئے مضحکہ خیز بیانات پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ اداکارہ جویریہ سعود مدرز ڈے کے موقع پر والدہ کے ہمراہ نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے والدہ سے متعلق کئی سوالات کے جوابات دیے۔

جاپان میں زچگی کے تمام اخراجات حکومت برداشت کریگی

جاپانی حکومت نے ملک میں تیزی سے کم ہوتی ہوئی شرح پیدائش کے پیش نظر ایک انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ اپریل 2026ء سے زچگی کے تمام اخراجات حکومت خود برداشت کرے گی۔ اس پالیسی کا مقصد نہ صرف نئی نسل کی پیدائش کو فروغ دینا ہے بلکہ ان خاندانوں کی مالی مشکلات کو کم کرنا ہے جو بچوں کی پیدائش کے اخراجات کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہوتے ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اس وقت جاپان میں بچے کی پیدائش پر اوسطاً 500,000 ین (تقریباً 3,200 امریکی ڈالرز) خرچ آتا ہے، جو کہ زیادہ تر خاندانوں کے لیے ایک بڑا مالی بوجھ بن چکا ہے۔ نئی پالیسی کے تحت اسپتال کے اخراجات، ڈاکٹری معائنے، نرسنگ اور دیگر بنیادی سہولتوں پر مکمل مالی معاونت حکومت کی جانب سے فراہم کی جائے گی۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب جاپان کو آبادی میں کمی، عمر رسیدہ افراد کی بڑھتی ہوئی تعداد اور نوجوان نسل کے شادی اور بچوں سے دور رہنے جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔

مصباح کا ایک مرتبہ پھر کوچنگ رول میں واپسی کا امکان

قومی ٹیم کے سابق کپتان مصباح الحق کو ایک مرتبہ پھر پاکستانی ٹیم میں اہم عہدہ ملنے کا امکان ہے۔ گزشتہ روز پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے پاکستانی وائٹ بال ٹیم کیلئے مائیک ہیسن کو ہیڈ کوچ بنانے کا اعلان کیا تھا، بعد ازاں خبریں سامنے آئیں تھیں کہ 50-50 لاکھ تنخواہ وصول کرنے والے مینٹورز کو عہدے سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ ان مینٹورز میں مصباح الحق کے علاوہ، سابق کپتان سرفراز احمد سمیت شعیب ملک، وقار یونس اور ثقلین مشتاق شامل تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ مصباح الحق اور سابق کپتان سرفراز احمد کو پی سی بی میں اہم عہدے سے نوازا جائے گا۔ دوسری جانب میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ سابق کپتان مصباح الحق کو قومی ٹیسٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ بنایا جا سکتا ہے۔

"پاکستان آنے کیلئے سیکیورٹی کا بہانہ بنانے والا بھارت اب خود غیر محفوظ"

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان میں سکیورٹی کا بہانہ بنانے والا بھارت اب غیر ملکیوں کھلاڑیوں کی انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں شرکت کیلئے منتیں کرنے لگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلیا اور انگلینڈ کے بعد جنوبی افریقی کرکٹرز بھی سکیورٹی خدشات اور نیشنل ڈیوٹی کے باعث آئی پی ایل کھیلنے کیلئے بھارت آنے سے گریزاں ہیں۔ گزشتہ روز کرکٹ آسٹریلیا نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ بورڈ پلیئرز کے فیصلے کا احترام کرے گا، اگر وہ جانا چاہتے ہیں تو کوئی نہیں روکے گا تاہم ٹیم مینجمنٹ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑیوں سے متعلق فیصلے کا حق رکھتی ہے۔ بورڈ نے مزید کہا تھا کہ اپنے کرکٹرز کی حفاظتی انتظامات سے متعلق بھارتی بورڈ کیساتھ رابطے میں ہیں۔ اسی طرح انگلش ٹیم کی ویسٹ انڈیز سے وائٹ بال سیریز کا آغاز 29 مئی سے ہوگا، اس میں 3 ون ڈے اور اتنے ہی ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے جبکہ آئی پی ایل میچز کا دوبارہ آغاز 17 مئی سے ہوگا جبکہ فائنل 3 جون کو کھیلا جائے گا۔

جنگی جنون میں بھارت کو شکست کے بعد جاوید اختر بھی محتاط

بھارتی لکھاری و نغمہ نگار جاوید اختر نے پاکستان کے ہاتھوں بھارت کی بدترین شکست کے بعد پاک بھارت تنازع پر محتاط رویہ اپناتے ہوئے مزید تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ صحافی جاوید اختر نے صحافیوں کو کسی بھی سوال کا جواب دینے سے منع کر دیا اور کہا کہ یہ صحیح جگہ نہیں ہے اس کے بعد بھی صحافی اصرار کرتے رہے، جس پر جاوید اختر غصے میں آ گئے اور کہا کہ آپ وقت لے کر میرے گھر آئیں، میں نے پہلے بھی انٹرویوز دیے ہیں پھر دے دوں گا۔ یہ ویڈیو پاکستان کے ہاتھوں بھارت کی بدترین شکست کے بعد کی ہے۔ صحافی ان سے اصرار کرتے رہے کہ جوانوں کے لیے کوئی پیغام دیں، جس پر وہ غصے میں آ گئے اور صحافیوں سے کہا کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ سے بدتمیزی کروں؟

زی میوزک نے گانوں سے عاطف کا نام ہٹا دیا

بھارتی میوزک کمپنی زی میوزک نے اپنے یوٹیوب چینل پر موجود گانوں سے بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی گلوکار عاطف اسلم کا نام ہٹا دیا ہے، جسے ماہرین پاک بھارت کشیدگی کے تناظر میں ایک انتقامی اقدام قرار دے رہے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق، زی میوزک کے یوٹیوب چینل پر موجود گانوں کی تفصیلات اور ٹائٹل سے عاطف اسلم کا نام مکمل طور پر غائب کر دیا گیا ہے، تاہم انکی آواز ان کے گانے جوں کے توں موجود ہیں۔ پاکستان اور بھارت جنگ بندی کے باوجود، بھارتی حلقوں میں شکست کا ردعمل مختلف انتقامی رویوں کی صورت میں دیکھا جا رہا ہے۔

پی ایس ایل: وارنر کے بعد ہیلز نے بھی پاکستان آنے کا اعلان کر دیا

کراچی کنگز کے غیر ملکی کپتان ڈیوڈ وارنر کے بعد اسلام آباد یونائیٹڈ کے ایلکس ہیلز نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے بقیہ میچز کیلئے پاکستان آنے کا اعلان کر دیا۔ پی ایس ایل 10 میں بطور دفاعی چیمپئن اپنے مہم جاری رکھنے والی اسلام آباد یونائیٹڈ کی فرنچائز نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر انگلینڈ کے اسٹار کرکٹر ایلکس ہیلز کے پاکستان آنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام اسلام آباد یونائیٹڈ ہمیشہ سے میرے دل کے بہت قریب رہی ہے، وہ پہلی ٹیم تھی جس کیلئے میں پاکستان میں کھیلا اور مداحوں کی جانب سے جو سپورٹ ملی وہ ناقابل یقین رہی۔ ایلکس ہیلز نے کہا کہ اپریل میں فرنچائز نے دوبارہ مجھے سائن کیا تو میں واقعی ٹورنامنٹ کے آخری مراحل میں شامل ہونے کیلئے بیتاب تھا، پاکستان واپسی پر خوش ہوں۔ قبل ازیں پاک بھارت جنگ بندی کے بعد بورڈ نے پی ایس ایل کے بقیہ میچز 17 مئی سے دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا تھا، جس کیلئے غیر ملکی پلیئرز اپنی فرنچائز کو جوائن کریں گے۔

ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے تشکر کا انداز ایکس پر ٹرینڈ بن گیا

ریاض میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی درخواست پر شام پر عائد امریکی پابندیاں اٹھانے کا اعلان کیا ہے تاکہ شامی عوام کو نیا موقع دیا جاسکے۔ اس اقدام سے شامی لیرہ کی قدر میں فوری بہتری آئی اور معیشت کی بحالی کی امید پیدا ہوئی۔ بیق ویب سائٹ کے مطابق پابندیاں ختم ہونے سے خوراک و ادویات کی درآمد، مقامی پیداوار اور خود کفالت کو فروغ ملے گا۔ سعودی، امریکی سرمایہ کاری فورم میں ایک جذباتی لمحہ اس وقت دیکھنے میں آیا جب ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تعریف اور شام پر سے پابندیاں ہٹانے کے اعلان پر مسکراتے ہوئے ہاتھ دل پر رکھ کر شکریہ ادا کیا۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے تشکر کا یہ انداز دیکھتے دیکھتے ایکس پر ٹرینڈ بن گیا اور ہزاروں شامی صارفین نے اس کی نقل کرتے ہوئے شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے قدر دانی کا اظہار کیا ہے۔

پی ایس ایل کے بقیہ میچز کے ٹکٹوں کے حوالے سے پی سی بی کا بڑا اعلان

پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 17 مئی سے 25 مئی تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلے جانے والے پی ایس ایل کے 8 میچز کے ٹکٹوں کی تفصیلات کا اعلان کر دیا۔ پی سی بی کے مطابق وہ شائقین جنہوں نے 8 مئی پشاور زلمی بمقابلہ کراچی کنگز، 9 مئی پشاور زلمی بمقابلہ لاہور قلندرز اور 10 مئی اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ کراچی کنگز کے میچز کے ٹکٹ خریدے تھے اب وہی ٹکٹیں بالترتیب 17، 18 اور 19 مئی کے میچز کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ پی سی بی نے بتایا کہ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں 18 مئی کو ڈبل ہیڈر ہونے کی وجہ سے پہلے جاری کردہ 9 مئی کا ٹکٹ دونوں گیمز میں شرکت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پی سی بی کے مطابق جن شائقین نے ایلیمینیٹر 1، 2 اور فائنل کے ٹکٹ خریدے ہیں وہ متعلقہ ٹکٹوں کی نئی اعلان کردہ تاریخوں کے مطابق انہیں استعمال کر سکتے ہیں۔ پی سی بی نے بتایا کہ باقی لیگ میچوں اور پلے آف کے ٹکٹ ویب سائٹ یا ٹی سی ایس کی نامزد کردہ برانچز سے خریدے جا سکتے ہیں۔

خاتون کا بالوں کے سہارے 25 منٹ تک معلق رہنے کا عالمی ریکارڈ

پیشہ ور سرکس فنکارہ لیوا تون نے اپنے بالوں کے سہارے 25 منٹ اور 11.3 سیکنڈ تک فضا میں معلق رہ کر گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ 39 سالہ لیوا نے یہ حیران کن کارنامہ امریکی ریاست کیلیفورنیا کے قدرتی مناظر سے بھرپور ریڈ ووڈ نیشنل اینڈ اسٹیٹ پارکس میں انجام دیا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ آسٹریلیا کے سمانتا کرن سیوا انتھا تھورائی کے پاس تھا، جنہوں نے 2011 میں 23 منٹ اور 19 سیکنڈ تک بالوں کے ذریعے معلق رہنے کا مظاہرہ کیا تھا۔ لیوا تون کا کہنا ہے کہ اس کارنامے کے لیے انہوں نے 2 سال تک باقاعدہ مشق اور جسمانی برداشت کی تربیت حاصل کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا مقصد صرف ریکارڈ بنانا نہیں بلکہ یہ دکھانا تھا کہ انسانی ذہن کی طاقت سے کیا کچھ ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ یہ فن، جسے 'ہیئر ہینگنگ' کہا جاتا ہے، سرکس کی دنیا کا ایک نادر اور جسمانی مہارت کا تقاضا کرنے والا مظاہرہ ہے، جس میں فنکار اپنے بالوں کے ذریعے فضا میں لٹک کر توازن اور برداشت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

صنعت وتجارت نیوز
معیشت نامہ

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج میں بچوں کی صحت سے متعلق آگاہی سیشن، معروف ڈاکٹر طارق عباس خان کی خصوصی شرکت

اس موقع پرست ڈاکٹر طارق عباس خان نے کہا کہ تعلیمی اور آگاہی پروگرام نہ صرف بچوں کی فلاح کے لئے اہم ہیں بلکہ والدین اور اساتذہ کو بھی رہنمائی فراہم کرتے ہیں

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج میں بچوں کی صحت سے متعلق آگاہی سیشن، معروف ڈاکٹر طارق عباس خان کی خصوصی شرکت، تفصیلات کے مطابق آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج میں ایک اہم آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں بچوں کی صحت وتندرستی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی، اس خصوصی سیشن میں ممتاز چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر طارق عباس خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، پروگرام کے دوران ڈاکٹر طارق عباس نے تفصیلی پریزنٹیشن کے ذریعے بچوں کی متوازن غذا، بیماریوں سے بچاؤ، صفائی ستھرائی، ذہنی نشوونما اور مجموعی صحت کے بارے میں جامع معلومات فراہم کیں، طلبہ،م اور اساتذہ کی بڑی تعداد نے اس سیشن میں شرکت کی اور ڈاکٹر طارق عباس خان سے سوالات بھی کیے جن کے انہوں نے نہایت سادہ اور مؤثر انداز میں جوابات دیے، اس موقع پرست ڈاکٹر طارق عباس خان نے کہا کہ تعلیمی اور آگاہی پروگرام نہ صرف بچوں کی فلاح کے لئے اہم ہیں بلکہ والدین اور اساتذہ کو بھی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

اولڈ بوائز پائلٹ سکول سیالکوٹ کا افواج پاکستان کو خراج تحسین

افواج پاکستان نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔جنید آفتاب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دانش سکول سینٹر آف ایکسیلینس (بوائز) سیالکوٹ میں یوم تشکر کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں سٹوڈنٹس نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا۔تقریب میں سکول کے اساتذہ بھی شریک ہوئے۔ اسٹوڈنٹس نے نعرے لگا کر پاک فوج کو آپریشن بنیان مرصوص میں کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا اور اللہ تعالیٰ کے حضور اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر پرچم کشائی کی گئی اور قومی ترانہ بھی پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اولڈ بوائز ایسوسی ایشن چیئرمین جنید آفتاب نے سٹوڈنٹس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قوم کا ہر فرد آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہے اور پوری قوم کو اپنی افواج پر فخر ہے کہ انہوں نے بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

سابق نائب صدر پاکستان تحریک انصاف ساؤتھ افریقہ رب کائنات کے فضل سے دادا بن گئے

اللہ تعالیٰ نے انکے صاحب زادے میاں شعیب الیاس وٹو کو بیٹی جیسی عظیم نعمت سے نوازا

عارف والا (امتیاز احمد چوہدری) سابق نائب صدر پاکستان تحریک انصاف ساؤتھ افریقہ رب کائنات کے فضل سے دادا بن گئے اللہ تعالیٰ نے انکے صاحب زادے میاں شعیب الیاس وٹو کو بیٹی جیسی عظیم نعمت سے نوازا، دوست احباب کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ شروع تفصیلات کے مطابق پاکستانی اوور سیز معروف بزنس مین میاں محمد الیاس وٹو سابق نائب صدر پاکستان تحریک انصاف ساؤتھ افریقہ رب کائنات کے فضل سے دادا بن گئے انکے صاحب زادے میاں محمد شعیب الیاس وٹو کو بیٹی جیسی نعمت سے سات آسمانوں کے مالک نے نوازا میاں الیاس وٹو اور انکے صاحبزادے شعیب الیاس وٹو کو بیٹی کی پیدائش پر نیک تمناؤں کے ساتھ ڈھیروں دعائیں اور مبارکباد دوست احباب، سیاسی وسماجی کاروباری شخصیات کی جانب سے مل رہی ہیں میاں الیاس وٹو نے ارکین میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رب العالمین کی نعمت کا شکر بجالاتے ہیں اسکی عطاء کردہ نعمتوں کا شکر جتنا بھی کیا جائے کم ہوتا ہے تمام احباب کا شکریہ ادا کرتے جو دوست احباب فونز کالز، واٹس ایپ میسجز، سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم سے محبت بھرے نیک تمناؤں کے ساتھ مبارک باد بھجوا رہے ہیں۔

پروفیشنل صحافیوں کی نمائندہ تنظیم ڈسکہ یونین آف جرنلسٹ کو نئے جوش نئے ولولے کے ساتھ متحرک کرنے کیلئے بانی امین رضا مغل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پروفیشنل صحافیوں کی نمائندہ تنظیم ڈسکہ یونین آف جرنلسٹ کو نئے جوش نئے ولولے کے ساتھ متحرک کرنے کیلئے بانی امین رضا مغل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا آغاز اللہ پاک کے بابرکت نام سے ہوا اور شرکاء کی مشاورت سے صحافیوں کے حقوق کیلئے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں عباس شاہد مغل، رانا محمد افضل، امتیاز احمد مہر، سید شہباز حسین نقوی، محمد اقبال ساہی، محمد بلال، آصف گوشہ، عمران بھٹی اور مرزا عرفان علی نے شرکت کی اور باہم مشاورت سے نئے ممبران کی ممبر شپ کیلئے امین رضا مغل، رانا محمد افضل اور امتیاز احمد مہر پر مشتمل سکروٹنی کمیٹی تشکیل دی گئی اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پروفیشنل صحافیوں کی فلاح وبہبود اور درپیش مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیں گے اختتام پر ملکی سلامتی واستحکام کیلئے دعا کی گئی۔

خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں پاکستان کی تاریخی فتح کے موقع پر یوم تشکر منایا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں پاکستان کی تاریخی فتح کے موقع پر یوم تشکر منایا گیا شکرانے کے نوافل ادا کئے گئے نو مسلمین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ مولانا قاری محمد رفیق نفیسی مولانا مفتی عتیق الرحمٰن نفیسی نے کہا کہ پاکستانی فوج نے مودی کو آئینہ دکھا دیا بھارت تاریخی شکست کو صدیوں نہیں بھلا سکے گا مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے علماء نے کہا کہ ملک پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں قوم افواج پاکستان کی بہادری اور صلاحیت کو سراہتے ہوئے سلام پیش کرتی ہے انڈیا کا غرور خاک میں مل گیا آپریشن بنیان مرصوص قرآن کی برکت اللہ کی خاص نصرت ومدد کا نتیجہ ہے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر ریاستی وعسکری دفاعی اداروں کا کردار قابل تحسین قوم بھارت کو تاریخی شکست دینے پر افواج پاکستان کی مشکور ہے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ ثالثی مذاکرات میں حکومت مسئلہ کشمیر حل کرنے کی شرط رکھے جائے جو کہ تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے انہوں نے کہا دنیا وآخرت کی کامیابی کے لئے قرآن وحدیث کے مطابق زندگی بسر کریں کامیابی قرآن وسنت پر عمل سے ممکن ہے۔

علی احمد خاں ہسپتال کی جانب سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

غزالی ایلیمنٹری سکول غزالی گرائمر سکول اور لیٹل لیڈر سکول سسٹم کے 100 سے زائد بچوں کا فری چیک اپ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) علی احمد خان ہسپتال میں فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا کیمپ میں ڈاکٹر فریدہ واجد شاہ (چائلڈ سپیشلسٹ) نے غزالی ایلیمنٹری سکول غزالی گرائمر سکول اور لیٹل لیڈر سکول سسٹم کے 100 سے زائد بچوں کا فری چیک اپ کیا اور چیک اپ کے ساتھ انہیں فری ادویات بھی فراہم کی اس موقع پر بچوں کے والدین کا کہنا تھا کہ علی احمد خاں ہسپتال انسانیت کے لیے بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے اور آج کے اس کیمپ سے ضرورت مند بیمار بچوں کو بہت بڑا ریلیف ملا ہے اس موقع پر ڈاکٹر فریدہ واجد شاہ صاحبہ نے میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچے ہمارے مستقبل ہیں اور ان کی بہترین تربیت کے ساتھ ساتھ بہترین نشوونما بھی ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ یہ بڑے ہو کر اعلیٰ اخلاقی اقدار صحت مند معاشرے کی تعمیر میں حصہ لے سکے اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ نے ڈاکٹرز صاحبہ اور میڈیسن ڈونرز کمپنی کے نمائندے مرزا عثمان اور کیمپ کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا اللہ تعالی ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے امین

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق صبا صادق کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ

سابق صدر دانش نعیم فخری، صدر فرنیچر ایسوسی ایشن ملک شہباز اختر، جنرل سیکرٹری ایوان صنعت وتجارت حافظ عمار بھی موجود تھے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق صبا صادق کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہد نعیم فخری اور دیگر عہدیداران نے خوش آمدید کہا سابق صدر دانش نعیم فخری، صدر فرنیچر ایسوسی ایشن ملک شہباز اختر، جنرل سیکرٹری ایوان صنعت وتجارت حافظ عمار، میڈیا کوارڈینیٹر عامر صدیقی، سابق صدر فرنیچر ایسوسی ایشن چوہدری عبدالحمید، سابق ایگزیکٹو ممبر حمید تبسم، سینئر ممبر سید حسن شاہ بھی موجود تھے اس موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق صبا صادق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چنیوٹ کا فرنیچر دنیا بھر میں مشہور ہے، ہمارا مقصد خواتین کو سمال بزنس کی طرف راغب کرنا ہے، خواتین چھوٹے چھوٹے کاروبار شروع کر کے اپنا نام بنا رہی ہیں، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق نے کہا کہ ضلع چنیوٹ کی خواتین کی مدد کے لیے ہر طرح کے اقدامات کیے جائیں گے چیمبر آف کامرس کے ساتھ مل کر خواتین کو انٹرپینیور شپ کی جانب لائینگے، چنیوٹی کاریگر کا ہنر اسی کے نام سے پہچانا جانا چاہیے اس موقع پر صدر چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہد نعیم فخری نے کہا کہ ضلع چنیوٹ کی خواتین کو کاروبار کے لیے تعاون فراہم کرینگے، ہر شعبہ میں خواتین کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے جسے کسی بھی صورت جھٹلایا نہیں جاسکتا اور ہمیں خوشی ہوگی کہ وفاقی حکومت ضلع چنیوٹ کی خواتین سے متعلق انہیں سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ خواتین کی ہر شعبہ میں کامیابی اور ترقی خوشحالی معاشی مدد کے لیے چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہر سطح پر مدد کے لیے حاضر خدمت ہے۔

مصطفی آباد میں افواج پاکستان زندہ باد ریلی وشاندار تقریب کا اہتمام

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد میں افواج پاکستان زندہ باد ریلی وشاندار تقریب

،گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد، گنج شہدا، جماعت اہلسنت سمیت دیگر سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کی شرکت، افواج پاکستان زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد میں افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد، گنج شہدا، جماعت اہلسنت سمیت دیگر سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کی طرف سے مشترکہ طور پر یوم تشکر منایا جارہا ہے، اور افواج پاکستان زندہ باد ریلی بھی نکالی گئی، تقریب میں محمد ادریس نمبردار صدر گرین اینڈ کلین، حضرت مولانا پیر الیاس قادری المعروف بابا جی سرکار، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، واں کینٹ سے ریٹائرڈ ملازم ایئر فورس محمد جمیل مغل، مہر سرور، حاجی غلام مصطفی رحمانی خادم شہدا مصطفی آباد، مفتی فیضان علی قادری صدر جماعت اہلسنت مصطفی آباد، حافظ جنید الیاس قادری، رفیق شہزاد ستارہ امتیاز، چوہدری شوکت ایڈووکیٹ، حاجی محمد اعظم، غلام حیدر، استاد سرور، الیاس ملک سمیت ممبران وعہدیداران گرین اینڈ کلین، ممبران وعہدیداران پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، ممبران وعہدیداران جماعت اہلسنت، افواج پاکستان کے ریٹائرڈ ملازمین، وکلا سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد نے شرکت کی اور ریلی بھی نکالی گئی۔

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج اوکاڑا میں یوم تشکر کی مناسبت سے تقریب اور واک کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج اوکاڑا میں یوم تشکر کی مناسبت سے تقریب اور واک کا انعقاد گورنمنٹ گریجوایٹ کالج اوکاڑا میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے حوالے سے یوم تشکر بڑے جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا، کالج میں یوم تشکر کی مناسبت سے تقریب اور واک کا انعقاد کیا گیا، چودھری فیاض ظفر تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر حسن رضا اقبالی نے تقریب میں نظامت کے فرائض بخوبی سرانجام دیے۔ طلبہ وطالبات نے ملی نغمے پیش کیے۔ اس دوران خادم اوکاڑا چودھری فیاض ظفر، پرنسپل کالج ہذا پروفیسر سردار علی حیدر ڈوگر، جملہ سٹاف اور طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول پورن نگر کے دو سینئر ٹیچرز عبدالرحمان سلفی اور سکاؤٹ لیڈر محمد موسیٰ اپنی سروس پوری کر کے ریٹائر ہو گئے

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت)تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول پورن نگر کے دو سینئر ٹیچرز عبد الرحمان سلفی اور سکاؤٹ لیڈر محمد موسیٰ اپنی سروس پوری کر کے ریٹائر ہو گئے ان کے اعزاز میں ہیڈ ماسٹر شیخ ظہیر احمد اور سٹاف ممبران خوبصورت پارٹی کا اہتمام کیا پارٹی کے مہمان خصوصی عزت مآب جناب ڈی ای او ایلیمنٹری محمود احمد ججہ پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ونشریات محمد امتیاز طاہر اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر اعزاز الحق تھے۔

حافظ آباد علی پور روڈ کی غیر معیاری تعمیر پر علاقہ مکین پریشان ہو کر رہ گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد علی پور روڈ کی غیر معیاری تعمیر پر علاقہ مکین پریشان ہو کر رہ گئے۔ علاقہ مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ حافظ آباد علی پور روڈ جو 25 برس کے بعد تعمیر کی جا رہی ہے۔ یہ آر سی سی روڈ بغیر سریا جال ڈالے بنایا جا رہا ہے اور اسکی تعمیر میں صرف سیمنٹ بجری اور ریت ڈال کر کام کیا جا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ آر سی سی روڈ ہیوی ٹریفک کا لوڈ برداشت نہیں کر سکے گا اور تعمیر کے بعد ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونا شروع ہو جائے گا۔ علاقہ مکینوں نے کمشنر گوجرانوالہ اور حکومت پنجاب کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ حافظ آباد علی پور روڈ کی تعمیر میں ناقص میٹریل کے استعمال کو روکا جائے اور آر سی سی روڈ کو سریا کا جال ڈال کر بنایا جائے تاکہ ہیوی ٹریفک کی صورت میں مذکورہ روڈ دوبارہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہ ہو۔

حافظ آباد کی طرف سے پاک فوج کے حق میں عظیم الشان اور تاریخی ریلی کا انعقاد کیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) بھارت کی جانب سے وطن عزیز کے خلاف مذموم عزائم ناکام بنانے پر حیدری بھٹہ مزدور یونین حافظ آباد کی طرف سے پاک فوج کے حق میں عظیم الشان اور تاریخی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت حیدری بھٹہ مزدور یونین کے صدر غلام عباس حیدری کی۔ ریلی میں بھٹہ مزدوروں کی خواتین، بچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی ریلی کا آغاز غلام عباس حیدری کی رہائش گاہ سے ہوا، جو گوجرانوالہ روڈ سے ہوتی ہوئی پاک فوج کی چھاؤنی تک پہنچی۔

عوام کو سستا اور معیاری کھانا فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے: چوہدری محمد شہباز

پرانے ذائقوں کی خوشبو اب بھی قائم ہے یہ ہماری کامیابی کا راز ہے کہ ہم اپنی کوالٹی اور معیار پر سمجھوتا نہیں کرتے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر عوام کو سستا اور معیاری کھانا فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے چوہدری محمد شہباز۔تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کے سب سے پرانے ہوٹل گولڈن ہوٹل کے بانی چوہدری محمد شہباز نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر عوام کو حفظان صحت کے مطابق سستا اور معیاری کھانا فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے پرانے ذائقوں کی خوشبو اب بھی قائم ہے ہماری کامیابی کا راز ہے کہ ہم اپنی کوالٹی اور معیار پر سمجھوتا نہیں کرتے یہی وجہ ہے کہ عوام کا اعتماد بڑھتا جا رہا ہے ان کا مذید کہنا تھا کہ گولڈن ہوٹل گزشتہ تین دہائیوں سے عوام کو سادہ، خالص اور لذیذ کھانوں کی خدمت پیش کر رہا ہے۔ دال، سبزی، چکن کڑاھی، مٹن کڑاہی، چکن قورمہ اور بار بی کیو جیسے روایتی پکوان نہ صرف ذائقے میں لاجواب ہیں بلکہ قیمت میں بھی عام آدمی کی پہنچ میں ہیں۔ہم نے ہمیشہ خالص اجزاء، دیسی مصالحوں اور صاف ستھری تیاری کو اپنا اصول بنایا ہے۔ہمارا مقصد منافع سے زیادہ عوام کی خدمت اور پرانے ذائقے کو زندہ رکھنا ہے۔گولڈن ہوٹل کو نہ صرف مقامی افراد بلکہ بیرون شہر سے آنے والے بھی پسند کرتے ہیں۔

افواج پاکستان نے دشمن کو دنداں شکن جواب دیا ہے۔حسن علی بھٹی

سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر نے دنیا کو سرپرائز دیا۔چیئرمین سیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دشمن کی جارحیت پر سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں بہادر افواج پاکستان نے دشمن کو دنداں شکن جواب دیتے ہوئے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ ہم ان۔ پسند قوم ہیں مگر امن کی خواہش کو ہماری کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے۔ان باتوں کا اظہار چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ حسن علی بھٹی نے میڈیا ٹاک میں کیا۔انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان ملکی داخلی خارجی سرحدی محافظوں کا نام ہے قوم اپنی حکومت وافواج کے پیچھے کھڑی ہے۔محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔اس وقت ملک کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان سے نمٹنے کے لیے یہ اشد ضروری ہے کہ تمام پاکستانی متحد ہو جائیں اور باہمی احترام اور یگانگت کا مظاہرہ کریں۔

قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی کا بنیان مرصوص کی کامیابی پر اظہار تشکر

تقریب کی میزبانی کے فرائض ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکو کارہ نے ادا کیے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی ضلع چنیوٹ کے زیر اہتمام آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے سلسلہ میں اظہار تشکر کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا کلب رجسٹرڈ چنیوٹ میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کی میزبانی کے فرائض ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکو کارہ نے ادا کیے تقریب میں قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھراڑہ نے خصوصی شرکت کی جبکہ تقریب کے دوران ضلعی صدر عمر دراز بھٹی ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکو کارہ نائب صدر حاجی ملک الطاف حسین، ضلعی آرگنائزر رانا عبدالغفار میڈیا کوآرڈینیٹر رانا جمیل حسین و دیگر عہدیداران وممبران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ مل کر جشن منا رہی ہے بھارتی جارحیت کے خلاف افواج پاکستان نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اور شکست سے دوچار کیا ہم افواج پاکستان اور شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اس موقع پر صوبائی پریس سیکرٹری پنجاب شیخ محمد عثمان بھراڑہ نے ضلعی ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آج اظہار تشکر کرتے ہوئے تقریب کا انعقاد کیا ملکی سلامتی اور بقاء کیلئے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے سیکورٹی اداروں کی کارکردگی قابل تحسین رہی ہماری مسلح افواج دنیا کی سب سے بہترین اور مضبوط ترین افواج ہے جس پر ہم سب کو بڑا فخر ہے تقریب کے اختتام پر شہدا کیلئے اور ملکی سلامتی کیلئے ضلعی صدر عمر دراز بھٹی نے خصوصی دعا کروائی۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

حکومت آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کو نظر انداز نہ کرے

وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اپنے وعدے کے مطابق ڈسپیرٹی الاؤنس کا فوری اعلان کریں اور دیگر منجمد مراعات کو بھی بحال کیا جائے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پنجاب ٹیچرز یونین کے صدر ریاض احمد تارڑ اور دیگر اساتذہ رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کو نظر انداز نہ کریں۔ ان کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اپنے وعدے کے مطابق ڈسپیرٹی الاؤنس کا فوری اعلان کریں اور دیگر منجمد مراعات کو بھی بحال کیا جائے۔ یہ مطالبہ ماہرین تعلیم ممتاز قریشی، اسلم رشید، پروفیسر جواد آصف، نصیر الدین، چوہدری رفیق، ابوبکر علوی، عقیل آزاد، ریاست راں، جعفر باجوہ، ارشد مہر، خالد پرویز رانا، وقار، اصغر منجرا، طارق لنگاہ، حاجی اسلم، شاہد نزیر، شبیر محمد گجر، میاں سلیمان اور دیگر اساتذہ رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ملکی معاشی صورتحال سے تمام سرکاری ملازمین بخوبی واقف ہیں، لیکن حکومت کو اس کو بہانہ بنا کر ملازمین کی حق تلفی کا جواز نہیں بنانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر حکومتی شخصیات واقعی ملک کی معاشی حالت کو بہتر بنانا چاہتی ہیں تو اپنی اور سرکاری ملازمین کی مراعات کو 2022-2023 کی سطح پر لے آئیں، ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

پسرور کے سرحدی گاؤں ہرپال میں چند دن قبل ملک ملازم حسین انتقال کر گئے

ڈی جی ایم حبیب بنک کیپٹن ملک عابد اعوان صحافی اور وکلاء اور علاقہ کی سیاسی سماجی اور مذہبی اور دیگر ہزاروں افراد نے شرکت کی

پسرور (عبدالرزاق چوہدری سے) پسرور کے سرحدی گاؤں ہرپال میں چند دن قبل نمبردار ملک ملازم حسین انتقال کر گئے انکے ختم دسواں میں سابقہ ایم پی اے ملک طاہر اختر اعوان پارلیمانی سیکرٹری بلدیات چوہدری خرم خان ورک کمشنر ملک ذاہد عباس میجر خضر عباس سابقہ چیرمین یوسی چھاڑ باجوہ ملک اختر عباس چاند سابقہ چیرمین یوسی باجوہ گڑھی ملک عمران ملک جاوید رائے پور ملک مختار ملک ناظم ایڈووکیٹ ملک عاکف عباس ملک ضمیر جعفری ملک بختاور ملک مسلم ملک ناصر اعوان ملک رضا عباس اعوان اتحاد کے چیرمین ملک سجاد حیدر اعوان کسٹم آفیسر ملک ناصر مہدی ملک دبیر عباس ملک محمد اعظم ڈی جی ایم حبیب بنک کیپٹن ملک عابد اعوان صحافی اور وکلاء اور علاقہ کی سیاسی سماجی اور مذہبی اور دیگر ہزاروں افراد نے شرکت کی جس میں علامہ اصغر یزدانی مولانا شہزادہ حسین نقوی اور دیگر علماء اور نعت خواں نے خطاب کیا اور آخر میں علامہ اصغر یزدانی نے فلسفہ موت وحیات پر مفصل روشنی ڈالی اور آخر میں مرحوم نمبردار ملک ملازم حسین کی بلندی درجات کے خصوصی دعا کی۔

سلیمانی ویلفیئر سوسائٹی اینڈ ہیئر ویلفیئر سوسائٹی حافظ آباد کے وفد نے اجتماعی شادیوں کے بابرکت پروگرام میں شرکت کی

پروگرام کا آغاز داتا دربار سے آئے ہوئے مہمان کی روح پرور ذکر پاک سے ہوا، جس نے ماحول کو روحانیت سے بھر دیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سلیمانی ویلفیئر سوسائٹی اینڈ ہیئر ویلفیئر سوسائٹی حافظ آباد کے وفد نے سلیمانی ویلفیئر سوسائٹی گوجرانوالہ کے زیر اہتمام سالانہ اجتماعی شادیوں کے بابرکت پروگرام میں شرکت کی۔ وفد کی قیادت ضلعی صدر حاجی گلزار احمد، محمد شفیق بھولا، شبیر حسین، غلام عباس، حاجی احسان اللہ اور صفدر حسین نے کی۔ پروگرام کا آغاز داتا دربار سے آئے ہوئے مہمان کی روح پرور ذکر پاک سے ہوا، جس نے ماحول کو روحانیت سے بھر دیا۔ شرکاء نے اس کو باعث برکت قرار دیا۔ اجتماعی شادیوں کے چیف آرگنائزر عارف حسین منہاس نے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ یہ سلسلہ گزشتہ 21 برسوں سے جاری ہے، اور اب تک 450 مستحق بچیوں کی شادیاں کروائی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر بیٹی پر تمام اخراجات سمیت اوسطاً 5 لاکھ روپے خرچ کیے جاتے ہیں، جن میں جہیز، ولیمہ اور دیگر ضروریات شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ کے مخیر حضرات کا تعاون اس نیکی کے سفر میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اور ہم ان کے بے حد مشکور ہیں۔ پروگرام میں مہمانان گرامی کی پر تکلف کھانوں سے تواضع کی گئی، جب کہ حافظ آباد سے معروف سماجی شخصیت عبدالجبار رضا انصاری المعروف ××ایدھی آف حافظ آباد×× بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ تقریب کے اختتام پر بچیوں کو قرآن پاک کے سائے میں رخصت کیا گیا، جس سے منظر مزید ایمان افروز بن گیا۔

ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی، موبائل فونز اور قیمتی اشیاء سے محروم ہو گئے

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی، موبائل فونز اور قیمتی اشیاء سے محروم ہو گئے، ڈاکوؤں نے گرلز ہائی سکول کے قریب دفتوہ کے رہائشی غلام مصطفی سے 1 لاکھ 10 ہزار نقدی، بھلو کے نزدیک بستی قادر آباد کے رہائشی نواز سے 10 ہزار نقدی، 1 لاکھ 15 ہزار مالیتی لہنگا 4 فراکیں اور 2 موبائل فونز، وڈانہ کے قریب بستی لال شاہ کے رہائشی شکیل سے 27 ہزار نقدی، اقبال نگر روہی نالہ کے نزدیک حویلی قاضی والی کے رہائشی فیصل سے 10 ہزار نقدی اور موبائل فون چھین لیا، پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

پولیس نے بھیک مانگنے والے دو گداگروں کو پکڑ کر مقدمات درج کر لیے

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے بھیک مانگنے والے دو گداگروں کو پکڑ کر مقدمات درج کر لیے، پولیس نے مین بازار میں کاندھے کے نیچے لاٹھیاں رکھ کر دھوکہ دہی سے بھیک مانگنے والے گلشن راوی کے رہائشی ذوالفقار کو گرفتار کر لیا ،علاوہ ازیں پولیس نے بیدیاں پٹرول پمپ کے قریب آمدورفت میں دقت ڈال کر عوام الناس سے بھیک مانگنے والے جاہمن کے رہائشی بوٹا کو پکڑ لیا۔

ہائی وولٹیج تاروں سے 6 سالہ بچے کو کرنٹ لگ گیا، بچے کی حالت نازک

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ہائی وولٹیج تاروں سے 6 سالہ بچے کو کرنٹ لگ گیا، بچے کی حالت نازک۔تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے علاقہ شمالی بستی میں 6 سالہ عبدالہادی ذوالفقار چھت پر کھیلتے ہوئے 11 کے وی کی ہائی وولٹیج تاروں سے کرنٹ لگنے سے شدید زخمی ہو گیا، زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں حالت انتہائی نازک ہے، اہلیان علاقہ نے بتایا کہ پہلے بھی متعدد بار ایسے واقعات رونما ہو چکے ہیں مگر ہائی وولٹیج تاروں کو کہیں اور منتقل نہیں کیا گیا۔

کرکٹ کھیلتے بچوں کے درمیان معمولی تلخ کلامی نوجوان کی جان لے گئی

15 سالہ اویس جان کی بازی ہار گیا بھائی کی مدعیت میں تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کرکٹ کھیلتے بچوں کے درمیان معمولی تلخ کلامی نوجوان کی جان لے گئی فائرنگ سے 15 سالہ اویس جان کی بازی ہار گیا بھائی کی مدعیت میں تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج صف ماتم بچھ گئی شہر کی فضاء سوگوار تفصیل کے مطابق نارنگ کے محلہ مسلم پارک میں کرکٹ کھیلتے ہوئے بچوں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی تو تکرار بڑھی جس کے بعد اہل محلہ نے صلح کروا دی مگر دل سے رنجش دور نہ ہوئی کہ ملزمان سیف اللہ عرف عمر احمد نصیر نے عاصم نصیر کی ایماء پر فائرنگ کر دی جس کی نتیجہ میں 15 سالہ اویس باقر شدید زخمی ہو گیا جسے تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کر دیا گیا جو جانبر نہ ہو سکا اور راستے میں ہی دم توڑ گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں کہرام مچ گیا شہر کی فضاء سوگوار قصاب برادری سراپا احتجاج ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ جبکہ نارنگ پولیس نے مقتول کے بھائی دانش کی مدعیت میں سیف اللہ احمد عاصم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

لیسکو نارنگ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری

مقدمات درج بھاری جرمانے بجلی چور ملک وقوم کے مجرم رعایت کسی صورت ممکن نہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو نارنگ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری مقدمات درج بھاری جرمانے بجلی چور ملک وقوم کے مجرم رعایت کسی صورت ممکن نہیں شہری میڈیا نمائندگان تعاون کریں تاکہ بجلی چوری کے خلاف موثر کاروائی کی جائے صارفین ہمارے لئے قابل احترام ہیں ان کے مسائل کا ازالہ ہر صورت ممکن بنائیں گے اسسٹنٹ منیجر لیسکو سب ڈویژن ساوتھ نارتھ نارنگ احمر خان شیروانی اور ضیاء محمود کی گفتگو ان کا کہنا تھا بجلی چوری کی روک تھام کے لئے سیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر کاروائیاں کی جا رہی ہیں گزشتہ روز شہر اور گردونواح کے دیہات میں بجلی چوری میں ملوث 30 افراد کے خلاف مقدمات درج کر کے لاکھوں روپے جرمانے کیے گئے ہیں تاکہ ملک وقوم کے مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے کوئی کتنا با اثر کیوں نہ ہو رعایت کسی صورت ممکن نہیں ہے۔

جانوروں کی خرید وفروخت کے لئے 3 عارضی سیل پوائنٹس قائم

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اعلی سطحی اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں عیدالاضحی کے حوالے سے جانوروں کی خرید وفروخت کے لئے 3 عارضی سیل پوائنٹس کے قیام کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اعلی سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنرز اشفاق رسول، ڈاکٹر محمد انس سعید، سعدیہ جمال، چیف آپریٹنگ آفیسر کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک، چیف آفیسر زمیونسپل کمیٹیز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سیل پوائنٹس عیدالاضحی سے 10 روز قبل فعال ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ماڈل کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی کے زیر اہتمام چنیوٹ جبکہ میونسپل کمیٹیز کی طرف سے بھوآنہ اور لالیاں میں سیل پوائنٹس قائم ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ مویشی منڈی/ سیل پوائنٹس میں بیوپاریوں وخریداروں کے لئے بہترین انتظامات ہونے چاہئیں اور کمپنی کے زیر اہتمام بیوپاریوں سے فیس میں اوور چارجنگ برداشت نہیں، مقررہ فیس 800 روپے پر عملدرآمد کرایا جائے گا۔ فیس کے حوالے سے آگاہی بینرز آویزاں ہونے چاہئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بھوآنہ اور لالیاں کے سیل پوائنٹس نو پرافٹ نو لاس No loss,profit No کے تحت ہونگے اور تینوں مویشی منڈیوں میں سایہ دار انتظامات، پینے کا پانی، لائٹ، پارکنگ اور دیگر انتظامات کو فوری مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز خود مقررہ سیل پوائنٹس کا دورہ کر کے انتظامات چیک کریں۔ سیل پوائنٹس کے علاوہ شہری علاقوں میں قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت پر پابندی عائد ہوگی جس پر ہر صورت عملدرآمد کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک کی بلا تعطل روانی یقینی، پارکنگ کے مناسب انتظامات اور مویشی منڈیوں میں تمام متعلقہ محکموں کا سٹاف ڈیوٹی پر موجود ہونا چاہیے۔

جہلم عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی جہلم شہر میں خود ساختہ مویشی منڈیاں قائم ہونا شروع ہو گئیں

تاہم ان مویشی منڈیوں میں قربانی کے جانوروں کے خریداروں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی جہلم شہر میں خود ساختہ مویشی منڈیاں قائم ہونا شروع ہو گئیں، تاہم ان مویشی منڈیوں میں قربانی کے جانوروں کے خریداروں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے۔ تفصیلات کے مطابق عیدالاضحیٰ کی آمد میں اب تقریباً 2 ہفتوں کا وقت رہ گیا ہے، جہلم شہر کے علاقوں جادہ جی ٹی روڈ میجر ملک محمد اکرم شہید روڈ ڈھوک جمعہ روڈ چوتیرہ کھرالہ سڑکوں پر غیر قانونی مویشی منڈیاں آباد ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ جنوبی پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں سے بکرے، دنبے اور بیل مویشی منڈیوں کی زینت بننا شروع ہو گئے ہیں، مگر قربانی کے جانوروں کے خریداروں کا کہیں نام ونشان دکھائی نہیں دیتا شہر میں موجود مویشی منڈیوں کے بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ ابھی تک کسی بھی مویشی منڈی میں محکمہ حیوانات کی جانب سے کانگو وائرس کے اسپرے اور بیمار جانوروں کو چیک کرنے کے لیے کوئی کیمپ نہیں لگایا گیا ہے اور نہ ہی انتظامیہ کی جانب سے مویشی منڈیوں میں ابھی تک کسی قسم کے کوئی انتظامات کیے گئے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے مویشی منڈیوں کے پوائنٹ مختص کر کے بیوپاریوں کو منڈیوں میں منتقل کیا جائے تاکہ شہریوں کو امدورفت میں پیش آنے والی مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے

پٹرولنگ پولیس کا اپنوں سے ملانے کا سلسلہ جاری وساری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پٹرولنگ پولیس کا اپنوں سے ملانے کا سلسلہ جاری وساری۔ تفصیلات کے مطابق ہیڈ کانسٹیبل ساجد علی معہ ہمراہی ملازمان کو دوران پٹرولنگ 2 کمسن بچیاں 1-میرب بعمر تقریباً 11 سال و2-آسیہ بعمر تقریباً 8 سال روڈ پر روتی ہوئی ملیں۔ جن کو اپنے گھر کا ایڈریس معلوم نہ تھا۔ بچیوں کو پوسٹ پر لا کر گردونواح کے چوک میں اعلانات کروانے کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا کا استعمال عمل میں لاتے ہوئے بچیوں کے والد آصف علی ولد محمد بوٹا قوم رحمانی سکنہ مکان نمبر 77 مین گلی کرپرام فیکٹری تحصیل وضلع اوکاڑہ سے رابطہ کر کے انہیں پوسٹ پر بلوایا گیا۔ بعد از تصدیق معززین علاقہ کی موجودگی میں بچیوں کو ان کے والد اور نانا محمد صادق ولد محمد عاشق سکنہ 32/2L، اوکاڑہ کے حوالے کر دیا گیا۔

اوکاڑہ کے نواح میں اوباشوں نے گن پوائنٹ پر شادی شدہ خاتون کو زبردستی اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباشوں نے گن پوائنٹ پر شادی شدہ خاتون کو زبردستی اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ لالے والا کا رہائشی عابد علی کی بیوی زینب بی بی موضع بھکو شاہ میں اپنی رشتہ دار آسیہ بی بی کے گھر آئی ہوئی تھی کہ اچانک اوباش محمد امین ولد عبدالعزیز اور محمد اسلم ولد محمد منشاء گھر میں داخل ہوئے اور جان سے مارنے کی دھمکی دیکر محمد امین کو گن پوائنٹ پر زینب بی بی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ محمد اسلم اسلحہ لیکر پہرہ دیتا رہا اور بعد میں محمد اسلم نے زینب بی بی کو زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ محمد امین اسلحہ لیکر پہرہ دیتا رہا پولیس نے تھانہ چورستہ میاں خان نے مقدمہ درج کر کے 24 گھنٹے کے اندر ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں گھریلو تنازعہ پر بڑے بھائی نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں گھریلو تنازعہ پر بڑے بھائی نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ بیل سنگھ کے رہائشی سکول کے ٹیچر چوہدری ارشاد احمد چوہان کو گھریلو تنازعہ پر اس کے بڑے بھائی فوجی محمد عباس نے چھ گولیاں مار کر بے دردی سے قتل کر دیا جس سے پورے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا پولیس نے نعش کو قبضہ میں لیکر کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

مختلف واقعات میں کار، رکشہ اور موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں کار، رکشہ اور موٹر سائیکلیں چوری۔ محمد جاوید اپنی کار نمبری LEA-4369 سول ہسپتال کے اندر کھڑی کر کے چیک اپ کروانے گیا جب واپس آیا تو کار وہاں سے کوئی نامعلوم ملزم چوری کر کے لے گیا تھا ڈالہ سندھواں میں مسجد کے باہر سے شہزاد کی موٹر سائیکل چوری، بینک الفلاح سرانوالی کے سامنے سے محمد فریاد کی موٹر سائیکل چوری، رام آرائیاں کلاں سے انتظار علی کے گھر کے باہر سے رکشہ چوری، میلاد چوک سے عابد پرویز کی موٹر سائیکل چوری، جامکے روڈ سے عامر احمد کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، جامکے روڈ سے محمد سفیان کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے۔

جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار، چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں کے طلبا وطالبات نمازیوں سمیت خواتین کو مشکلات کا سامنا شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور آوارہ کتوں کو تلف کروانے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ملحقہ علاقوں میں محکمہ صحت اور میونسپل کمیٹی کی عدم دلچسپی کیوجہ سے اندرون شہر اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کے جھنڈ بچوں اور نمازیوں کا تاقب کرتے دکھائی دیتے ہیں جسکی وجہ سکولوں کالجز میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات سمیت خواتین کا گھروں سے نکلنا محال ہو چکا ہے اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ محکمہ صحت اور میونسپل کمیٹی کے عملے کی عدم دلچسپی کی وجہ سے شہر اور ملحقہ آبادیوں میں آوارہ کتوں۔ کی بڑی تعداد شہر کے گلی محلوں چوک چوراہوں۔ اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کے جھنڈ شہریوں کا تاقب کرتے دکھائی دیتے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چیف آفیسر ایم سی سے نوٹس لینے اور آوارہ کتوں کو تلف کروانے کا مطالبہ کیا ہے

ہیٹ ویوز سے بچاؤ کیلئے عوام کیلئے انتظامیہ نے ایڈوائزری جاری کر رکھی ہے

شہری خود کو ڈھانپے بغیر شدید دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں، غیر ضروری شدید دھوپ میں نکلنے سے مکمل اجتناب کریں

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال کے میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر فواد مجید چوہدری نے کہا ہیکہ ہیٹ ویوز سے بچاؤ کیلئے عوام کیلئے انتظامیہ نے ایڈوائزری جاری کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری خود کو ڈھانپے بغیر شدید دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں، غیر ضروری شدید دھوپ میں نکلنے سے مکمل اجتناب کریں اور اگر نکلنا ضروری ہو تو سر، ناک اور منہ ڈھانپ کر رکھیں، ڈھیلے اور ہلکے رنگ کے کپڑے پہنیں، مشقت سے گریز کریں جو جسم کا درجہ حرارت بڑھائے، مناسب خوراک کھائیں جس میں سبزیوں اور پھلوں کا استعمال زیادہ ہو، گوشت اور انڈوں کا استعمال کم کریں، پانی زیادہ سے زیادہ پئیں، بچوں کو پارک کی ہوئی گاڑی میں ہرگز مت بیٹھنے دیں، ہاتھ اور منہ دھوتے وقت ٹھنڈے پانی کا استعمال کریں تاکہ رگوں میں خون کا بہاؤ بہتر ہو، دھوپ میں نکلتے وقت لوشن کی بجائے ایلوویرا کا استعمال کریں یہ وہ احتیاطی تدابیر ہیں جنہیں اپنا کر ہیٹ اسٹروک سے بچاؤ ممکن ہے۔ ریسکیو 1122 کی جانب سے تمام تحصیلوں میں ہیٹ سٹروک رسپانس کیمپ بنا دیئے گئے ہیں، انہوں نے بتایا کہ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ الرٹ کے مطابق آنے والے چند دنوں میں درجہ حرارت 50 ڈگری تک پہنچ جانے کی اطلاعات ہیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی اور ناخلف بیٹے محمد آصف ولد طاہر محمود کو بوجہ نافرمانی اپنی تمام منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ سے میں اس کے کسی بھی قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں گا لہذا تمام افراد اور سرکاری و نجی ادارے نوٹ کریں۔

المشتہر: طاہر محمود ولد محمد صادق سکنہ احمد آباد ڈیرہ اشرف نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ
فون نمبر: 03024164502

بقیہ نمبر 1 2016 سے اپریل 2025 کے دوران پبلک ورکس ہیڈ G10113 سے 29 اضلاع میں 16 ارب 54 کروڑ روپے کی زائد ادائیگیاں کی گئیں۔ کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) نے فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے کیونکہ یہ معاملہ صوبے کی تاریخ میں سب سے بڑے مالیاتی گھپلے کی شکل اختیار کر رہا ہے، جس میں مشتبہ رقم کا مجموعی حجم 56 ارب 50 کروڑ روپے تک جا پہنچا ہے۔

بقیہ نمبر 2 میں شدید طوفان سے مکانات کی چھتیں اڑ گئیں، درخت جڑوں سے اکھڑ گئے ہیں۔ درجنوں گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ لکڑی سے بنے مکانات ملبے کا ڈھیر بن گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 3 تمام کمیٹیوں سے متعلقہ امور خصوصاً پنجاب بھر کے ممبرز وکلاء کی لائف گروپ انشورنس کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عرفان صادق تارڑ اور فاروق ڈوگر نے کہا کہ وکلاء کی اکثریت انتہائی خطرناک حالات میں اپنے فرائض سر انجام دیتے ہیں، اس دوران بہت سے وکلاء اپنی جانوں سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جس کے بعد ان کے خاندانوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ممبرز وکلاء کے لئے کسی نامور انشورنس کمپنی سے معاہدہ کیا جائے گا تا کہ خدانخواستہ کسی بھی حادثے کی صورت میں متاثرہ خاندان کے لئے زیادہ سے زیادہ مالی معاونت حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کو شفافیت سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا اور اخبارات میں باضابطہ اشتہار کے ذریعے نامور انشورنس کمپنیوں سے پیشکشیں طلب کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کی فلاح و بہبود کے لئے دیگر کئی طرح کے اقدامات بھی زیر غور ہیں اور ان شا اللہ ان پر بھی جلد پیشرفت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کی فلاح و بہبود کے لئے وفاقی اور پنجاب حکومت سے بھی معاونت طلب کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 4 یہاں آئے گی اور یہاں سے سڈیمنٹ ویلز سے ہوتی ہوئی اس جھیل میں چلی جائے گی۔ ریاض حسین نے مزید بتایا کہ یہ جھیل 16 کنال کے رقبے پر بنائی گئی ہے جبکہ اس کی گہرائی 20 فٹ ہے اور اس میں پانچ ملین گیلن لیٹر پانی سٹور کرنے کی گنجائش ہے۔ علاقے کے رقبے کے حساب سے مون سون کے تین سے چار بڑے سپلز اس کے اندر سٹوریج کے لیے آسانی سے آ سکتے ہیں۔ ریاض حسین نے بتایا کہ اس وقت سی بی ڈی میں دو تعمیراتی منصوبے چل رہے ہیں وہاں جتنا بھی پانی استعمال ہو رہا ہے وہ یہاں سے جا رہا ہے

بقیہ نمبر 5 بحال کرنے کیلئے مزید اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار ماہر ٹیکس و معاشیات اور انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن پنجاب چیپٹر کے صدر اسحاق بریار، جنرل سیکرٹری قاری زوہیب الرحمٰن زبیری، فنانس سیکرٹری شیخ عدیل، یاسر اکرم قریشی، تابش علی ، جاوید میو، رانا عثمان غنی، واصف علی شیخ، افضل ایوبی اور دیگر نے "ٹیکسز کا بوجھ ، اثرات اور اوورسیز پاکستانیوں کا پاکستانی معیشت میں کردار" کے موضوع پر مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ نمبر 6 توقع ہے کہ وفاقی حکومت بجٹ 2025-26 2 جون کو پیش کرے گی تاہم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ بات چیت کے بعد حتمی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں متعدد شعبوں میں مجوزہ ٹیکسوں میں کمی کے ساتھ ساتھ 14305 ارب روپے کے ٹیکس ہدف پر غور کیا جا رہا ہے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ آئندہ مالی سال کے لیے ٹیکس تجاویز کے حوالے سے آئی ایم ایف سے مشاورت جاری ہے۔ اس تناظر میں رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ نئے بجٹ میں گاڑیوں اور آٹو پارٹس پر ٹیکس کم کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ رپورٹس کے مطابق گاڑیوں پر 15 سے 90 فیصد تک ڈیوٹی میں 20 فیصد کمی کی تجویز ہے۔ اگر یہ منظور ہو جاتا ہے تو پاکستان میں کار کی قیمت میں نمایاں کمی دیکھی جائے گی۔ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق مذکورہ گاڑیاں پاکستان میں سوزوکی، ٹویوٹا وٹز، ڈائی ہاٹسو میرا، ٹویوٹا پراڈو، ہونڈا ویزل اور ٹویوٹا ایکوا سرفہرست امپورٹڈ گاڑیوں میں شامل ہیں۔ مزید برآں، پرزوں پر موجودہ 2 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی کو کم کر کے صفر کرنے کی تجویز ہے

بقیہ نمبر 7 سی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا لیکن آج یہ سوال ہر کسی کے ذہن میں پیدا ہوتا ہے کہ 78 سال گزرنے کے باوجود اور جاپان سمجھا جانے والا پاکستان آج ترقی کی دوڑ میں پیچھے کیوں رہ گیا ہے، یہ وجہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ یہ ممالک آگے کیوں چلے گئے اور پاکستان پیچھے کیوں رہ گیا حالانکہ پاکستانیوں کے بارے میں مشہور ہے کہ ہم زیادہ ذہین ہیں۔ ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ تمام مصائب کے باوجود آج پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت ہے، ہم جو سائیکل نہیں بنا سکتے تھے آج جے ایف 17 تھنڈر جیسے جدید جنگی طیارے بنا رہے ہیں، جو ہماری مہارت اور کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ صحت، زراعت، ٹیکنالوجی اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ڈیفالٹ ہوتے ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا اور اب پاکستان ایک نئی اڑان بھرنے کو تیار ہے، اڑان پاکستان کا منصوبہ پاکستان کو پائیدار ترقی کی طرف لے جانے کیلئے شروع کیا ہے اس کیلئے ہمیں اپنے ملک میں امن و استحکام کی فضا کو پیدا کرنی ہوگی۔

بقیہ نمبر 8 کر قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کا تعلق بہاولپور سے ہے جو فیصل ٹاؤن کے ایک فلیٹ میں رہائش پذیر تھا۔ پولیس نے فرانزک ٹیم کے ہمراہ شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے خواجہ سراء کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی ماڈل ٹاؤن سے رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ نمبر 9 ہونہار سکالرشپ پروگرام کی مہمان خصوصی ہوں گیں اور اس سکالرشپ پروگرام کے تحت ہونہار طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کریں گیں۔ وہ زیر تعمیر گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں شعبہ آؤٹ ڈور) او پی ڈی (اور 47

پل تا قینچی موڑ فلائی اوور کے ساتھ سیف سٹی پروگرام کا افتتاح کریں گیں۔

بقیہ نمبر 10 کر کے مہنگائی کی چکی میں پسی عوام سیلیکسز کا بوجھ کم اور مہنگائی میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری کی وجہ سے عام آدمی اور متوسط اور گھرانے دو وقت کی روٹی پوری کرنے کیساتھ بچوں کی فیس جمع نہیں کروا سکتے، علاج معالجہ کی پریشانی نہیں برداشت کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو سستی اور معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات فراہم کرے۔ تاجروں، ڈاکٹروں، اساتذہ اور کسانوں کے مسائل کو ان کے ساتھ مل بیٹھ کر حل کرے۔ انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کے خلاف پوری قوم متحد ہے، ملکی سلامتی اور دفاع کیلئے ہر سیاسی جماعت اور فرد ایک پیج پر ہے۔ حکمران طبقہ اب عوامی مسائل کے حل کیلئے بھی عملی اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نئے مالی سال کے بجٹ کے حوالے سے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے اس موقع پر اعلان کیا کہ جماعت اسلامی لاہور 24 مئی کو پری بجٹ سیمینار کا انعقاد بھی کرے گی جس میں ملک کے نامور ماہر معیشت دان شریک ہوں۔ حکومت اگر نیک نیتی کیساتھ عوامی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھ کر بجٹ پیش کرے تو عوام کو خاطر خواہ ریلیف مل سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 11 مطابق دبئی کے لیے ہفتہ وار 9 پروازیں آپریٹ کی جائیں گی، ان میں سے 2 پروازیں لاہور سے جبکہ 7 پروازیں اسلام آباد سے دبئی روانہ ہوں گی۔ ایئر سیال نے دبئی فلائٹ آپریشن کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور ٹکٹوں کی بکنگ کا سلسلہ بھی جلد شروع ہونے والا ہے۔

بقیہ نمبر 12 شخص اجازت نامے کے بغیر حج پر جاتا ہے وہ گناہ گار رہتا ہے کیونکہ وہ ولی امر کی نافرمانی کا مرتکب ہوتا ہے۔ ڈاکٹر عیاد کا کہنا تھا کہ اجازت نامہ اب استطاعت کی بنیادی شرط بن چکا ہے اور اگر کسی کے پاس یہ موجود نہیں تو وہ شریعت کی رو سے مستطیع ہی نہیں۔

بقیہ نمبر 13 آپریشن کو سراہا اور قبائلی عوام و سیکیورٹی فورسز کے اتحاد پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ جرگے میں معززین، علماء کرام اور نوجوانوں نے بھرپور شرکت کی، شرکاء نے امن، ترقی اور عسکری قربانیوں کے اعتراف پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مشران نے امن کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز سے بھرپور تعاون جاری رکھنے کا عہد کیا۔

بقیہ نمبر 14 وفد کی سربراہی دیے جانے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ خارجہ محاذ پر صرف چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ہی پاکستان کا بہتر دفاع کر سکتے ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں، سینیٹر وقار مہدی نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی پروپیگنڈے کا توڑ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بہتر کوئی اور نہیں کر سکتا، حالیہ پاک - بھارت جنگ میں بھی انہوں نے سفارتی و عالمی میڈیا کے محاذ پر پاکستان کو سرخرو کیا۔

بقیہ نمبر 15 2016 سے اپریل 2025 کے دوران پبلک ورکس ہیڈ G10113 سے 29 اضلاع میں 16 ارب 54 کروڑ روپے کی زائد ادائیگیاں کی گئیں۔ کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) نے فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے کیونکہ یہ معاملہ صوبے کی تاریخ میں سب سے بڑے مالیاتی گھپلے کی شکل اختیار کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 16 میں مقدمے پر سماعت کی، جس میں عدالت نے 267 ملزموں کو فرد جرم کی نقول تقسیم کیں۔ عدالت نے 24 مئی کو جناح ہاؤس حملے کے ملزموں پر فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر کر دی۔ سماعت میں ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر زیر حراست ملزموں کی حاضری مکمل کی گئی، اس کے علاوہ عالیہ حمزہ اور خدیجہ شاہ سمیت دیگر ملزمان جیل ٹرائل میں پیش ہوئے۔

بقیہ نمبر 17 نامی خاتون اور اسکے ڈرائیور کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ دہرے قتل کی اس واردات کے مرکزی ملزم شاہد وحید عباس عرف بودا سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 18 خلاف کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ ان نوجوانوں کی شناخت ثاقب شفیع وانی، ولید اعجاز شیخ، ہاشم فاروق میر، سیار احمد شیخ، توصیف احمد خان، شوکت احمد ڈار، علی محمد راتھر، اویس فاروق لون، مصعب احمد خان، فیروز احمد نجار، شبیر احمد، ساجد شاہنواز میر، نعمان قیوم گنائی، اویس الطاف بٹ، جنید ظہور بنگرو، مظفر فاروق میر، انیب نصیر میر، عرفان احمد سیرہ، فہد بشیر صدیق، زبیر احمد لون، فیضان یاسین شیخ، ابراہیم راشد گنائی اور عبدالحمید گنائی کے طور پر ہوئی ہے۔ گرفتار نوجوانوں کو جموں کی پونچھ، ادھم پور اور کوٹ بلوال جیلوں میں نظربند کیا گیا ہے۔ بھارتی پولیس تحریک حق خودارادیت کی حمایت کرنے پر کشمیری عوام بالخصوص نوجوانوں کو منظم طریقے سے نشانہ بنا رہی ہے۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے دوران 3 ہزار سے زائد کشمیریوں کو بلاجواز گرفتار کیا گیا ہے جس سے علاقے میں ہر قسم کے اختلاف رائے کو دبانے کی مودی حکومت کے عزائم کی عکاسی ہوتی ہے۔ بے گناہ کشمیریوں کو بغیر کسی الزام کے گرفتار کرنے کے لئے پبلک سیفٹی ایکٹ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام جیسے کالے قوانین کا بے دریغ استعمال قابض حکام کے لئے ایک معمول بن چکا ہے۔ انسانی حقوق کے کارکنوں نے انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر مداخلت کریں اور کشمیری عوام کے خلاف جنگ چھیڑنے پر بھارت کو جوابدہ ٹھہرائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی قسم کا ظلم کشمیریوں کو آزادی کے لئے اپنی منصفانہ جدوجہد سے نہیں روک سکتا۔

بقیہ نمبر 19 کے گھمنڈ میں مبتلا بھارت پاکستان کی فضائی دفاعی صلاحیتوں اور جے 10 سی اور پی ایل میزائل کی صلاحیتوں کا اندازہ لگانے میں بری طرح ناکام رہا، رافیل کا گرنا یورپ کے لیے بھی وارننگ ہے۔ دوسری جانب امریکی جریدے کے کہنا ہے کہ چین کا جے 10 سی لڑاکا طیارہ امریکا کے ایف سولہ طیاروں کی برآمدات کو تباہ کر سکتا ہے۔ چین کی کوشش ہے کہ وہ جے 10 کو ایف سولہ کے حقیقی حریف بنائے، اگر چینی کمپنیاں امریکی ایف 16 کی فروخت میں خلل ڈالنے میں کامیاب ہو جاتی ہیں تو یہ امریکا کے دفاعی شعبے کے لیے بہت بڑا دھچکا ہو گا۔

بقیہ نمبر 20 کے صدر بابر خان اور پاکستان سول سوسائٹی ڈنمارک کے قائم مقام صدر امیر مختار نقوی اور چوہدری افضال آف ڈھل نے پروگرام کو آرگنائز کیا۔ پروگرام اظہار تشکر برائے افواج پاکستان میں ڈنمارک میں آباد پاکستانی و کشمیری کمیونٹی نے اپنے انداز سے فتح کا جشن منایا جس میں خواتین، بچے، سیاسی، سماجی، کاروباری، مذہبی اور رفاہی حلقوں کی اہم شخصیات شریک ہوئیں۔ پروگرام میں ای یو پاک فرینڈ شپ فیڈریشن یورپ کے چیئرمین صدارتی ایوارڈ تمغہ خدمت ڈاکٹر چوہدری پرویز اقبال لوسر نے بطور چیف گیسٹ شرکت کی جبکہ میاں منیر مہمان خاص تھے، پاکستان کی اس عظیم فتح کو ڈنمارک میں کیک کاٹ کر منایا گیا۔ اس موقع پر پاکستان زندہ باد افواج پاکستان زندہ باد کے نعروں سے فضا گونج رہی تھی، ملی نغموں کی دھن پر ہر کوئی رقص کر کے اس فتح کو اپنے انداز سے منا رہا تھا، سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر زندہ باد، پاک فضائیہ زندہ باد کے نعرے ڈنمارک کی شاہراہوں پر گونج رہے تھے جسے ڈینش عوام اور دیگر کمیونٹیز وکٹری کا نشان بنا کر پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ یکجہتی کر رہے تھے۔ پروگرام میں پی ٹی آئی، مسلم لیگ ق، مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی نے پہلی دفعہ ملکر پاکستان کی فتح کے جشن کو منایا

بقیہ نمبر 21 ، بابر فاروق رحیمی، محترم انقلابی

صاحب کے علاوہ متعدد راہنماء کی شرکت۔ اس موقع پر صدر جمعیت اہلحدیث ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں قانون کے دائرہ کار میں رہ کر شرپسندوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح متحد رہنا ہے۔ شعائر اللہ پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں انہوں نے موجودہ انتظامیہ کے مسلسل متعصبانہ رویے کو متفقہ طور پر قابل مذمت قرار دیا۔ اا اور کہا کہ اسلامی شعائر اللہ کے تحفظ دفاع کے لئے ہمارا تن من دھن قربان ہے۔ انہوں نے کہا خود انتظامیہ کا مسجدوں پر شرپسندوں کے ہمراہ حملہ آور ہونا ان کی پشت پناہی کرنا بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ایل ڈی اے اور انتظامیہ کا کردار غیر دانشمندانہ ہے۔ مملکت اسلامیہ میں مساجد، دینی مدارس کو تالے لگانا سیل کرنا اسلامی اصولوں اور قرآن و سنت کے منافی ہے۔ حافظ اسعد عبید اللہ، حافظ نصیر احمد احرار نے کہا خواجہ سلمان رفیق اور ایڈیشنل ہوم سیکریٹریز سے شرپسندوں کے خلاف مساجد مدارس کی بحالی کے لئے جدوجہد پر زور دیتے ہوئے کہا مساجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہیں ان پر حملہ کرنے والے گروہ مسلمان نہیں ہو سکتے۔ فرقہ واریت اور زمین میں فتنہ فساد کشیدگی پھیلانے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ دہشت گردی کا قانون موجود ہونے کے باوجود حملہ آوروں کے خلاف کارروائی نا کرنا سراسر زیادتی ہے۔ بغیر ثبوتوں کے مساجد، دینی مدرسوں کو سیل کرنا شریعت، قانون اور آئینی طور پر غلط ہے

بقیہ نمبر 22 پوزیشن حاصل کرنے والوں کو مبارکباد دی، اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے والے آرٹسٹوں کو 60،60 ہزار روپے انعام دیا گیا۔ زلیخا احمد مندو خیل، لبیہ عابد، علی لاریب، رافع تالپور، معیز احمد نے نمایاں پوزیشن حاصل کیں۔ قبل ازاں الحمراء ینگ آرٹسٹ نمائش کی تقریب تقسیم انعامات سے اظہار خیال کرتے ہوئے نگہت علی نے کہ پاکستانی مصوری کے معماروں کی فہرست طویل ہے، ہماری نوجوان نسل انہی کے نقش قدم پر چل رہی ہے، نوجوان آرٹسٹوں بھرپور موقع فراہم کرنے پر الحمراء انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور انکی کاوشیوں کو سراہتی ہوں۔ نمائش میں بڑی تعداد نے لوگوں نے شرکت کی۔ یہ نمائش 30 مئی تک جاری رہے گی۔ واضح رہے نمائش میں 178 آرٹسٹوں نے ملک بھر سے شرکت کی ہے۔

بقیہ نمبر 23 ارتکاب کر کے یو اے ای و دیگر ممالک میں مفرور مجرمان کی گرفتاری میں پیشہ ورانہ مہارت پر پنجاب پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر دبئی میں منعقدہ ورلڈ پولیس سمٹ 2025ء تقریب میں پنجاب پولیس کے 3 افسران کو ایوارڈز سے نوازا گیا۔ پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل کے ذریعے گذشتہ 2 سال میں سنگین جرائم کے مرتکب بیرون ملک مفرور 269 اشتہاریوں کو گرفتار کر کے پاکستان لایا گیا۔

بقیہ نمبر 24 کے حوالے سے انتظامیہ کمیٹی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں عبد العزیز عابد، قاری وقار چترالی، مختار سواتی، محمد فاروق چوہان، مفتی عمرو دیگر بھی شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور چاہتا ہے کہ خطے میں امن کے لئے مسئلہ کشمیر فوری حل اور سندھ طاس معاہدے کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ پاک فوج نے بھارت کو صرف چار گھنٹوں میں ہی منہ توڑ جواب دیکر اپنی برتری ثابت کر دی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ مذاکرات میں کشمیر اور اپنے دریاؤں کی حفاظت کو بھی یقینی بنایا جائے۔ پاکستان کو کمزور سمجھنے والوں کی آنکھیں کھل جانی چاہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور ہماری بہادر افواج دشمنوں کی تمام سازشوں کو جواب دینے کے لئے ہر وقت تیار ہے۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ہم کسی کو بھی اپنی خودمختاری، سلامتی اور وقار کے ساتھ کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ بھارت نے پاکستان پر بغیر شواہد کے الزامات عائد کئے ہیں اشتعال انگیزی پھیلا کر خطے کے امن کو تباہ کرنا چاہتا ہے۔ پہلگام واقعہ کا ذمہ دار خود بھارت ہے۔ عالمی سطح پر اس کی تحقیقات کروائی جائیں۔

بقیہ نمبر 25 سے رزک تک سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ضلعی حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ آمد و رفت کیلئے متبادل راستے اختیار کئے جائیں اور غیر ضروری نقل و حرکت سے اجتناب کریں۔

بقیہ نمبر 26 نقصان پہنچا ہے۔ دشوار گزار راستوں کے باعث آگ بجھانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 27 نچ بجے تک جاری رہا تین سو سے ذائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا 172 الٹرا ساؤنڈ 117 ہیپاٹائٹس بی سی کے ٹیسٹ 30 پی سی آر ٹیسٹ 80 دیگر مختلف لیبارٹری ٹیسٹ اور ادویات بلکل مفت دی گئیں پی سی آر رپورٹ آنے کے بعد کالے یرقان کے مریضوں کو تین ماہ کی میڈیسن مفت دی جائے گی معززین علاقہ حاجی غلام مصطفےٰ مغل، میاں اسد علی، مرزا عباس بیگ، سیٹھ محمد رمضان، ملک عثمان، حافظ اسامہ، نوید مغل، شیخ مدثر، ملک عقیل حسین، علی رضا شاہ، علی حسن شاہ و دیگر نے کیمپ کا دورہ کیا خدمت کے اس عظیم کام کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا مریضوں نے بڑی دعاؤں اور پیار سے نوازا اس موقعہ پر عظیم سماجی راہنما میاں عطاالرحمٰن فاروقی کا کہنا تھا کہ اسی طرح غریب پسماندہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپ لگائے جائیں گے اور خدمت کا سفر جاری رہے گا اس عہد کے ساتھ صحت غریب کیلئے گھر کی دہلیز پر آئیں خدمت کے اس سفر میں آپ بھی ہمارے ہم سفر بن جائیں۔

بقیہ نمبر 28 106 ج ب کے رہائشی نسیم بی بی نے الزام لگایا کہ اس کی بیٹی ثناء نور کے شوہر نے مقامی حکیم سے دوائی لیکر کھلائی جس کی وجہ سے لڑکی کے گردے فیل ہو گئے، جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکی۔

بقیہ نمبر 29 قصبہ کمر مشانی کے علاقہ جوا کڑاں والے قبرستان میں فضل دین حجام کے نوجوان بیٹے مٹھائی فروش تاجر عدیل اللہ خیل ترہی کو قتل کر دیا گیا جس کی نعش کو برآمد کر کے پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ نمبر 30 محاذ کے رہنما احمد مسعود، بلخ کے سابق گورنر عطا محمد نور، جو افغانستان کے جنگی سرداروں میں سے ایک ہیں، اور سابق وزیر خارجہ صلاح الدین ربانی کو ایران کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے۔ ذرائع نے تصدیق کی کہ احمد مسعود تاجکستان سے ایرانی شہر مشہد روانہ ہوئے جہاں انہوں نے گزشتہ دونوں کے دوران پاسداران انقلاب کے اعلیٰ کمانڈروں اور وزارت خارجہ کے حکام سے ملاقاتیں کی ہیں۔ عطا محمد نور نے مشہد میں انہی حکام کے ساتھ علیحدہ ملاقاتیں کی ہیں۔ تاہم ذرائع کے مطابق صلاح الدین ربانی نے ابھی تک ایرانی دعوت پر رضامندی ظاہر نہیں کی ہے۔ باخبر افغان ذرائع نے بتایا ہے کہ ایرانی حکومت نے احمد مسعود کو کئی سالوں میں پہلی بار ایران میں مقیم سابق افغان حکومت کے خصوصی دستوں کمانڈوز " کے افسران سے ملاقات کی اجازت دی ہے۔ یہ ملاقات مشہد شہر میں ایرانی پاسداران انقلاب کے عناصر کی سخت نگرانی میں ہوئی۔ ایران میں ان کی ملاقاتیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 31 کو بھی اجاگر کیا کہ ایک جامع سیاسی تصفیہ عمل میں لایا جائے جو بین الاقوامی قراردادوں کی روشنی میں ایک آزاد فلسطینی ریاست کے قیام پر منتج ہو۔ دونوں شخصیات نے فلسطینی قومی صف بندی کی ضرورت پر بھی زور دیا اور عرب دنیا کے درمیان باہمی ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس کا مقصد فلسطینی قوم کے عزم و استقلال کو تقویت دینا اور ان کے جائز قومی اہداف کی حمایت کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 32 ملزمان نے ٹیکسی ڈرائیور کو گاڑی سے اتار کر زبردستی گاڑی چھین لی۔ شہری کی جانب سے بروقت اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کا پیچھا کیا اس دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے دوران ایک ملزم مارا گیا جبکہ دوسرا موقع سے فرار ہو گیا، جس کی تلاش جاری ہے، پولیس نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

بقیہ نمبر 33 اور کمادکا ہدف پورا نہ ہونے پر مہنگائی کا مزید خطرہ منڈلانے لگا۔ تفصیل کے مطابق مقامی محکمہ مال اور ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت کے باعث سانگلہ ہل شہر اور اس کے مضافات میں بااثر سرمایہ دار پراپرٹی ڈیلروں نے زرعی رقبوں پر غیر قانونی کالونیاں بنانا شروع کر دیں اور زرعی رقبوں پر پلاٹنگ کر کے مرلوں کی شکل میں مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 34 فعال کر کے مصنوعی مہنگائی کو کنٹرول کیا جائے اور مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

بقیہ نمبر 35 ہی خاندان کے 3 افراد زخمی ہوئے جنہیں حیدرآباد کے اسپتال منتقل کیا گیا تاہم دوران علاج تینوں افراد دم توڑ گئے۔ ملتان میں شجاع آباد کے قریب موٹروے ایم فائیو پر مسافر بس میں آگ لگ گئی تاہم موٹروے پولیس نے جلتی بس سے تمام مسافروں کو بحفاظت باہر نکال لیا، بس میں آگ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگی تھی، کراچی سے بونیر جانے والی بس میں 47 مسافر سوار تھے۔

بقیہ نمبر 36 کے خلاف قانونی کارروائی کرنے پر زور دیا ہے جنہیں پکڑ لیا جائے گا۔ وزارت نے سب سے اپیل کی ہے کہ وہ حج کے قواعد وضوابط کی پابندی کریں۔ ان قواعد کا مقصد عازمین حج کے امن و سلامتی کو برقرار رکھنا ہے تا کہ وہ آسانی اور اطمینان سے اپنی مناسک ادا کر سکیں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کی اطلاع مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، ریاض اور مشرقی ریجن میں 911 اور سعودی عرب کے باقی علاقوں میں 999 پر دی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 37 کرنا چاہتے، لیکن انہوں نے یہ بات دہرائی کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے تہران کو یہ پیغام دیا ہے کہ اگر کوئی معاہدہ ہوتا ہے تو وہ ایران کے لیے نہایت مفید ہوگا۔

بقیہ نمبر 38 لگتے ہی بچی کی حالت بگڑ گئی جسے میو ہسپتال لے کر گئے مگر وہ جانبر نہ ہو سکی۔ پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی قانونی کارروائی شروع کردی۔

بقیہ نمبر 39 رکھا۔ اس واقعے نے سوشل میڈیا پر بڑے پیمانے پر ردعمل اور بہت سے تنازعات " کھڑے کر دیے خاص طور پر اس لیے بھی کہ میکرون نے اپنی انگلی چھڑانے کی کوشش کی لیکن وہ اس میں ناکام رہے تھے۔

بقیہ نمبر 40 مسئلہ کشمیر کی حساسیت کو سمجھتے ہوئے کشمیر ایشو کا حل نکالنا ہو گا۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر پر مذاکرات سہ فریقی ہونے چاہیے کیونکہ مسئلہ کشمیر کے حقیقی فریق کشمیری عوام ہیں اور کشمیری عوام کو مذاکرات کی میز پر ساتھ بٹھانا ہو گا تا کہ اس مسئلے کا پائیدار حل نکل سکے اور خطے میں امن کا قیام ممکن ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے سردار ذوالفقار روشن (امریکہ) اور راجہ جاوید (سوئٹزرلینڈ) سے ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ایک تفصیلی ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران ہماری پاک فوج نے جس جرات مندی اور بہادری کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرتے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک تر کیا ہے اس پر پوری قوم مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھر میں مقیم اوورسیز کشمیریوں کو متحد و متفق ہو کر بھارتی جارحیت کو بین الاقوامی برادری کے سامنے لانا ہو

بقیہ نمبر 41 امریکا میں ویزے کی مقررہ مدت سے زائد قیام کرنے والوں کو ملک بدری کے ساتھ مستقبل میں امریکا کے سفر پر مستقل پابندی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امریکا میں 7.25 لاکھ غیر قانونی بھارتی مقیم ہیں، 2023 میں 51 ہزار بھارتیوں نے امریکا میں پناہ کی درخواست دی، گزشتہ 5 سال کے دوران پناہ کی درخواست دینے والے بھارتیوں کی تعداد میں 470 فیصد اضافہ ہوا۔ مودی حکومت کے تحت بھارت میں بے روزگاری خطرناک حدوں کو چھونے لگی، اپریل 2025 میں شرح 5.1 فیصد تک جبکہ شہروں میں 6.5 فیصد ہو گئی جس سے نوجوان سب سے زیادہ متاثر ہیں۔

بقیہ نمبر 42 کچھ بھی نہیں ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ اللہ نے آپ کو کامیابی دی آپ نے دنیا کو پیغام دیا ہے، بھارت کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ اصل جوانوں سے مقابلہ کیسا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزمائش میں ہر پاکستانی اپنی جان و مال پاکستان پر نچھاور کرنے کے لیے تیار ہے، دشمن کی غلامی کسی غیرت مند پاکستانی کو قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم خصوصی طور پر آرمی چیف کے مشکور ہیں کہ ہم دشمن کی آنکھ میں آنکھ ملا کر دیکھ سکتے ہیں، پاکستان ایک ملک ایک قوم اور اسلامی جمہوری ریاست ہے، ہم تو جیتے ہی شہادت کے لیے ہیں، آپ سب کے جذبے یوں ہی سربلند رہیں۔

بقیہ نمبر 43 سے کم از کم 74 فلسطینی شہید ہو گئے، جنگی جرائم میں ملوث نیتن یاہو کی فورسز نے غزہ کے نام نہاد سیف زون المواسی میں بھی بمباری کی، 12 گھنٹوں میں 119 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق یہ شدید حملے ایسے وقت میں ہو رہے ہیں، جب اسرائیل غزہ پر ایک نئے زمینی حملے کی تیاری کر رہا ہے، اور قطر میں حماس کے ساتھ جنگ بندی کے مذاکرات دوبارہ شروع کر چکا ہے۔

بقیہ نمبر 44 کرے گی۔ نیشنل ٹاسک فورس چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں اور اسلام آباد انتظامیہ کے اشتراک سے کریک ڈاؤن کرے گی۔ بتایا گیا ہے کہ اس مہم کے دوران ادویات کے نمونے حاصل کیے جائیں گے، ملوث افراد یا اداروں کے خلاف مقدمات قائم کیے جائیں گے، غیر رجسٹرڈ اور ڈرگ نیٹ ورکس کو توڑنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جائے گی۔ ٹاسک فورس اس امر کو یقینی بنائے گی کہ ادویات کی فروخت کیلئے مطلوبہ تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں اور وارنٹی کی چین قائم کی جائے

بقیہ نمبر 45 ۔ میڈیا سے گفتگو میں رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ پاکستان جنگ بندی پر قائم ہے مگر اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے اگر دوبارہ جنگی محاذ کھولنے کی غلطی کی تو فوری جواب دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 46 میں پہلگام میں دہشت گردی سے سیز فائر تک کی تفصیلات بتائی گئی ہیں جبکہ رپورٹ میں بھارت اور پاکستان کے ردعمل کا موازنہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ برطانوی پارلیمنٹ کی رپورٹ کے مطابق بھارت مسئلہ کشمیر کے دوطرفہ حل پر بضد ہے اور پاکستان بین الاقوامی مداخلت سے مسئلہ کشمیر کے حل کا خواہشمند ہے۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق بھارت نے ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے ایک مشکوک واقعہ کو بنیاد بنا کر پاکستان کے خلاف فوجی کارروائیوں کا آغاز کیا، بھارت کا طرز عمل علاقائی امن کیلئے شدید خطرہ ہے۔ پاکستان نے انتہائی ذمہ داری، ضبط اور بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنا دفاع کیا جبکہ بھارت کی جانب سے طاقت، دھمکی اور الزام تراشی کا سہارا لیا گیا

بقیہ نمبر 47 پر لکھا کہ غزہ کی صورتحال مجھے صدمہ پہنچا رہی ہے، شہری بھوک سے مر رہے ہیں، ہسپتالوں پر دوبارہ بمباری ہو رہی ہے۔ تشدد بند ہونا چاہیے۔ اسرائیلی فوج نے اعلان کیا کہ اس نے غزہ کی پٹی میں اپنی وسیع تر کارروائی کا پہلا مرحلہ شروع کر دیا ہے۔ پٹی میں اسٹریٹجک قرار دیے گئے علاقوں پر کنٹرول حاصل کرنے کے لیے مزید فوجیں جمع کی گئی ہیں۔ اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں کہا کہ حملوں کا مقصد جنگ کے تمام اہداف حاصل کرنا ہے۔ اسرائیلی حکام کے مطابق عربات جدعون "نام کے اس آپریشن کا مقصد پٹی پر مکمل کنٹرول حاصل کرنا اور اسے براہ راست فوجی کنٹرول میں لانا اور آبادی کو جنوب کی طرف دھکیلنا ہے۔

بقیہ نمبر 48 ر گرانے کی خبر جھوٹ پر مبنی تھی جبکہ بھارتی حکومت نے سچ بولنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی صحافی راج دیپ سرڈیسائی نے اعتراف کیا کہ پاکستان کے بارے میں یہ خبر غلط تھی اور حکومت نے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے ایسے افراد اور صحافیوں کو نشانہ بنایا جو حقیقت سامنے لانا چاہتے تھے۔ یہ انکشاف ایک امریکی اخبار کی رپورٹ میں سامنے آیا جس میں بتایا گیا کہ بھارتی میڈیا نے غزہ میں ہونے والے دھماکوں کی ویڈیوز کو پاکستان پر حملے کے طور پر نشر کیا۔ امریکی رپورٹ کے مطابق بھارتی میڈیا اس دوران ایک ریاستی پروپیگنڈا مشین بن گیا جس نے بغیر کسی تصدیق یا شواہد کے خبریں نشر کیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی حکومت نے قانونی اقدامات کے ذریعے 8 ہزار سے زائد سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھارت میں بلاک کیے، جن میں اکثریت پاکستانی صارفین تھے۔

بقیہ نمبر 49 سے پاک فوج کے وقار میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ اخبار میں لکھے گئے مضمون میں کہا گیا کہ بھارت کے ساتھ کشیدگی بڑھتے ہی خاموش طبع جنرل عاصم منیر نمایاں اور جارحانہ کردار میں نظر آئے۔ بھارت کو منہ توڑ جواب کے بعد جنرل عاصم منیر قومی نجات دہندہ کے طور پر ابھرے ہیں۔ مضمون کے مطابق طاقت ور پڑوسی سے جنگ جیت کر پاکستان میں کئی مسائل فی الوقت پس منظر میں کر دیے جبکہ عرصے سے سیاسی، اقتصادی اور سلامتی بحرانوں کا شکار پاکستان فاتح ملک کے احساس میں ہے۔ امریکی اخبار کے مضمون میں کہا گیا کہ سیاسی جماعتوں، شہریوں نے پاک افواج کی کارکردگی پر خوش ہو کر ریلیاں نکالیں۔

بقیہ نمبر 50 ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بھارتی نسل کا کوبرا سانپ سیکٹر سے پاکستانی حدود میں داخل ہوا اور سرحدی گاؤں میں دیکھا گیا جس پر علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ مقامی افراد نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے سانپ کو قابو میں لے کر مار ڈالا۔ دیہاتیوں کا کہنا ہے کہ ایسے واقعات اکثر سرحدی علاقوں میں پیش آتے رہتے ہیں تاہم یہ کوبرا انتہائی زہریلا اور خطرناک تھا۔

بقیہ نمبر 51 کے خاتمے کے لیے اقوام متحدہ میں ایک قرارداد پیش کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ غزہ میں تشدد کے اس چکر کو روکنا ضروری ہے"۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک خطاب میں سانچیز نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرتے ہوئے دو ریاستی حل کی حمایت کا مطالبہ کیا، اور اس ضمن میں سعودی عرب اور فرانس کے زیر صدارت منعقدہ امن کانفرنس کی حمایت کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ اسرائیل پر غزہ میں قتل عام روکنے کے لیے دباؤ ڈالنا چاہیے۔"

بقیہ نمبر 52 ذریعے ویڈیوز میں رد و بدل کر کے عوام کو گمراہ کیا۔ بھارتی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق بھارتی میڈیا نے یہ دعوی کیا کہ بھارتی افواج نے پاکستان کی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنایا، کراچی بندرگاہ کو تباہ کر دیا، اور پاکستانی فضائیہ کے دو جنگی طیارے مار گرائے۔ تاہم، نیو یارک ٹائمز کے مطابق ان میں سے کسی بھی دعوے کی نہ تو کوئی آزاد تصدیق ہو سکی اور نہ ہی کوئی ثبوت پیش کیا گیا۔ اخبار نے مزید انکشاف کیا کہ بھارتی ٹی وی چینلز جیسا کہ آج تک " اور نیوز "18 نے بھی ان جھوٹے بیانیوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا، جبکہ فیکٹ چیکنگ ویب سائٹ Alt News نے ثابت کیا کہ کئی ویڈیوز، نقشے اور دعوے سراسر جھوٹ پر مبنی تھے۔ اخبار نے لکھا کہ بھارتی اینکرز اور مبصرین نے جنگی جذبات کو ہوا دینے میں خطرناک کردار ادا کیا اور ایک ایٹمی خطے میں غیر ضروری اشتعال پیدا کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی میڈیا کی یہ روش نہ صرف پیشہ ورانہ صحافت کی خلاف ورزی ہے بلکہ علاقائی امن و سلامتی کے لیے خطرناک ہے۔ دفاعی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ جھوٹی خبروں کا یہ سیلاب بھارت کی بین الاقوامی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے اور اس سے نیوکلیئر اسکیلیشن جیسا سنگین خطرہ بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ سیاسی ماہرین کے مطابق، مودی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد بھارت میں آزاد صحافت دبا کا شکار ہے، اور حکومت کی جانب سے غیر ملکی صحافتی اداروں پر بھی دباؤ بڑھتا جا رہا ہے، جس پر بین الاقوامی سطح پر تنقید میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 53 منہ ای نے کہا کہ امریکا اپنی طاقت کا استعمال کرتا ہے تا کہ صیہونی حکومت کو 10 ٹن وزنی بم دیے جا سکیں، جو وہ غزہ کے بچوں کے سروں پر گرا سکے۔ خامنہ ای نے کہا کہ ٹرمپ کے ریمارکس اتنے بے وقعت ہیں کہ ان کا جواب دینا بھی مناسب نہیں، اس طرح کی باتیں، بولنے والے اور امریکی عوام دونوں کے لیے شرمندگی کا باعث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ، اس خطے میں فساد، جنگ اور تنازع کی جڑ صیہونی حکومت ہے، ایک خطرناک، مہلک اور کینسر جیسا ٹیومر، جسے جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ہو گا، اور اسے اکھاڑا جائے گا۔

بقیہ نمبر 54 ۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق این سی سی آئی اے نے 15 اور 16 مئی کو لاہور کے علاقے بحریہ ٹاؤن اور ملتان میں چھاپے مارے جن میں ہارٹ سینڈر گروپ نامی مجرمانہ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا، یہ گروہ نہ صرف خود مالیاتی دھوکہ دہی میں ملوث تھا بلکہ دنیا بھر میں سائبر جرائم کے آلات اور سہولتیں بھی فراہم کرتا تھا۔

بقیہ نمبر 55 کے مثبت کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ کشیدہ صورتحال میں پاکستانی قوم کندن بن کر نکلی ہے، طاقتور دشمن کو پاکستانی قوم نے آہنی یکجہتی سے عبرتناک شکست دی۔ عظیم فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لاتے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پوری قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور دشمن اب کوئی بھی مس ایڈونچر سے قبل سو بار سوچے گا۔ مولانا محمد رضا ثاقب مصطفائی نے کہا کہ پاکستانی قوم دندان شکن جواب چاہتی تھی جو ہماری بہادر مسلح افواج نے دیا۔ قوم نے مثالی جرات اور بے خوفی کا مظاہرہ کیا اور اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال رہی۔ سرپرست اعلیٰ مرکز مصطفےٰ مولانا محمد رضا ثاقب مصطفائی نے دعا خیر کروائی۔ ملک کی سالمیت، استحکام اور ترقی و خوشحالی کیلئے دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 56 میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ کوئٹہ اور کراچی میں 36 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کی توقع ہے جبکہ کراچی میں 40 ڈگری جیسی گرمی کی شدت محسوس کی جائے گی۔ محکمہ موسمیات نے آج شام اور رات میں گلگت بلتستان، بالائی خیبر پختون خوا، کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ گرمی میں اضافے کے ساتھ ہی ٹھنڈے مشروبات کی طلب بڑھ گئی جبکہ گرمی کے باعث ہونے والی بیماریوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔

بقیہ نمبر 57 ۔ یہ فلم نہ صرف ہندوستان کے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کو بے نقاب کرتی ہے بلکہ پاکستان کی جرات مندانہ عسکری کارروائی معرکہ حق کی جھلک بھی پیش کرتی ہے۔ ایک ایسا تاریخی لمحہ جس نے جنوبی ایشیا کے جیو اسٹریٹجک توازن کو یکسر تبدیل کر دیا، یہ فلم ناقابل تردید شواہد کے ذریعے ثابت کرتی ہے کہ پہلگام کا واقعہ بھارتی بیانیے کی بنیاد پر سچائی کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا۔ اس کے برعکس پاکستان نے نہ صرف اپنے خلاف گھڑے گئے جعلی دہشت گرد کیمپوں کی حقیقت دنیا پر آشکار کی، بلکہ خود بھارتی عوام نے بھی مودی سرکار کے جھوٹ کو بے نقاب کیا۔ دستاویزی فلم میں 10 مئی کو آپریشن بنیان مرصوص کے تحت پاکستان کی جانب سے بھارت کو دیا گیا فیصلہ کن عسکری جواب بھی پیش کیا گیا ہے ایک ایسا جواب جس نے بھارتی جارحانہ عزائم اور جنگی جنون کو واضح پیغام دیا، ڈاکومینٹری میں سیاسی اور عسکری قیادت کی بروقت فیصلہ سازی کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ دستاویزی فلم میں پاکستانی عوام کی افواج پاکستان کے ساتھ بھرپور حمایت اور بہادری کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 58 کے مطابق یہ جنگ بندی کوششیں ایک ایسے وقت میں شروع کی گئی ہیں جب پچھلے صرف 72 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی فوج نے بمباری کر کے سینکڑوں فلسطینیوں کو ہلاک کیا ہے اور غزہ میں مزید فوج کو منتقل کر دیا ہے۔ حماس کے وفد نے اپنے مذاکرات میں پیش کردہ موقف کا خاکہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ جنگ کے مکمل خاتمے کی ضرورت ہے، قیدیوں کی رہائی ضروری ہے اور ساتھ ہی ساتھ اسرائیل کی فوج کا غزہ سے انخلا اور انسانی بنیادوں پر امداد و خوراک کی غزہ میں تقسیم ہمارے بنیادی امور ہیں جن پر ہم بات کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 59 لاہور پر آج سے 26 معزز ججز مقدمات کی سماعت کریں گے، 12 ڈویژن بنچ سول اور فوجداری اپیلوں، 26 سنگل بنچ حکم امتناعی، ضمانت، اندراج مقدمہ سمیت دیگر کیسز کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس عبہر گل خان پر مشتمل بنچ ہر قسم کے کیسوں، جسٹس عابد عزیز اور جسٹس عاصم حفیظ پر مشتمل بنچ ٹیکس اپیلوں، جسٹس شمس محمود مرزا اور جسٹس عابد حسین چٹھہ پر مشتمل بنچ بینکنگ اور کمرشل اپیلوں، جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ پر مشتمل بنچ نیب، انسداد دہشتگردی اپیلوں، جسٹس فیصل زمان اور جسٹس خالد اسحاق، جسٹس مسعود عابد نقوی اور جسٹس ساجد محمود سیٹھی اور جسٹس چوہدری محمد اقبال اور جسٹس وقار حیدر اعوان پر مشتمل بنچ سول اپیلوں، جسٹس شاہد کریم اور جسٹس انوار حسین پر مشتمل بنچ سول اور بینکنگ اپیلوں، جسٹس اسجد جاوید گھرال اور جسٹس محمد وحید خان پر مشتمل بنچ فوجداری اپیلوں، جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل بنچ قتل اور فوجداری اپیلوں، جسٹس محمد طارق ندیم اور جسٹس محمد جواد ظفر پر مشتمل بنچ منشیات اور فوجداری اپیلوں جبکہ جسٹس سلطان تنویر احمد اور جسٹس حسن نواز مخدوم پر مشتمل بنچ بینکنگ اور کمرشل اپیلوں پر سماعت کرے گا۔

بقیہ نمبر 60 نے امیدواروں کا جائزہ لیا، سلیکشن کمیٹی میں سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری قانون و دیگر سینئر افسران شامل تھے۔ اسی طرح دفتر خارجہ وزارت خارجہ کے قانونی شعبے میں تقرریوں کے لیے میرٹ پر انٹرویوز کیے گئے اور اہم تقرریوں کے لیے اعلیٰ سطح مشاورت مکمل کر لی گئی۔

بقیہ نمبر 61 کردہ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ خزانہ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں اراکین اسمبلی شوکت راجہ کی مواصلات و تعمیرات، امجد علی جاوید اور راؤ کاشف رحیم خان کی ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، احمد خان کی داخلہ، ندیم صادق ڈوگر کی کھیل و امور نوجوانان اور اسد زمان کی صحت اور آبادی کے حوالے سے تحاریک التوائے کار بھی ایجنڈے کا حصہ ہیں

بقیہ نمبر 62 بار پھر عرب دنیا کا مرکزی مسئلہ قرار دیتے ہوئے اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ جنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے فلسطینیوں کو ان کے گھروں سے جبری بے دخلی کی کوششوں کو بھی سختی سے مسترد کر دیا۔ اعلامیے میں فوری طور پر جنگ بندی، غزہ کے محصور عوام تک بلا تعطل انسانی امداد کی فراہمی اور فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے دو ریاستی حل کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ رہنماؤں نے دنیا کی بااثر طاقتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی اخلاقی و قانونی ذمہ داریاں پوری کریں اور فلسطینیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کو بند کرانے میں فعال کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 63 صف کا اپنے ایک بیان میں کہنا تھا کہ یہ میں نہیں کہہ رہا، یہ پراوین ساہنی کہہ رہے ہیں جو بھارتی میڈیا کی مستند آواز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینئر بھارتی صحافی اور دفاعی تجزیہ کار نے کہا تھا کہ پاکستان کے خلاف آپریشن سندور پر دنیا بھر میں صرف اسرائیل اور افغانستان نے بھارت کی حمایت کی۔ یاد رہے کہ دو روز قبل یہ خبر بھی سامنے آئی تھی کہ فوجی جارحیت میں پاکستان سے منہ کی کھانے کے بعد طالبان کی عبوری حکومت کے وزیر دفاع نے خفیہ طور پر بھارت کا دورہ بھی کیا ہے۔

بقیہ نمبر 64 سپاس گزار ہے۔ صدر رجب طیب اردوان کا کہنا ہے کہ "ہم اچھے اور برے وقت میں پاکستان کے ساتھ ہیں" دلوں میں نقش ہو چکا ہے۔ سب پاکستانی ترکیہ کے بہن بھائیوں کے لیے دلی محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ ترکیہ کی بھارتی جارحیت پر حالیہ غیر مشروط حمایت پاکستانی قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ صرف اتحادی نہیں بلکہ ایمان، ثقافت اور تاریخ میں جُڑے ہوئے بھائی ہیں۔ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات باہمی اعتماد، غیر متزلزل حمایت اور مشترکہ اقدار کی درخشاں علامت ہیں۔ اناطولیہ ڈپلومیسی فورم کے وزٹ کے دوران حکومت ترکیہ اور خاتون اول کی مہمان نوازی پر بے حد مشکور ہوں - پاکستان اور ترکی کے درمیان دوطرفہ تجارت میں تعاون مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ تجارت کو مزید تقویت دینے کے لیے ترکیہ کے ساتھ اشتراک کار بڑھائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 7 ویں ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کے دوران 24 معاہدوں پر دستخط خوش آئند ہیں - پنجاب ترکیہ کے ساتھ دوستی کو معاشی تحریک میں بدلنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ پنجاب کے پاس برآمدات کی بے مثال صلاحیت، سرمایہ کار دوست، انفراسٹرکچر اور دیگر بہترین مواقع موجود ہیں - ترکی اور پاکستان کی مذہبی و ثقافتی ہم آہنگی نمایاں ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاک ترکیہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانا چاہتے ہیں۔ پاک ترکیہ باہمی رشتہ وقت کی آزمائشوں میں کندن ہو کر مزید مضبوطی اور کامیابیوں کی نوید دے رہا ہے۔

بقیہ نمبر 65 470 ارب روپے ڈائریکٹ ٹیکس کی مد میں جمع کئے جائیں گے۔ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 11 سو 53 ارب روپے اور سیلز ٹیکس کا ہدف 4943 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے، کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 1 ہزار 741 ارب روپے، پٹرولیم لیوی کا ہدف 13 سو 11 ارب روپے مقرر کیا گیا۔ دستاویز کے مطابق نان ٹیکس آمدن 25 سو 84 ارب روپے، صوبے 12 سو 20 ارب کا سرپلس دیں گے، آئندہ سال قرضوں پر سود ادائیگیوں کیلئے 8 ہزار 685 ارب روپے خرچ کیے جائیں گے، آئندہ مالی سال کے دوران دفاع پر 2 ہزار 414 ارب روپے خرچ کیے جائیں گے جبکہ ترقیاتی منصوبوں پر وفاق 1065 ارب روپے خرچ کرے گا۔ واضح رہے کہ آئندہ مالی سال 6 ہزار 588 ارب روپے کا قرض حاصل کرنے کا تخمینہ لگایا گیا

بقیہ نمبر 66 ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق 2026-27 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 4.1 فیصد تک پہنچ جائے گی جبکہ 2027 تا 2030 معاشی شرح نمو 4.5 فیصد رہنے کی پیش گوئی ہے ۔ اگلے مالی سال افراط زر کی شرح 7.7 رہنے کی توقع ہے، رواں مالی سال کے دوران مہنگائی 5.1 فیصد تک محدود ہے، 2026 تا 2030 افراط زر 6.5 فیصد رہنے کی پیش گوئی ہے۔ آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال قرض ٹو جی ڈی پی تناسب میں کمی کا امکان ظاہر کیا ہے ۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2025-26 میں قرض ٹو جی ڈی پی تناسب 71.9 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ 2026-27 میں قرض ٹو جی ڈی پی تناسب 70 فیصد تک، 2030 تک قرض ٹو جی ڈی پی تناسب 61 فیصد تک آنے کا امکان ہے۔ حکومت نے آئی ایم ایف کو ترقیاتی فنڈز و دیگر اخراجات میں کٹوتی کی یقین دہانی کرادی ہے،

کیلئے

87 ارب روپے پی ایس ڈی پی مختص رقم میں سے روک لئے جائیں گے، مقصد عدالتی مقدمات کا بروقت حل ہے تا کہ مالیاتی خلا کو پورا کیا جا سکے۔ عدالتی مقدمات کا فیصلہ مئی اور جون میں متوقع ہے، اگر آمدن میں کمی ہوتی ہے، تو اخراجات میں متناسب کٹوتیاں کی جائیں گی۔ حکومت نے یقین دہانی کروائی کہ بنیادی اخراجات کو 15,958 ارب روپے تک محدود رکھا جائے گا۔ آئی ایم ایف کے مطابق سماجی شعبے کے اہم اخراجات کیلئے گنجائش برقرار رکھی جائے گی، غیر ضروری توانائی سبسڈیوں سے 54 ارب روپے کی بچت ہوگی، ہنگامی مختص رقوم میں سے استعمال نہ ہونے والے 188 ارب روپے الگ ہیں۔ رپورٹ کے مطابق حکومت بنیادی خسارہ جی ڈی پی کے 1.0 فیصد سرپلس کرنے کیلیے پرعزم ہے، نان ٹیکس ریونیو جی ڈی پی کے 3.0 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے، ٹیکس آمدن میں اضافہ کرنے پر زور دیا گیا ہے، صوبائی ٹیکس حکام بہتر کارکردگی دکھائی۔ ایف بی آر کی آمدن جی ڈی پی کے 10.6 فیصد کے مساوی ہونی چاہیے، ایف بی آر کا رواں مالی سال نظرثانی شدہ ہدف 12 ہزار 332 ارب روپے ہے، حکومت کے مطابق ٹیکس ایڈمنسٹریشن بہتر کی جا رہی ہے تا کہ ٹیکس ادائیگیوں میں خلا کم ہو۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کمپلائنس رسک مینجمنٹ، ڈیجیٹل ویلیو چین کی مانیٹرنگ کی جائے گی، سیلز ٹیکس ریٹرنز میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی جا رہی ہے، کسٹمز کے نظام میں فیس لیس اسسمنٹ کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ حکومت نے یقین دہانی کروائی ہے کہ 770 ارب مالیت کے زیر التوا عدالتی مقدمات کو حل کرنے کیلیے سرگرم ہیں۔ سپریم کورٹ میں 43 ارب روپے مالیت کے مقدمات زیر التوا ہیں، اسلام آباد، سندھ اور لاہور ہائی کورٹس میں 217 ارب روپے کے ٹیکس کیسز ہیں، ان لینڈ ریونیو اپیلٹ ٹریبونل میں 104 ارب روپے کے کیسز شامل ہیں، سپریم کورٹ نے ابتدائی سماعت مکمل کر لی ہے، ایک مثبت فیصلہ ان مقدمات میں سے تقریباً 120 ارب روپے کیلیے کیسز کو حل کر سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 67 اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز نے حصہ لیا، میڈیا ورکشاپ کا مقصد صحافیوں میں میڈیا آگاہی اور دور حاضر کے جدید انفارمیشن اور سائبر کے موضوعات پر روشنی ڈالنا تھا۔ آئی جی ایف سی (نارتھ) نے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور حالیہ پاک بھارت جنگ میں میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالی۔ صحافیوں اور قبائلی عمائدین نے میڈیا ورکشاپ کے ذریعے صحافیوں اور نوجوانوں کو آگاہی فراہم کرنے پر ایف سی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 68 لیے پیش کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی وزیراعظم سے درخواست کی جائے گی کہ وہ محصولات کے نفاذ کے عبوری عرصے کا تعین کرنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دیں۔ وزیر اعلیٰ نے واضح طور پر کہا کہ جب صنعتی یونٹس کو نیشنل گرڈ پر منتقل کیا جائے گا تو کیپٹیو پاور پلانٹس سے نکالی جانے والی گیس کو صوبے میں ہی استعمال میں لایا جانا چاہیے۔ یہ اجلاس صنعتکاروں اور وفاقی حکومت کے نمائندوں کے درمیان غور و خوض اور مشاورت کا ایک پلیٹ فارم ثابت ہوا تا کہ کیپٹیو پاور پلانٹس سے ڈسکوز کی جانب منتقلی کے لیے ایک ٹائم لائن طے کی جا سکے۔ یہ اجلاس وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری، وزیر اعظم کے معاون خصوصی رانا ثنا اللہ، ارکان قومی اسمبلی سید نوید قمر، اسد عالم، مرزا اختیار بیگ، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وفاقی و صوبائی سیکریٹریز، ایم ڈی ایس ایس جی سی، سی ای او کراچی الیکٹرک مونس علوی، شہر کے ممتاز صنعتکاروں زبیر موتی والا، شبیر دیوان، جاوید بلوانی اور دیگر نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ کیپٹیو پاور پلانٹس سے نیشنل گرڈ یا ڈسکوز کی جانب منتقلی کو آسان بنایا جانا چاہیے جس کے لیے وفاقی حکومت کو صنعتکاروں کو اعتماد دلانا ہو گا، اس منتقلی کے لیے باہمی اتفاق سے ایک ٹائم لائن طے کی جانی ضروری ہے۔ اجلاس میں کیپٹیو پاور ٹیرف میں مجوزہ اضافے پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سندھ میں تقریباً 660 کیپٹیو پاور پلانٹس ہیں۔ صنعتکاروں نے ٹیرف میں مجوزہ اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ہم نے اس اتوار کو ان کی بات سننے کے لیے وقف کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے وفاقی حکومت کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے صنعتکاروں کے تحفظات کو براہ راست سننے پر آمادگی ظاہر کی۔ انہوں نے وفاقی وزراء پر زور دیا کہ کسی بھی فیصلے سے پہلے صنعتکاروں اور صنعتی شعبے کے دیگر متعلقہ افراد سے براہ راست مشاورت کی جائے۔ اجلاس میں صنعتکاروں نے اعتراضات اٹھائے کہ "ڈی۔ گرڈ) کیپٹیو پاور پلانٹس (لیوی آرڈیننس "2025 کے تحت صنعتوں پر اضافی چارجز عائد کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 69 امن اور استحکام کے خواہاں ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پہلگام واقعے کے چند منٹ بعد ہی بھارتی میڈیا اور سوشل میڈیا نے پاکستان کو مورد الزام ٹھہرانا شروع کر دیا جبکہ معاملے کی حقیقت یہ ہے کہ 2 دن قبل بھارتی ترجمان دفتر خارجہ سے پوچھا گیا کہ واقعے میں کون ملوث ہے تو ان کا جواب ریکارڈ پر موجود ہے کہ تفتیش ابھی جاری ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے سوال کیا کہ بغیر تفتیش اور شواہد کے الزامات لگانا کہاں کی دانشمندی ہے؟ حکومتِ پاکستان نے واضح موقف اپنایا کہ کوئی ثبوت ہے، تو اسے کسی غیر جانبدار ادارے کو دیا جائے، ہم تعاون کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے اس منطقی پیشکش کو رد کر دیا اور یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے ہماری مساجد پر میزائل داغے، بچوں، خواتین اور بزرگوں کو شہید کیا، بھارتی حملوں میں 40 شہری شہید ہوئے جن میں 22 خواتین اور بچے شامل تھے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ رویہ کہ، بھارت خود منصف، جج اور جلاد بن جائے، یہی اصل مسئلہ ہے جبکہ معاملے کی حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں جاری دہشت گردی کا اصل سرپرست بھارت ہے، چاہے وہ دہشت گردی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھتی ہو یا بلوچستان میں سرگرم دہشت گرد گروہ ہوں سے، یہی ان کا متکبرانہ رویہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ جہاں تک افواج پاکستان کا تعلق ہے، ہمیں جو مقدس ذمہ داری سونپی گئی ہے، وہ ملک کی خود مختاری اور سرحدوں کا تحفظ ہے، ہم نے یہ ذمہ داری پوری کی، اور ہر قیمت پر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے انتہائی بالغ نظری سے کام لیتے ہوئے فوری، سخت اور موثر جواب دیا جس سے دشمن کو حقیقت کا سامنا کرنا پڑا، 6 اور 7 مئی کی رات کو بھارت نے حملہ کیا، میزائل فائر کیے، جس کے بعد ہماری انتہائی پیشہ ور فضائیہ نے ان کے 5 طیارے مار گرائے جو شہریوں پر خوفناک حملوں میں ملوث تھے اور ان کے درجنوں ڈرونز تباہ کیے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ہماری آخری گنتی کے مطابق 84 ڈرونز تھے لیکن اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ بہت سے شہریوں نے یہ ڈرونز جنگی ٹرافی کے طور پر اپنے پاس رکھ لیے کیونکہ قوم اس ننگی جارحیت کے خلاف باہم جڑ گئی تھی جبکہ قوم اور افواج پاکستان ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہو گئیں۔

بقیہ نمبر 70 ہماری بری فوج، بحریہ اور فضائیہ نے جو کردار ادا کیا وہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاکستان نے سفارتی محاذ پر بھی کامیابیاں حاصل کیں، ہم نے دنیا کو بتایا کہ ہم پہلگام کی تحقیقات کے لیے تیار تھے مگر بدنیت دشمن تحقیقات سے بھاگ گیا، نواز شریف نے جب ایٹمی دھماکے کئے وہ بھی تعداد میں چھ تھے جب دشمن کے جہاز جہاز گرائے گئے ہیں ان کی تعداد بھی چھ ہے، اب بات کشمیر پر ہوگی، شہباز شریف کی قیادت میں معاشی ترقی پر بات ہوگی، اڑان پاکستان کی بات ہوگی، اب وقت ہے کہ ملک کی معاشی ترقی کا جو ایک سال سے سفر چل رہا تھا اس کو آگے بڑھائیں اور اپنے عوام کو خوشحال بنائیں، اڑان پاکستان کے تحت جہاں ہم نے عسکری محاذ پر دشمن کو مات دی وہیں معاشی میدان میں بھی مات دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 127 میں معرکہ حق، بنیان المرصوص آپریشن میں تاریخی کامیابی حاصل کرنے پر عسکری، سیاسی قیادت اور قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کرنے کے سلسلے میں منعقدہ اظہار تشکر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ اس تپتی ہوئی دھوپ میں آپ جس بڑی تعداد میں تشریف لائے ہیں یہ آپ کا جذبہ حب الوطنی ہے، یہ پاکستان کے لئے آپ کا جذبہ ہے، وطن عزیز کے دفاع میں جو کردار افواج پاکستان نے ادا کیا اس جدوجہد کو اس عزم کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے آپ یہاں اکٹھے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی ولولہ انگیز قیادت میں بھارت کو جو منہ توڑ جواب دیا گیا ہے اسے وہ تا قیامت یاد رکھے گا کہ اس نے کس دشمن کو للکارا تھا۔ ان حالات میں ساری قوم اکٹھی ہوئی، سوشل میڈیا استعمال کرنے والوں، اپنے میڈیا، اینکرز کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے پاکستان کے بیانیے کی جنگ لڑی اور یہ سارے ایام وزیر اعظم شہباز شریف دن رات نگرانی کرتے رہے اور دفاع پاکستان کے لئے اپنا کردار ادا کرتے رہے۔

بقیہ نمبر 71 بدترین شکست کے بعد مودی اندر سے ٹوٹ گیا ہے، مودی مار کے بعد مایوس اور بوکھلاہٹ کا شکار ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی اپنی شکست کی شرمندگی کو کور کرنے کے لیے نہتے کشمیریوں پر سارا غصہ نکال رہا ہے، ہزاروں کی تعداد میں کشمیریوں کو جیل ڈال دیا گیا اور ان سے زبردستی اعترافی بیان لینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ مودی سرکار کشمیریوں کے بزنس تباہ کر رہی ہے اور بھارت میں کشمیریوں کو یونیورسٹیوں سے نکالا جا رہا ہے، ان کی ڈگریز کو کینسل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو سوشل میڈیا پر لکھتا ہے اس کو خاموش کروایا جا رہا ہے، شکست کے بعد مودی سرکار یہ ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے، مودی سرکار کا صرف اور صرف ایک ایجنڈا ہے کہ کشمیر کو کشمیریوں سے خالی کروایا جائے۔ حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ نے کہا کہ کشمیریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے اور یہ حملہ کشمیریوں پر نہیں پوری انسانیت پر حملہ ہے، وقت آ گیا ہے کہ کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے کے لیے سب کشمیریوں کی آواز بنیں۔

بقیہ نمبر 72 افواج پر فخر ہے اور دشمن ملک افواج پاکستان کی موجودگی میں پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کر سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 120 لاہور کے علاقے جلو موڑ باٹا پور میں سیوریج اور صاف پانی کی فراہمی کے 18 ارب روپے مالیت کے میگا پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ، مسلم لیگ (ن) کے مقامی رہنما اور بڑی تعداد میں شہری بھی موجود تھے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو چکا ہے، پاکستان کے لئے ساری قوم اور تمام سیاسی جماعتیں متحد ہیں، افواج پاکستان کے جوانوں میں جو جذبہ ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان کو دشمن پر تاریخی فتح نصیب ہوئی، قوم سابق وزیر اعظم نواز شریف کی بھی شکر گزار ہے جنہوں نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا۔ انہوں نے کہا کہ جب پہلگام حملہ ہوا تو پاکستان نے اس کی مذمت کی لیکن بھارت نے روایت کے مطابق الزام پاکستان پر لگا دیا، پاکستان نہ تو دہشتگردی کے کسی واقعے میں ملوث ہے اور نہ ہی اس کی حمایت کرتا ہے، پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں 90 لاکھ جانوں کی قربانی دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساری قوم پاک افواج کے زخمی جوانوں کی صحتیابی کے لیے دعا گو ہے اور فوج کے عزم و استقلال کو باعث فخر سمجھتی ہے۔ تقریب کے دوران جلو موڑ سے لے کر قائد اعظم انٹرچینج اور لکھوڈیر محمود بوٹی تک سیوریج، واٹر سپلائی اور دیگر سہولیات کے منصوبے کا افتتاح کیا گیا۔

بقیہ نمبر 73 کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے حوالے سے خوشخبریاں موجود ہیں اور آئندہ چند سال کے دوران پاکستان میں 70 کروڑ ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی بہتری کے حوالے سے حکومت کے کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں اور قومی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، ترسیل زر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی ریٹ اور مہنگائی کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہے جو معاشی ترقی کی عکاس ہے۔ افواج پاکستان نے بھارت جارحیت کا بہادری سے جواب دیا ہے۔ معاشی بہتری کے حوالے سے حکومت کی کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

بعدالت جناب تاثیر عمران صاحب
جج فیملی کورٹ دیپالپور

نوعیت مقدمہ : دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ

بعنوان: "فجر شہزادی بنام محمد لطیف" اشتہار بنام محمد لطیف ولد محمد حنیف قوم جٹ ساکن سارونوالہ پیپلاں ضلع میانوالی: ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ/ مدعا علیہم مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے۔ لہذا انہیں بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا /جاتا ہے کہ وہ بتقرر 2025-05-20 اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا آویں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاویگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ حسب ضابطہ عمل میں لائی جاویگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفیہ بشیر احمد ولد سردار احمد

وارثان سردار احمد والد، فتح بی بی والدہ پہلے فوت شدہ

زندہ تاج بتول بیوہ، نصیر احمد، ذکاء اللہ پسران، نگہت یاسمین، فرحت بشیر دختران متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوت حیات صاحبہ
نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل
آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع پرانا بھلوال

متوفی محمد یونس اقبال ولد رحمت خان،

وارثان رحمت خان والد، رسولاں بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ کوثر پروین، زرینہ بیگم بیوگان محمد حبیب، محمد بلال پسران، سدرہ اعتقیہ، حاجرہ یونس، حلیمہ سعدیہ دختران متوفی، والدہ کوثر پروین تنزیلہ یونس، عظمیٰ یونس، بشرام حبیبہ دختران متوفی والدہ زرینہ بیگم ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بھارتی ایئر لائنز تباہی کے دہانے پر 5 ارب کا نقصان، فضائی حدود بند

بھارتی ایئر لائنز سمیت کارگو سروس بھی بند ہونے سے بھارت کو پانچ ارب روپے سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے، بھارتی ایئر لائن پر پاکستان کی فضائی حدود بندش کو تین ہفتے مکمل ہو گئے ہیں

فضائی حدود بند ہونے کی وجہ سے امریکا، یورپ اور کینیڈا سمیت دیگر ممالک کو جانے والے لاکھوں بھارتی مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک بھارت جنگ ختم ہونے کے باوجود بھارتی ایئر لائنز کے لیے پاکستانی فضائی حدود تاحال بند ہیں جس سے بھارتی ایئر لائنز کی کمر ٹوٹ گئی۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق بھارتی ایئر لائنز سمیت کارگو سروس بھی بند ہونے سے بھارت کو پانچ ارب روپے سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے۔ بھارتی ایئر لائن پر پاکستان کی فضائی حدود بندش کو تین ہفتے مکمل ہو گئے ہیں۔ فضائی حدود بند ہونے کی وجہ سے امریکا، یورپ اور کینیڈا سمیت دیگر ممالک کو جانے والے لاکھوں بھارتی مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بھارتی ایئر لائنز کو طویل فاصلے طے کر کے یورپ، امریکا اور دیگر ممالک جانا پڑتا ہے جس میں اڑھائی سے تین گھنٹے زائد وقت لگ رہا ہے۔

HOME DEPARTMENT

جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی خواجہ سلمان رفیق اور ایڈیشنل ہوم سیکریٹریز کے ساتھ ملاقات، اس موقع پر دیگر علمائے کرام بھی موجود ہیں

اہلحدیث و دیوبند مکتبہ فکر کے علماء کی خواجہ سلمان رفیق سے ملاقات

وفد میں جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر، حافظ اسعد عبید، حافظ نصیر احمد احرار، بابر فاروق رحیمی، محترم انقلابی کے علاوہ متعدد راہنماء کی شرکت

مساجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہیں ان پر حملہ کرنے والے گروہ مسلمان نہیں ہو سکتے۔ فرقہ واریت اور زمین میں فتنہ فساد کشیدگی پھیلانے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، گفتگو

لاہور (خبر نگار) اہلحدیث و دیوبند مکتبہ فکر کے علماء کی صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور ایڈیشنل ہوم سیکریٹریز سے گزشتہ روز ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں علمائے نے فرقہ وارانہ کشیدگی اور منافرت کو ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کے بارے میں تجاویز دیں۔ صوبائی وزیر صحت کے ساتھ اس بات پر اتفاق ہوا کہ ہم اس وقت اپنے مشترکہ دشمن بھارت کے ساتھ حالت جنگ میں ہیں ہمیں ہر صورت قوم کو متحد رکھنا ہے ملک فرقہ واریت، جتھے بازی اور شر پسندی، اور کسی قسم کی کشیدگی کا متحمل نہیں ہے۔ وفد میں جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر، حافظ اسعد عبید، حافظ نصیر احمد احرار، مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا عبدالوحید روپڑی (بقیہ نمبر 12 صفحہ اندرون پر)

لاہور: سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف کو مسلم لیگ (ن) کے اقلیتی رکن پنجاب اسمبلی طارق مسیح گل اپنی صاحبزادی ایڈووکیٹ خلعت طارق کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پولیس ملازمین سائلین کے ساتھ محبت اور پیار کے ساتھ پیش آئیں، ڈی پی او

کمالیہ (این این آئی) ڈی پی او ٹوبہ ٹیک سنگھ عبادت نثار نے کہا ہے کہ تمام پولیس ملازمین سائلین کے ساتھ محبت اور پیار کے ساتھ پیش آئیں اگر آپ کا رویہ سائلین کے ساتھ اچھا ہوگا تو ان کی آدھی پریشانی موقع پر ہی ختم ہو جائے گی ہمیں جو ڈیوٹی دی گئی ہے اسے محنت لگن اور ایمانداری کے ساتھ کرے تاکہ ہم مخلوق خدا کی حقیقی معنوں میں خدمت کر سکے۔ سرکل کمالیہ کے پولیس افسران سے گفتگو کے دوران کیا

پنجاب پولیس کی بیرون ملک مفرور خطرناک اشتہاری مجرمان کی گرفتاری میں نمایاں کارکردگی

دبئی پولیس چیف لیفٹیننٹ جنرل عبداللہ خلیفہ عبید المری نے انچارج سپیشل آپریشنز سیل انسپکٹر خالد وریاہ کو خصوصی ایوارڈ سے نوازا

جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے پنجاب اور دبئی پولیس کے درمیان بہترین کوارڈینیشن اور دوطرفہ باہمی تعاون موجود ہے، عبداللہ خلیفہ عبید المری

لاہور (خبر نگار) پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل کی بیرون ملک مفرور خطرناک اشتہاری مجرمان کی گرفتاری میں نمایاں کارکردگی کی بناء پر ورلڈ پولیس سمٹ نے پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل کی شاندار خدمات کے اعتراف میں دبئی پولیس چیف لیفٹیننٹ جنرل عبداللہ خلیفہ عبید المری نے انچارج سپیشل آپریشنز سیل انسپکٹر خالد وریاہ کو خصوصی ایوارڈ سے نوازا۔ دبئی پولیس چیف نے سنگین جرائم میں مطلوب مجرمان کی گرفتاری میں اعلیٰ کارکردگی پر انسپکٹر خالد وریاہ کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ دبئی پولیس چیف لیفٹیننٹ جنرل عبداللہ خلیفہ عبید المری نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے پنجاب اور دبئی پولیس کے درمیان بہترین کوارڈینیشن اور دوطرفہ باہمی تعاون موجود ہے۔ سنگین جرائم کا (بقیہ نمبر 23 صفحہ اندرون پر)

رافیل طیارہ گرنے سے بھارت کا آپریشن سندور تباہی میں بدل گیا، جرمن اخبار

چینی کمپنیاں امریکی ایف 16 کی فروخت میں خلل ڈالنے میں کامیاب ہوئیں تو یہ امریکا کے دفاعی شعبے کیلئے بہت بڑا دھچکا ہوگا، رپورٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) چین کے جے 10 سی ملٹی رول لڑاکا طیارے کے ہاتھوں فرانسیسی رافیل طیارہ گرائے جانے سے بھارت کا آپریشن سندور ایک تباہی میں بدل گیا۔ جرمنی کے اخبار میں شائع آرٹیکل کے مطابق پاکستان پر بھارتی حملے میں رافیل طیاروں کی تباہی مغرب کے لیے ایک سبق ہے، بھارتی پائلٹس کو پاکستانی پائلٹوں کی طرف سے شدید مزاحمت ملی۔ اخبار کے مضمون میں لکھا گیا ہے کہ تکنیکی برتری (بقیہ نمبر 19 صفحہ اندرون پر)

مون سون کی بارشوں کے پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے جھیل قائم

16 کنال پر بنی 20 فٹ گہری جھیل میں پانچ ملین گیلن لیٹر پانی سٹور کرنے کی گنجائش

تعمیراتی منصوبوں میں استعمال ہونے والا پانی اس جھیل سے استعمال کیا جا رہا ہے، ریاض حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ پنجاب نے لاہور میں مین بلیوارڈ لاہور سے روٹ 47 والٹن روڈ تک کے 2300 کنال کے علاقے میں مون سون کی بارشوں کے پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے جھیل بنا دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سی بی ڈی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹیکنیکل ریاض حسین نے بتایا کہ 2300 کنال کا پورا ڈرینیج سسٹم اس جھیل کے ساتھ جڑا ہے، علاقے میں جتنی بھی بارش ہو گی وہ ہمارے ڈرینیج نیٹ ورک کے ذریعے (بقیہ نمبر 4 صفحہ اندرون پر)



لاہور: ایک فیملی انارکلی چوک میں لگائے گئے سٹالز سے کتابوں کی خریداری کر رہی ہے

ٹرمپ انتظامیہ نے بھارتی شہریوں پر امریکی سرزمین تنگ کر دی

قیام پر ملک بدری اور مستقل سفری پابندی کا سامنا کرنا پڑے گا، بھارتی شہریوں کو انتباہ

واشنگٹن (نیٹ نیوز) ٹرمپ انتظامیہ نے بھارتی شہریوں پر امریکی سرزمین تنگ کر دی، امریکا نے بھارتی شہریوں کو متنبہ کیا ہے کہ ویزا مدت سے زائد قیام پر انہیں ملک بدری اور مستقل سفری پابندی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ نے بھارتی شہریوں پر امریکی سرزمین تنگ کرتے ہوئے ملک سے نکالنے کی دھمکی دے دی، واضح کیا کہ امریکا میں قوانین کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ امریکی سفارت خانے کے مطابق (بقیہ نمبر 41 صفحہ اندرون پر)

امریکا میں شدید طوفان، حادثات میں 23 افراد ہلاک

گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ لکڑی سے بنے مکانات ملبے کا ڈھیر بن گئے، رپورٹ

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکا میں شدید طوفان کے باعث ہونے والے حادثات میں 23 افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی ریاستوں کینٹکی اور میزوری میں ہوا کے بگولوں اور شدید طوفان نے تباہی پھیلا دی ہے۔ مختلف حادثات میں 23 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے جبکہ 3 لاکھ سے زائد صارفین بجلی سے محروم ہیں۔ امریکی (بقیہ نمبر 2 صفحہ اندرون پر)

بار کونسل کا ممبر زوکلاء کی لائف انشورنس کرانے کا فیصلہ

وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے دیگر کئی طرح کے اقدامات بھی زیر غور ہیں، مشترکہ اجلاس

لاہور (ایریا رپورٹر) پنجاب بار کونسل نے صوبہ بھر کے ممبر زوکلاء کی لائف انشورنس کرانے کا فیصلہ کر لیا، آئندہ دس روز میں نامور انشورنس کمپنیوں سے پیشکشیں طلب کی جائیں گی۔ پنجاب بار کونسل کی فنانس، بناولنٹ فنڈ، سیمینار و سمپوزیم کمیٹیز کا مشترکہ اجلاس وائس چیئرمین عرفان صادق اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں (بقیہ نمبر 3 صفحہ اندرون پر)

لاہور: پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر جنرل ہسپتال میں نئے شعبے اورل اینڈ میکسیلو فیشل کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

سینیٹر وقار مہدی کا حکومت کی جانب سے بلاول بھٹو زرداری کو سفارتی وفد کی سربراہی دیئے جانے کا خیر مقدم

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی نے وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی جانب سے پاکستان کا موقف عالمی سطح پر بھرپور انداز میں پیش کرنے کے لیے پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سفارتی (بقیہ نمبر 14 صفحہ اندرون پر)

لاہور، جناح ہاؤس حملے کے ملزموں پر فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر

لاہور (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کو جناح ہاؤس پر ہونے والے حملے میں ملوث ملزمان پر فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج نے کوٹ لکھپت جیل (بقیہ نمبر 16 صفحہ اندرون پر)

لاہور، خاتون و ڈرائیور کے قتل میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علاقے باٹا پور میں پولیس نے خاتون اور اسکے ڈرائیور کے قتل میں ملوث تین ملزمان کو ایک سال بعد گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے پرانی دشمنی پر گزشتہ سال مقدس (بقیہ نمبر 17 صفحہ اندرون پر)

پختونخوا میں نیا اسکینڈل، سرکاری ادائیگیوں کے ذریعے 16 ارب 50 کروڑ نکالنے کا انکشاف

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں 40 ارب روپے کے کوہستان اسکینڈل کے بعد ایک اور بڑا انکشاف سامنے آیا ہے۔ ایک نئی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ خیبر پختونخوا بھر کے اکاؤنٹنٹ جنرل نے 2016 سے اپریل 2025 کے دوران پبلک ورکس ہیڈ G10113 سے 29 اضلاع میں 16 ارب 54 کروڑ روپے کی زائد ادائیگیاں کی گئیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا عجائب گھر کے عالمی دن (DayMuseumInternational) پر پیغام

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عجائب گھر کے عالمی دن (DayMuseumInternational) پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عجائب گھر محض اینٹوں اور پتھروں کی عمارتیں نہیں بلکہ اقوام کی یادداشت، تہذیبی شعور و تاریخ کے محافظ ہوتے ہیں۔ عجائب گھر ماضی اور حال کے درمیان ایک پل ہیں۔ پنجاب کے میوزیم تاریخی و نایاب ذخائر اور دنیا کے مختلف خطوں کی ثقافت کے مراکز ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اُن تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو ورثے کے تحفظ، تحقیق میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میوزیم ہمیں اپنی تہذیب، فنون، اقدار اور جدوجہد کی جھلک دکھاتے ہیں۔

چیئرمین الحمراء رضی احمد، ایگزیکٹو ڈائریکٹر توقیر حیدر الحمراء ینگ آرٹسٹ نمائش کی افتتاحی تقریب کے موقع پر نامور ماہر تعلیم نگہت علی کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں

اللہ بخش آرٹ گیلری میں 20 سالانہ الحمراء ینگ آرٹسٹ 6 نمائش کا انعقاد

زلیخا احمد مندوخیل، لبیہ عابد، علی لاریب، رافع تالپور، معیز احمد نے نمایاں پوزیشن حاصل کیں

لاہور (خبر نگار) اللہ بخش آرٹ گیلری میں 20 سالانہ الحمراء ینگ آرٹسٹ نمائش کا انعقاد ہوا۔ نامور ماہر تعلیم نگہت علی نے نوجوان آرٹسٹوں کے ہمراہ نمائش کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر چیئرمین الحمراء رضی احمد اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر و دیگر بھی موجود تھے۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے نگہت علی کو نوجوان آرٹسٹوں کا کام دکھایا، نگہت علی نے نوجوانوں کے فن پاروں میں گہری دلچسپی لی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر نے نمائش میں نمایاں (بقیہ نمبر 22 صفحہ اندرون پر)

پاکستان امن پسند ملک ہے: محمد جاوید قصوری

آپریشن بنیان مرصوص پر بھارت کی چیخیں پوری دنیا نے سنی، ملکی سلامتی کو سمجھوتہ نہیں کریں گے

بھارتی جارحیت کے خلاف پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شرکاء سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وصدر ملی یکجہتی کونسل پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ''آپریشن بنیان مرصوص'' پر بھارت کی چیخیں پوری دنیا نے سنی اور رافیل کو تباہ ہوتے دیکھا ہے۔ ''گودی میڈیا'' نے صرف اور صرف اپنی ٹی آر پی کی خاطر ہندوستان کے عوام کو بے وقوف بنایا، اشتعال انگیزی پھیلائی اور مودی حکومت کو تاریخی نقصان پہنچایا ہے۔ ملی یکجہتی کونسل پنجاب کے زیر اہتمام 22 مئی کو لاہور میں دفاع وطن و قومی یکجہتی کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا جس میں پاک فوج کے کامیاب ''آپریشن بنیان مرصوص'' کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار منصورہ میں دفاع وطن و قومی یکجہتی کانفرنس (بقیہ نمبر 24 صفحہ اندرون پر)

انقرہ: ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کو ترک زبان بولنے والوں کی دوسری نیورو موڈیولیشن کانگریس کے موقع پر شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

چین نے معاشی ترقی میں قابل ذکر کامیابیاں حاصل کی، کولمبیا

آج کی دنیا میں جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں چین نے اہم کردار ادا کیا

بیجنگ (این این آئی) کولمبیا کے صدر گستاوو پیٹرو نے چین میں ہونے والی چین۔ لاطینی امریکا فورم کی چوتھی وزارتی کانفرنس میں شرکت کی۔ کولمبیا کے صدر نے چائنا میڈیا گروپ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ چین نے معاشی ترقی اور غربت کے خاتمے میں قابل ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں، کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا ہے اور عالمی سطح پر غربت کے خاتمے میں زبردست پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی دنیا میں جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں چین نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل معیشت اور صاف توانائی کو یکجا کرنے کی چین کی صلاحیت مستقبل میں عالمی معیشت کا مرکز بنے گی اور دنیا ایک نئی سماجی شکل میں داخل ہو سکتی ہے۔ کولمبیا کے صدر نے کہا کہ رواں سال چین۔ لاطینی امریکا فورم کے قیام کی دسویں سالگرہ ہے گزشتہ 10 سال میں، چین اور لاطینی امریکا نے سامان کی تجارت میں نمایاں پیش رفت کی

ملک بھر میں سورج آگ برسانے لگا، ہیٹ ویو الرٹ جاری

وفاق بجٹ سے پہلے ضم شدہ اضلاع کے فنڈز منتقل کرے، بیرسٹر سیف

وفاق نے ضم شدہ اضلاع کا مالی حصہ غیر قانونی طور پر اپنے پاس رکھا ہوا ہے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت بجٹ سے قبل قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس بلا کر خیبر پختونخوا کو ضم شدہ اضلاع کا حصہ فوری طور پر منتقل کرے۔ ایک بیان میں انہوں نے زور دیا کہ نیٹ ہائیڈل منافع کے بقایاجات بھی بجٹ سے پہلے ادا کیے جائیں تاکہ صوبہ ان فنڈز کو ضم شدہ اضلاع کی ترقی میں بروئے کار لا سکے، وفاق نے ضم شدہ اضلاع کا مالی حصہ غیر قانونی طور پر اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت آئندہ بجٹ میں ضم شدہ اضلاع کے لیے ریلیف پیکج تیار کر رہی ہے، لیکن وفاقی تاخیر اس میں رکاوٹ بن رہی ہے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے ضم شدہ اضلاع کے مالیاتی مسائل اور نیٹ ہائیڈل منافع سے متعلق وزیر اعظم کو دو الگ خط بھیجے، تاحال کوئی جواب نہیں ملا۔

جنوبی وزیرستان میں جرگہ، سکیورٹی فورسز پر مکمل اعتماد کا اظہار

کامیابی پر قبائلی مشران کا اہم جرگہ، معززین، علماء کرام اور نوجوانوں کی بھرپور شرکت

وانا (بیورو رپورٹ) جنوبی وزیرستان (وانا) میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر قبائلی مشران کا جرگہ منعقد ہوا۔ جرگے میں مقامی کمانڈر اور مشران نے شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کی اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جرگہ میں گرگورے اور غنڈک کے زمینی تنازعات کے پرامن حل پر زور دیا گیا اور مشران سے کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی۔ ملکان و مشران نے (بقیہ نمبر 13 صفحہ اندرون پر)

سرینگر، 23 نوجوانوں کیخلاف کالے قانون کے تحت مقدمہ درج

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد سے 3 ہزار سے زائد کشمیری گرفتار

سرینگر (بیورو رپورٹ) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے حریت پسند عوام کو ہراساں کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، چھاپوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی پولیس نے صرف سرینگر میں مزید 23 نوجوانوں کے (بقیہ نمبر 18 صفحہ اندرون پر)

تنخواہ دار طبقہ 500 ارب اور حکمران طبقہ صرف 5 ارب ٹیکس دیتا ہے، ضیاء الدین انصاری

حکومت نئے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تمام سلیبز پر ریلیف دے، عام آدمی کو ریلیف دیکر وڈیروں، جاگیرداروں اور امیر طبقے کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے

ٹیکس نیٹ بڑھا کر اور مثبت اصلاحات کر کے مہنگائی کی چکی میں پسی عوام سے ٹیکسز کا بوجھ کم کیا جا سکتا ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کی نئے مالی سال کے بجٹ کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو



امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکمران طبقہ پورے سال میں صرف 5 ارب روپے ٹیکس دیتا ہے جبکہ تنخواہ دار طبقے سے وابستہ افراد 500 ارب روپے سے زائد کا ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔ حکومت نئے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تمام سلیبز پر ریلیف دے۔ عام آدمی کو ریلیف دیکر وڈیروں، جاگیرداروں اور امیر طبقے کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ انکم ٹیکس آرڈیننس اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ کی مختلف شقوں میں نیک نیتی کیساتھ ترامیم کر کے ٹیکس نیٹ بڑھا کر اور مثبت اصلاحات (بقیہ نمبر 10 صفحہ اندرون پر)

میڈیا کے مثبت کردار سے اتحاد پیدا ہوتا ہے، آئی جی ایف سی

میجر جنرل عابد مظہر کا کوہلو میں میڈیا ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب

کوہلو (بیورو رپورٹ) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر کا کہنا ہے کہ میڈیا کے مثبت کردار سے قوم میں ہم آہنگی اور اتحاد پیدا ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوہلو میں ایف سی کی جانب سے منعقدہ میڈیا ورکشاپ کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میڈیا آگاہی ورکشاپ میں مقامی 40 صحافیوں (بقیہ نمبر 67 صفحہ اندرون پر)

پرمٹ کے بغیر حج غیر شرعی و گناہ تصور ہوگا، مفتی اعظم

کسی کے پاس اجازت نامہ موجود نہیں تو وہ شریعت کی رو سے مستطیع ہی نہیں، مصر کے مفتی اعظم ڈاکٹر نظیر عیاد

قاہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مصر کے مفتی اعظم ڈاکٹر نظیر عیاد نے واضح کیا ہے کہ سعودی عرب کی سرکاری اجازت کے بغیر حج ادا کرنا نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ شرعاً بھی ناجائز ہے۔ مصری خبر رساں ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ولی امر کی اطاعت اسلام کا بنیادی اصول ہے، اور جب اجازت نامے کا حصول عوامی مفاد کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہو تو اس کی خلاف ورزی گناہ کے زمرے میں آتی ہے۔ ان کے مطابق جو (بقیہ نمبر 12 صفحہ اندرون پر)

نصر من اللہ و فتح قریب

سجادہ نشین پیر سید ادریس شاہ زنجانی "پاک فوج زندہ باد کانفرنس" کے موقع پر شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کروا رہے ہیں

پاکستانی نجی ایئر لائن ایئر سیال کا دبئی کے لیے بین الاقوامی فلائٹ آپریشن کا باقاعدہ اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستانی نجی ایئر لائن ایئر سیال نے دبئی کے لیے اپنے بین الاقوامی فلائٹ آپریشن کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ ایئر سیال کی دبئی پروازیں 2 جولائی 2025 سے شروع کی جائیں گی جن کا آغاز لاہور اور اسلام آباد سے ہوگا۔ ایئر لائن حکام کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ اندرون پر)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 20 مئی کو سرگودھا آئیں گی

سرگودھا (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 20 مئی بروز منگل کو سرگودھا آئیں گی جس اپنے متوقع دورہ سرگودھا پر یونیورسٹی آف سرگودھا کی تقریب (بقیہ نمبر 9 صفحہ اندرون پر)

فیصل ٹاؤن میں خواجہ سراء کو قتل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ فیصل ٹاؤن میں خواجہ سراء کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول خواجہ سراء کی شناخت دانش عرف پلوشہ کے نام سے ہوئی ہے جسے تیز دھار آلہ سے گلہ کاٹ (بقیہ نمبر 8 صفحہ اندرون پر)

سعودی شیف کا عالمی سطح پر مملکت کے کھانوں کی نمائش کا عزم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے کھانوں کی عالمی سطح پر نمائش کے لیے ایوارڈ یافتہ سعودی شیف پر عزم ہیں۔ سعودی شیف مریم مروان عتیق اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور مملکت کے کھانوں کو عالمی سطح تک لے جانے کے عزم کے حوالے سے مشہور ہیں۔

پاکستان ایک نئی اڑان بھرنے کو تیار ہے، احسن افضل

پائیدار ترقی کیلئے ملک میں امن و استحکام کی فضاء پیدا کرنی ہوگی، رہنما مسلم لیگ (ن)

رائے ونڈ (ایریا رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ (ن) لیگ نے اپنی سیاست داؤ پر لگا کر ملک کو دوبارہ مستحکم کیا ہے، ملک اب ایک نئی اڑان بھرنے کو تیار ہے، پائیدار ترقی کے لئے ہمیں اپنے ملک میں امن و استحکام کی فضاء پیدا کرنی ہوگی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 1947 میں مملکت خداداد پاکستان بہت (بقیہ نمبر 7 صفحہ اندرون پر)

گاڑیوں پر 15 سے 90 فیصد تک ڈیوٹی میں 20 فیصد کمی کی تجویز

اگر یہ منظور ہو جاتا ہے تو پاکستان میں کار کی قیمت میں نمایاں کمی دیکھی جائے گی، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے اہم خبر آ گئی، جس سے عوام کو فائدہ ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025-26 کے آئندہ بجٹ میں طویل وقفے کے بعد پاکستان میں کاروں کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ توقع ہے کہ وفاقی حکومت بجٹ 2025-226 جون کو پیش کرے گی تاہم بین الاقوامی (بقیہ نمبر 6 صفحہ اندرون پر)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے، صدر ریاست

جب تک مسئلہ کشمیر کو حل نہیں کیا جاتا تب تک جنوبی ایشیاء میں جنگ کے بادل منڈلاتے رہیں گے، بیرسٹر سلطان محمود چوہدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ پاک افواج نے بھارت کے غرور اور جنگی جنون کو خاک میں ملایا ہے بھارت کی انتہاء پسند مودی حکومت نے جنگی جارحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان اور آزاد کشمیر پر حملہ کیا جس پر ہماری بہادر مسلح افواج نے منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارت کے رافیل طیارے مار گرائے اور بھارت کے ایئر بیسز کو تباہ کیا جس پر پوری قوم پاک فوج کو اس بہادری اور جرات پر سلام پیش کرتی ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے جب تک مسئلہ کشمیر کو حل نہیں کیا جاتا تب تک جنوبی ایشیاء میں جنگ کے بادل منڈلاتے رہیں گے جو کہ جنوبی ایشیاء کے امن کے لئے خطرے کا باعث ہے اس لئے انٹرنیشنل کمیو (بقیہ نمبر 40 صفحہ اندرون پر)

لاہور: جیلانی پارک میں شہری صبح کی سیر کر رہے ہیں

ڈنمارک، افواج پاکستان کیساتھ یکجہتی کیلئے پاکستانی، کشمیری کمیونٹی کا عظیم الشان اجتماع

ڈنمارک (نیٹ نیوز) ڈنمارک میں افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی اور یوم تشکر منانے کے لیے پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کا ایک عظیم الشان اجتماع انعقاد پذیر ہوا جس میں بھارت کیخلاف جنگ میں فتح کا جشن منایا گیا۔ ای یو پاک فرینڈ شپ فیڈریشن ڈنمارک (بقیہ نمبر 20 صفحہ اندرون پر)

اعلان تقرری

نویدہ بخاری کو ڈویژنل بیورو چیف

محمد پرویز مغل کو سٹی بیورو چیف

0300-7793068

گوجرانوالہ 0302-6898976

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ